# حال احوال

تاریخ وار ملکی اور غیر ملکی زرعی خبریں، جنوری تا اپریل 2014

## جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہ ہو روزی

روٹس فار ایکوٹی

2014

# حال احوال

تاریخ وار ملکی اور غیر ملکی زرعی خبریں، جنوری تا اپریل 2014

تحریر و ترتیب
صبیحہ حسن

جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہ ہو روزی

2014

# فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | عنوان |
| --- | --- |
| vii | مخففات |
| xii | ابتدائیہ |
| 1-125 | الف۔ ملکی زرعی خبریں |
| 1-32 | I۔ زرعی مواد |
| 1 | زمین |
| 10 | پانی |
| 29 | بیج |
| 32-39 | II۔ زرعی مداخل |
| 32 | قدرتی یا صنعتی زراعت |
| 33 | کھاد |
| 36 | زرعی مشینری |
| 38 | زرعی ادویات |
| 38 | زرعی تحقیق |
| 39-51 | III۔ غربت اور غذائی تحفظ |
| 39 | غربت |
| 48 | غذائی تحفظ |
| 51-68 | IV۔ غذائی اور نقدآور فصلیں |
| 51 | غذائی فصلیں |
| 67 | نقدآور فصلیں |

| | |
|---|---|
| زرعی ٹیکس | 68 |
| V۔ تجارت | 68-85 |
| برآمدات | 69 |
| درآمدات | 80 |
| ایگری بزنس | 84 |
| VI۔ کارپوریٹ شعبہ | 86-90 |
| کھاد کی کمپنیاں | 86 |
| زرعی مشینری | 87 |
| غذائی کمپنیاں | 88 |
| VII۔ مال مویشی، ماہی گیری اور پولٹری | 90-95 |
| مال مویشی | 90 |
| ماہی گیری | 93 |
| پولٹری | 94 |
| VIII۔ ماحول | 95-107 |
| زمین | 96 |
| پانی | 103 |
| IX۔ موسمی تبدیلی | 108-113 |
| سبز معیشت | 109 |
| X۔ قدرتی بحران | 113-122 |
| خشک سالی | 113 |
| زلزلہ | 120 |
| سیلاب | 121 |

| | |
|---|---|
| XI۔ مزاحمت | 122-125 |
| واجبات | 122 |
| مراعات | 123 |
| جبری مشقت | 124 |
| ماہی گیری | 124 |
| آزاد تجارت | 124 |
| معاوضہ | 125 |
| خشک سالی | 125 |
| ب۔ عالمی زرعی خبریں | 126-153 |
| I۔ زرعی مواد | 126-127 |
| پانی | 126 |
| II۔ زرعی مداخل | 127-128 |
| زرعی ادویات | 127 |
| زرعی تحقیق | 128 |
| III۔ غربت اور غذائی تحفظ | 128-132 |
| غربت | 128 |
| غذائی تحفظ | 129 |
| زرعی قرضے | 132 |
| IV۔ غذائی اور نقد آور فصلیں | 133-134 |
| غذائی فصلیں | 133 |
| نقد آور فصلیں | 133 |
| V۔ تجارت | 134-136 |
| برآمدت | 134 |

| | |
|---|---|
| درآمدات | 135 |
| VI۔ کارپوریٹ شعبہ | 136-138 |
| غذائی کمپنیاں | 136 |
| VII۔ مال مویشی، ماہی گیری اور پولٹری | 138-139 |
| مال مویشی | 138 |
| ماہی گیری | 139 |
| پولٹری | 139 |
| VIII۔ ماحول | 139-144 |
| زمین | 140 |
| پانی | 142 |
| فضاء | 143 |
| IX۔ موسمی تبدیلی | 144-150 |
| سبز معیشت | 147 |
| X۔ قدرتی بحران | 150-152 |
| طوفان / برفباری | 150 |
| سیلاب | 151 |
| جنگلی آگ | 151 |
| قحط | 151 |
| خشک سالی | 152 |
| XI۔ مزاحمت | 152-153 |
| مراعات | 152 |
| تابکاری | 153 |

## Acronyms / مخففات

| | |
|---|---|
| AARI | Ayub Agricultural Research Institute |
| ABAD | Agency for Barani Areas Development |
| ACC | Awami Action Committee |
| ADB | Asian Development Bank |
| APEDA | The Agriculture and Processed Food Products Export Development Authority |
| APTMA | All Pakistan Textile Mills Association |
| ASF | Agribusiness Support Fund |
| ASLP | Agriculture Sector Linkages Program |
| BERCHW | Beijing Engineering Research Center for Hybrid Wheat |
| BGA | Basmati Growers Association |
| BISP | Benazir Income Support Program |
| BoR | Board of Revenue |
| CCI | Council of Common Interests |
| CDA | Capital Development Authority |
| CDWP | Central Development Working Party |
| CEO | Chief Executive Officer |
| CETP | Common Effluent Treatment Plant |
| CITES | Convention on International Trade in Endangered Species |
| CPS | Country Partnership Strategies |
| CSR | Corporate Social Responsibility |
| CSSR | Collective for Social Science Research |
| DAC | Diamer Action Committee |
| DAP | Diammonium Phosphate |
| DCO | District Coordination Office |
| DHA | Defense Housing Authority |
| EBC | Exim Bank of China |
| ECNEC | The Executive Committee of the National Economic Council |
| EIA | Environmental Impact Assessment |
| EIB | European Investment Bank |
| EPA | Environmental Protection Agency |
| FAO | Food and Agriculture Organization |
| FAP | Farmers Associates Pakistan |
| FBR | Federal Board of Revenue |
| FCS | Fisheries Cooperative Society |

| | |
|---|---|
| FICF | Financial Innovation Challenge Fund |
| FIF | Friends of Indus Forum |
| FMPAC | Fertilizer Manufacturers Pakistan Advisory Council |
| GBR | Great Barrier Reef |
| GDP | Gross Domestic Product |
| GGI | Green Growth Initiative |
| GIDC | Gas Infrastructure Development Cess |
| GSB | Government Saving Bank |
| GSP | Generalized System of Preferences |
| GST | General Sales Tax |
| HANDS | Health and Nutrition Development Society |
| HCFCs | Hydrochlorofluorocarbons |
| HIES | Household Integrated Economic Survey |
| HWT | Hot Water Treatment |
| ICA | International Court of Arbitration |
| ICAC | International Cotton Advisory Committee |
| ICJ | International Court of Justice |
| ICT | Islamabad Capital Territory |
| IDA | International Development Association |
| IEA | International Energy Agency |
| IED | Improvised Explosive Device |
| IFPRI | International Food Policy Research Institute |
| IHC | Islamabad High Court |
| IPCC | Intergovernmental Panel on Climate Change |
| IRSA | Indus River System Authority |
| ITC | International Trade Commission |
| IUB | Islamia University of Bahawalpur |
| IUCN | International Union for Conservation of Nature |
| JICA | Japan International Cooperation Agency |
| KATI | Korangi Association of Trade and Industry |
| KFC | Kentucky Fried Chicken |
| KFHA | Karachi Fisheries Harbour Authority |
| KPCCI | Khyber Pakhtunkhwa Chamber of Commerce and Industry |
| KPK | Khyber Pakhtunkhwa |
| KPT | Karachi Port Trust |
| KRGG | Karachi Retail Grocers Group |
| LANSA | Leveraging Agriculture for Nutrition in South Asia |
| LCCI | Lahore Chamber of Commerce and Industry |
| LUD | Land Use Department |

| | |
|---|---|
| MAF | Million Acre Feet |
| MDA | Malir Development Authority |
| MDGs | Millennium Development Goals |
| MFN | Most Favoured Nation |
| MFT | Micro Finance Transparency |
| MMBtu | 1million British Thermal Unit |
| MNFSR | Ministry of National Food Security and Research |
| MPI | Multi-dimensional Poverty Index |
| MSDP | Municipal Services Delivery Program |
| MTDF | Medium Term Development Framework |
| NAB | National Accountability Bureau |
| NAS | National Academy of Science |
| NBC | National Biosafety Centre |
| NDMA | National Disaster Management Authority |
| NEPRA | National Electric Power Regulatory Authority |
| NHK | Nestle Healthy Kids |
| NHN | National Humanitarian Network |
| NHP | Net Hydel Profit |
| NOC | No Objection Certificate |
| NSC | National Security Council |
| NSP | Nutrition Support Program |
| NSUSC | North Sindh Urban Services Corporation |
| NTDC | National Transmission & Despatch Company |
| NWS | National Weather Service |
| OGDC | Oil and Gas Development Company |
| PAAPAM | Pakistan Association of Automotive Parts & Accessories Manufacturers |
| PAEC | Pakistan Atomic Energy Commission |
| PARC | Pakistan Agricultural Research Council |
| PASSCO | Pakistan Agricultural Storage and Services Corporation |
| PBS | Pakistan Bureau of Statistics |
| PCGA | Pakistan Cotton Ginners' Association |
| PCIW | Pakistan's Commission of Indus Waters |
| PCP | Planning Commission of Pakistan |
| PCRWR | Pakistan Council of Research in Water Resources |
| PDI | Participatory Development Institute |
| PEFSA | Pakistan Emergency Food Security Alliance |
| PEPA | Pakistan Environmental Protection Act |
| PFA | Punjab Food Authority |
| PFEA | Pakistan Fisheries Exporters Association |

| | |
|---|---|
| PFF | Pakistan Fisherfolk Forum |
| PFMA | Pakistan Floor Mills Association |
| PFPA | Pakistan Fruit Processing Association |
| PFVA | All Pakistan Fruit and Vegetable Exporters Importers and Merchant Association |
| PHDEC | Pakistan Horticulture Development and Export Company |
| PIJBF | Pakistan India Joint Business Form |
| PKI | Pakistan Kissan Etihad |
| PPA | Pakistan Poultry Association |
| PPAF | Pakistan Poverty Alleviation Fund |
| PPD | Public Private Dialogue |
| PPRA | Public Procurement Regulatory Authority |
| PQA | Port Qasim Authority |
| PRF | Pakistan Relief Foundation |
| PRSP | Poverty Reduction Strategy Paper |
| PTCL | Pakistan Telecommunication Company Limited |
| PVMA | Pakistan Venaspati Manufacturers' Association |
| REAP | Rice Exporters Association of Pakistan |
| RRC | Ravi River Commission |
| RRUDP | Ravi River Front Urban Development Project |
| SAC | South Asian Cities |
| SBP | State Bank of Pakistan |
| SCA | Sindh Chamber of Agriculture |
| SDO | Small Dam Organization |
| SDPI | Sustainable Development Policy Institute |
| SEARCH | Society for Environmental Actions, Reconstruction and Humanitarian Response |
| SECMC | Sindh Engro Coal Mining Company |
| SECP | Securities and Exchange Commission of Pakistan |
| SEIS | Solar Energy Irrigation System |
| SEPA | Sindh Environmental Protection Agency |
| SHC | Sindh High Court |
| SMB | Solar Magic Box |
| SMEs | Small and Medium Enterprises |
| SUCBPR | Sindh Union Council Based Poverty Reduction Program |
| SUPARCO | Space and Upper Atmosphere Research Commission |
| TCP | Trading Corporation of Pakistan |
| TDAP | Trade Development Authority of Pakistan |

| | |
|---|---|
| TEDDS | Trust for Education and Development of Deserving Students |
| TRTA | Trade- Related Technical Assistance |
| TVET | Technical and Vocational Education and Training |
| UAF | University of Agriculture Faisalabad |
| UK aid | United Kingdom Aid for International Development |
| UNDP | United Nations Development Program |
| UNICEF | United Nations Children's Fund |
| UNISAME | Union of Small and Medium Enterprises |
| USAID | United States Agency for International Development |
| USDA | US Department of Agriculture |
| UVAS | University of Veterinary and Animal Sciences |
| WAPDA | Water and Power Development Authority |
| WASA | Water and Sanitation Agency |
| WFFP | World Forum of Fisher People |
| WFP | World Food Program |
| WHO | World Health Organization |
| WHP | World Heritage Protection |
| WTO | World Trade Organization |

# ابتدائیہ

جنوری سے اپریل 2014 تک کی خبروں کا جائزہ لینے کے بعد جو حقائق سامنے آئے ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے کہ کسان اور کسان مزدوروں کے گرد زمین تنگ سے تنگ ہوتی جارہی ہے۔

ہیں تلخ بہت بندہ مزدور کے اوقات

بڑے پیمانے پر زرعی زمینوں کو رہائشی اور ترقیاتی منصوبوں، پن بجلی منصوبوں، فوجی چھاؤنیوں اور کارپوریٹ فارمنگ کے لیے ہتھیایا جارہا ہے۔ حکومت کی طرف سے زمینوں کی تقسیم کا خیراتی عمل اگرچہ تھوڑا بہت جاری ہے لیکن زمینی اصلاحات کا نعرہ لگانے والوں کی سرگرمیاں کچھ سرد پڑ گئی ہیں۔

مزدوروں کو جبری مشقت سے آزاد کرانے کا عمل بھی اب سست نظر آتا ہے۔ اس حوالے سے زمینی حقائق بھی ایک نیا رخ اختیار کررہے ہیں۔ ایک خبر کے مطابق 29 جنوری کو وزیر بہبود آبادی سندھ اور کچھ زمینداروں کے فارم پر عمرکوٹ ڈسٹرکٹ سیشن جج کے حکم پر چھاپہ مار کر 82 کسانوں کو آزاد کرایا گیا۔ اس کے بعد وزیر بہبود آبادی اور پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کے ایک سینٹر سمیت دیگر زمینداروں نے جبری مشقت کے حوالے سے عدالت کے فیصلوں اور بڑھتے ہوئے پولیس چھاپوں کو زرعی شعبے کے خلاف سازش قرار دیتے ہوئے ایک ادارہ تشکیل دے کر اس کے خلاف آواز اٹھانے کا اعلان کیا اور نجی جیلوں کے معاملے کو ڈرامہ قرار دیا جو ان کسان خاندانوں کے لیے رچایا جارہا ہے جنھوں نے زمینداروں سے قرض لے کر ادا نہیں کیا۔ اگر ''قرض'' کو وجہ مان بھی لیا جائے تو اس تلخ حقیقت سے کون انکار کرسکتا ہے کہ ہمارے کسانوں کی کثیر تعداد زمین سے محروم ہے اور وہ کسان جن کے پاس تھوڑی بہت زمین ہے وہ قرض لے کر کاشت شروع کرتے ہیں۔ کسانوں کے پاس صنعتی زراعت کے مداخل کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ادا کرنے کے لیے مطلوبہ رقم نہیں ہوتی۔ صنعتی زراعت کو ایوب خان کے زمانے میں سبز انقلاب کے نام

پر متعارف کرایا گیا۔ حکومت نے یوریہ، زرعی ادویات اور مشینری کے استعمال کو فروغ دینے کے لیے بھاری زرتلافی دیکر کسانوں کو اس طرف راغب کیا تا کہ وہ خودمختار زراعت کو چھوڑ کر محتاج زراعت کو اپنائیں۔ اس مد میں امریکہ نے شروع میں پاکستان کو بڑی فراخدلی سے قرضے دینے شروع کئے اور آج تقریباً 50 سال کے بعد جب زمینیں مصنوعی زہریلی کھاد کے بعد بغیر پیداوار دینے سے قاصر ہیں تو کسانوں کو مائکرو کریڈٹ کے اداروں کے رحم و کرم پر چھوڑ کر زرتلافی ختم کی جارہی ہے تا کہ حکومت اپنے اخراجات میں کمی کر کے قرضوں پر سود کی قسطوں کی ادائیگی کرنے کے قابل ہو۔ کیا زبردست جال ہے جس کے تانے بانے 1960 کی دہائی میں بنُے گئے! اس عالمی ایجنڈے کو آگے بڑھانے کے لیے ہر فوجی آمر نے اس جال کو مظبوط کیا ہے چاہے وہ ضیاء الحق ہو یا مشرف۔ جمہوریت اسی لیے اہم ہوتی ہے کیونکہ اس میں حکومت عوام کے سامنے جوابدہ ہوتی ہے۔

قومی سطح پر افسوس کا مقام ہے کہ ''سبز انقلاب'' کے پچاس سال گزرنے کے بعد بھی ترقی کا ضامن سمجھے جانے والے اس ماڈل کا تنقیدی جائزہ تک نہیں لیا گیا۔ 25 اپریل کو گورنر پنجاب چودھری محمد سرور نے ایوب ایگریکلچرل ریسرچ انسٹیٹیوٹ میں پاک امریکہ زرعی تعلقات کے 50 سال اور ڈاکٹر نورمن ای بورلاگ جنہیں سبز انقلاب کا ''باپ'' کہا جاتا ہے کی سو سالہ سالگرہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ''حکومت پنجاب مونسانٹو کے تعاون سے کپاس کے نئے بیج متعارف کرانے پر غور کررہی ہے جس سے کپاس کی پیداوار 13 سے 26 ملین گانٹھیں ہو جائے گی''۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پنجاب حکومت کوشش کررہی ہے کہ ''پائیدار ترقی کے زریعے سبز انقلاب لائے''۔ پالیسیز کی اس سطح پر اندھی تقلید ہمارے حکمرانوں کی عوامی مسائل کے حوالے سے بے حسی کا کھلا ثبوت ہے۔ صوبہ خیبر پختون خواہ میں بھی اسمبلی کے ذریعے خاموشی سے ''سیڈ ایکٹ'' منظور کروانے کی کوشش کی گئی تھی جس کے بعد عالمی کمپنیوں کی بیج کی صنعت پر اجارہ داری پوری طرح قائم ہو جاتی اور صوبے کا اپنا مکئی کا بیج ناپید ہو جاتا لیکن بروقت عوامی مداخلت نے اس کوشش کو کامیاب نہیں ہونے دیا۔

آج غذائی کمی کی شکار پاکستانی عوام کو ''غذائی تحفظ'' مائکرو نیوٹرنٹ کے زریعے دئے جانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ اگر ان کے پاس پینے کو صاف پانی نہیں تو حکومت فلٹریشن پلانٹ پر زرمبادلہ خرچ

کرتی نظر آتی ہے، اگر پانی کھیتوں میں ضائع ہوتو ''ڈرپ'' اور ''اسپرنکلر'' طریقہ زراعت کو فروغ دینے کی سرتوڑ کوشش کی جاتی ہے۔ اگر اس استحصالی نظام نے ہمیں موسمی تبدیلیوں کے بحران میں مبتلا کر دیا ہے تو سبز معیشت کو فروغ دے کر ہمیں اس سے نکالنے کی تدبیر کی جاتی ہے۔ آخر ان عوامی مسائل سے ہمیں نکالنے کے لیے یہ سارے حل کہاں سے آ رہے ہیں؟ ہماری حکومتوں کو ان پالیسیز پر عمل درآمد کے عوض امداد ملتی ہے پھر ان اشیاء کو مراعات دے کر عام کیا جاتا ہے اور جب عوام ان کے عادی ہو جاتے ہیں تو بڑھتی ہوئی قیمتوں کے باوجود مراعات واپس لے لی جاتی ہیں۔ کارپوریٹ شعبے کا اپنی پالیسیوں کو فروغ دینے کا یہ عالمی طریقہ ہے جس سے وہ اپنے جلد منافع کمانے کے مقاصد حاصل کر لیتا ہے لیکن عوامی مسائل اور گھمبیر ہو کر سامنے آتے ہیں اور پھر کوئی نیا جال بنا جاتا ہے۔ یوں عوام کا خون چوسنے والا استحصالی نظام اپنے شکار کو ہمیشہ اپنے پنجوں میں جکڑے رکھنے کا انتظام کرتا ہے۔

1995 میں ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن (WTO) کے قیام نے آزاد تجارت کے نام پر کارپوریٹ شعبے کے مفادات کو قانونی تحفظ دینے کا بندوبست کیا۔ اس عالمی معاہدے کو ''کارپوریٹ بل آف رائٹس'' کہا جاتا ہے۔ 1995 کے بعد سے امیر اور غریب کے درمیان فرق اتنا بڑھ گیا ہے کہ اب خود ورلڈ اکنامک فورم نے آنے والے سالوں میں اس فرق کو سب سے بڑا عالمی خطرہ قرار دے دیا ہے۔ آکسفیم (Oxfam) کی رپورٹ کے مطابق دنیا کی آبادی کے ایک فیصد امیر ترین لوگوں کے پاس دولت کا تخمینہ 110 ٹریلین ڈالر ہے جو غریب ترین افراد کی کُل آمدنی سے 65 گناہ زیادہ ہے۔ بھارت کے نیشنل کرائم بیورو کے مطابق 1995 سے اب تک بھارت میں 290,000 کسانوں نے خودکشی کی ہے۔ اگرچہ بیورو نے اس کی وجہ نہیں بتائی لیکن یہ عام خیال ہے کہ زیادہ تر کسانوں نے قرضوں کے بوجھ سے تنگ آ کر ایسا کیا۔ 1997 میں جب بھارت میں منڈی اصلاحات کی ابتداء ہوئی تو کسانوں کو دی جانے والی مراعات کم کر دی گئیں۔ کسانوں نے نئے خطرات مول لے کر تجارتی فصلیں اگانا شروع کر دیں اور ساتھ ساتھ (عالمگیریت کے دھوکے میں) اپنے لیے بہتر زندگی اور بچوں کو تعلیم دلانے کے خواب دیکھنے شروع کر دئے۔ اخراجات پورے کرنے کے لیے اس امید پر قرضے لینے شروع کر دئے کہ فصل اچھی ہوگی تو قرضے ادا ہو جائیں گے لیکن نتیجہ خودکشی کی صورت سامنے آیا۔ شوہر بیوی کے بعد اب بچے اس جال میں

پھنس چکے ہیں۔

پاکستان میں نیوٹریشن سروے 2013 کے مطابق 60 فیصد پاکستانی غذائی عدم تحفظ کا شکار ہیں، 50 فیصد عورتیں اور بچے غذائی کمی کا شکار ہیں، پانچ سال سے کم عمر بچوں کی 35 فیصد اموات کا تعلق غذائی کمی سے ہے جبکہ پانچ سال سے کم عمر بچوں کی تقریباً آدھی تعداد کی نشو و نما پست ہے۔ تھرپارکر، سندھ میں خشک سالی، غربت، غذائی عدم تحفظ اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی بیماریوں اور حکومتی نااہلی کو جب ذرائع ابلاغ کے ذریعے منظر عام پر لایا گیا اور جب سپریم کورٹ نے اس کا نوٹس لیا تو یہ بحرانی صورتحال سامنے آئی ورنہ پاکستان کا ہر غریب کم و بیش ایسے ہی مسائل میں گرفتار ہے۔ کسان کو اپنی محنت کا پھل کھانا نصیب نہیں کیونکہ اس طریقہ زراعت نے خود اسے بے اختیار بنا دیا ہے۔ وہ غذا اتنی وافر مقدار میں پیدا کرتا ہے کہ آج دنیا کے کونے کونے میں اسے برآمد کیا جارہا ہے لیکن اتنی پیداوار کے بعد کسان کے ہاتھ میں کچھ نہیں رہتا۔ یہاں صرف گندم کی مثال ہی لے لیں جس پر حکومت زرتلافی دیتی ہے اس کی امدادی قیمت کا اعلان اتنی دیر سے ہوتا ہے کہ کسان بوائی کرچکے ہوتے ہیں اور قیمت اتنی کم ہوتی ہے کہ کسان مداخل کی بڑھتی ہوئی قیمتیں بھی ادا نہیں کرسکتے، باردانہ اتنی تاخیر سے تقسیم ہوتا ہے کہ کسان فصل کو حکومت کی مقرر کی گئی قیمت سے کم پر بیچنے پر مجبور ہوتے ہیں۔

اگرچہ کسانوں نے اپنے مذاحمتی کردار کو ابھی تک مربوط نہیں کیا ہے لیکن چار مہینوں کے جائزے میں دل کو گرما دینے والا ایک واقعہ سامنے آیا اور وہ تھا گلگت بلتستان کے کسانوں کا وفاقی حکومت کی طرف سے گندم پر دی جانے والی زرتلافی کے ختم کئے جانے کے اعلان کے بعد مکمل شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال۔ زرتلافی ختم کرنے کے خلاف گلگت بلتستان کی مذاحمتی کمیٹی ''عوامی ایکشن کمیٹی'' میں 22 مذہبی اور سیاسی جماعتوں نے اپنے اختلافات چھوڑ کر شمولیت اختیار کی اور اس تحریک نے اپنے مظاہرے تمام ضلعی ہیڈکواٹرز کے علاوہ دارلحکومت گلگت تک بڑھا دیئے۔ مظاہرین بڑی شاہراؤں پر بیٹھ کر گلگت، اسکردو، ہنزہ اور دیگر علاقوں کے درمیان آمد و رفت میں رکاوٹ کا باعث بنے۔ بارہ دنوں کے دھرنے کے بعد عوامی ایکشن کمیٹی اور وفاقی حکومت کے درمیان اسلام آباد میں بات چیت کے نتیجے میں گندم پر زرتلافی کی بحالی کا معاہدہ طے پا گیا اور ہڑتال کامیابی سے ختم ہوئی۔

سرمایہ دارانہ نظام کی زیادتیوں کا شکار صرف پیداواری طبقہ ہی نہیں بلکہ ہمہ وقت متحرک اور مہربان خود قدرتی نظام بھی ہے۔ یوں لگتا ہے کہ آج جب عوامی طاقت کا براہ راست مقابلہ کارپوریٹ طاقت سے ہے تو قدرت نے بھی اپنا وزن عوامی پلڑے میں ڈال دیا ہے جس کی وجہ سے آج ترقی کا مطلب بدل چکا ہے آئندہ سالوں میں ترقی وہ ترقی ہوگی جو پائیدار ہو۔ ترقی کے لفظ کو سرمایہ دارانہ نظام نے زیادہ معاشی ترقی سے ہی جوڑا ہے اور اب سرمایہ دار ممالک پائیدار ترقی کو بھی کارپوریٹ مفادات کے تحت نئے معنی دے رہے ہیں۔ امریکی اور فرانسیسی صدر نے 10 فروری کو اپنی ملاقات میں موسمی تبدیلیوں پر عالمی معاہدے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ زیادہ روزگار پیدا کرنے کے لیے مزید ''کلین انرجی پارٹنرشپ'' کے ساتھ ترقی پزیر ممالک کی لو کاربن انرجی کی طرف منتقلی میں مدد کرنے کی حمایت کریں گے۔ انھوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ اگلے سال پیرس میں کلائمٹ کانفرنس کے لیے کام کرنے والے تمام ممالک کو کہیں گے کہ وہ ایک مشترکہ عالمی معاہدے کی کوشش میں ان کا ساتھ دیں جو گرین ہاؤس گیسز کے اخراج کو عملی ٹھوس اقدامات کے ذریعے کم کر سکے۔ اس بیان کو یوں سمجھا جا سکتا ہے کہ کاربن ٹریڈنگ کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے ترقی یافتہ ممالک اپنے ملک میں ترقی کی رفتار تیز رکھیں گے، تیل کا استعمال جاری رہے گا لیکن ترقی پزیر ممالک میں سبز معیشت کے فروغ کے لیے مالی مدد دیں گے۔ دوسری طرف وہ کارپوریٹ شعبے کو کہیں گے کہ وہ درمیانے طبقے کے بعد غریب طبقے کو بھی اپنی منڈی بنالیں اور انہیں اپنے ساتھ شامل کرکے اس طبقے کی مزاحمتی صلاحیت کو پوری طرح صلب، کرلیں اس طرح انکلوژن (inclusion) کی باتیں زوروں پر ہیں۔

عوامی گروہوں نے پائیدارا ترقی کی بنیاد چار مختلف ستونوں پر رکھی ہے: پہلا اور اہم ترین ستون سیاسی، دوسرا معاشی، تیسرا سماجی اور چوتھا ماحولیاتی ہے۔ سیاسی طور سے انسانوں کی اکثریت جو پیداواری طبقے پر مشتمل ہے صدیوں سے کچلی چلی آرہی ہے۔ پائیدار ترقی میں اس اکثریت ہی کو کلیدی کردار ادا کرنا ہے۔ انہی کو سوچنا ہوگا کہ کیا وہ قدرتی اشیاء پر اختیار رکھتے ہیں کہ نہیں؟ اگر نہیں تو کیا وہ زمین، پانی، سمندر، جنگلات اور حیاتیاتی تنوع کے بیش بہا خزانوں کے استحصال کو روک سکتے ہیں؟ اگر نہیں تو کیا پائیدار ترقی ممکن ہے؟ جب تک کسان مزدور سیاسی فیصلہ سازی کا حق استعمال نہیں کرسکتا

پائیدار ترقی حاصل نہیں ہوگی۔ معاشی طور پر مزدور کو یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ جب معیشت کا پہیہ اس کے زور پر چلتا ہے تو وہ طبقاتی بوجھ کو اپنے اوپر کیوں اور کب تک برداشت کرے؟ پائیدار معاش کے لیے اسے جدوجہد کے راستے پر چلنا ہوگا۔ جب تک معاشی نظام منصفانہ بنیادوں پر استوار نہیں ہوگا تیسرا ستون یعنی سماجی ستون بھی کمزور رہے گا۔ ماحولیاتی بحران سرمایہ دارانہ نظام کا پیدا کردہ ہے اور اس ستون کے استحکام کے لیے موجودہ استحصالی نظام کو بدلنا ہوگا۔

# ایف۔ ملکی زرعی خبریں

## ا۔ زرعی مواد

### زمین

- زمینی قبضہ

کراچی:

1 فروری: پورٹ قاسم اتھارٹی (PQA) کو 30 سال پہلے الاٹ کی گئی زمین کے تنازعے کو حل کرنے کے لیے حکومت سندھ نے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔ 1973 میں PQA (پی کیو اے) کو 13,000 ایکڑ زمین الاٹ کی گئی تھی جب کے 2006 میں مزید 1,305 ایکڑ زمین ٹھٹھہ کے علاقے میں الاٹ کی گئی۔ وزیر اعلیٰ سندھ کے ایک حالیہ اعلان میں کہا گیا ہے کہ صوبے کی تمام زمین اور بحیرہ عرب کے اندر 12 میل تک جزیرے سندھ حکومت کی ملکیت ہیں جس میں بڈو اور بنڈل کے جزیرے بھی شامل ہیں۔ (دی نیوز، 2 فروری، صفحہ 1)

24 فروری: چیف جسٹس تصدق حسین جیلانی کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے تین رکنی بینچ نے سندھ بورڈ آف ریونیو (BoR) سے کہا ہے کہ وہ کراچی میں ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی (DHA)، کراچی پورٹ ٹرسٹ (KPT)، پی کیو اے اور ملیر ڈیولپمنٹ اتھارٹی (MDA) کے قبضے میں غیر قانونی زمین کی تفصیلی رپورٹ پیش کرے۔ (ڈان، 25 فروری، صفحہ 17)

1 مارچ: BoR (بی او آر) کی 32.353 ایکڑ زمین پر قبضے کے خلاف سندھ لینڈ یوٹیلائزیشن ڈپارٹمنٹ (LUD) نے KPT (کے پی ٹی)، MDA (ایم ڈی اے)، پی کیو اے، ملیر کنٹونمنٹ اور DHA (ڈی ایچ اے) کو نوٹس بھیجے ہیں۔ (دی نیوز، 2 مارچ، صفحہ 14)

حویلیاں:

13 مارچ: ممبران صوبائی اسمبلی ہزارہ ڈویژن نے ایبٹ آباد کے ضلع حویلیاں میں زرعی زمینوں کو ہاؤسنگ اسکیم کے لیے استعمال کرنے کی تجویز کو واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختون خوا (KPK) پرویز خٹک کے مطابق حکومت کو ہاؤسنگ اسکیم کے لیے 7,000 کنال زمین درکار تھی جس میں 2,500 کنال زرعی زمین کی نشاندہی بھی کی گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے یقین دلایا کہ حکومت زرعی زمینوں کو متاثر نہیں کرے گی۔ اب یہ منصوبہ زرعی زمینوں کے بجائے پشاور اور صوابی میں شروع کیا جائے گا۔ (ڈان، 14 مارچ، صفحہ 7)

شیخوپورہ:

3 جنوری: حکومت پنجاب نے شیخوپورہ کے علاقے شاہو کی ملیاں میں گارمنٹ سٹی قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کے لیے درکار 1,500 ایکڑ زمین کے لیے زرعی زمین کا انتخاب کیا گیا ہے۔ زمین کے مالکان، ڈیری فارمرز اور دیہاتیوں نے داد رسی کے لیے لاہور ہائی کورٹ سے رجوع کیا ہے اور انجمن متاثرین گارمنٹ سٹی کے نام سے ایسوسی ایشن قائم کرلی ہے اور اپنی بے دخلی کے خلاف مظاہرہ کیا ہے۔ مقامی لوگوں کے مطابق حکومت منڈی کی اصل قیمت 50 لاکھ فی ایکڑ کے بجائے 13 لاکھ فی ایکڑ پر زمین لے رہی ہے جو ان کے لیے نا قابل قبول ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم سال میں دو دفعہ اپنی زمینوں سے شاندار فصل حاصل کرتے ہیں لہذا یہ قیمت ہمارے لیے نا کافی ہے۔ (ڈان، 4 جنوری، صفحہ 3)

لاہور:

20 جنوری: راوی ریور ڈیولپمنٹ منصوبے سے ممکنہ طور پر متاثر ہونے والے رہائشیوں اور کسانوں نے سخت مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ منصوبہ لاہور اور شیخوپورہ کے دیہی اور شہری علاقوں کے لیے نقصاندہ ہے۔ لوگوں کی اکثریت کا کہنا ہے کہ منصوبے سے زراعت تباہ ہو جائے گی۔ حکومت کو یہ بات سمجھنی ہوگی کہ جو زمین وہ منصوبہ کے لیے حاصل کررہی ہے وہ زرخیز زرعی زمین ہے جو لاہور اور دیگر شہروں کے

لوگوں کی خوراک کا اہم ذریعہ ہے۔ شاہدرہ کے رہائشیوں نے کہا ہے کہ وہ اپنی 17 سے 20 لاکھ فی ایکڑ زمین 8 سے 10 لاکھ سرکاری قیمت پر ہرگز نہیں دیں گے۔ راوی ریور 45,000 ہیکٹرز پر سات ارب ڈالرز کا منصوبہ ہے۔ (ڈان، 21 جنوری، صفحہ 2)

دیامر:

14 مارچ: یکجہتی کا نیا انداز اپناتے ہوئے گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے ممبران نے حلف لیا کہ وہ دیامر کے ان بھائیوں کے حمایت کریں گے جو گلگت بلتستان اور KPK (کے پی کے) کی متنازعہ زمین کے لیے کیس لڑ رہے ہیں۔ بصاری چیک پوسٹ کے دونوں اطراف کی تقریباً 10 کلومیٹر زمین جو کوہستان کو گلگت بلتستان سے جدا کرتی ہے۔ فریقین میں فساد کی جڑ بنی ہوئی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 15 مارچ، صفحہ 2)

24 مارچ: گلگت بلتستان اسمبلی کے ارکان اور ضلع دیامر کے بزرگوں نے وفاقی حکومت کی طرف سے گلگت بلتستان اور کے پی کے کے درمیان زمین کے تنازعے پر تیار کردہ اصول وضوابط کو رد کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اس مسئلے کو مقامی جرگے کے ذریعے حل کیا جائے۔ (ڈان، 25 مارچ، صفحہ 7)

گوادر:

7 جنوری: چین کے ایک اعلی سطح کے وفد نے پاک چائنا اکنامک کوریڈور کے حوالے سے گوادر پورٹ کا دورہ کیا ہے۔ پاک چائنا اکنامک کوریڈور کے تحت گوادر کو سڑک اور ریل کے ذریعے کاشغر تک ملایا جائے گا۔ چائنا کا مستقبل میں گوادر پورٹ کو استعمال کرنے کا یہ مختصر راستہ ہوگا جس کے ذریعے وہ پاکستان، افغانستان، سینٹرل ایشیائی ریاستوں سے تجارت کر سکے گا۔ (ڈان، 8 جنوری، صفحہ 10)

20 فروری: پاک چائنا جوائنٹ کوآپریشن کمیٹی کا اجلاس 19-18 فروری کو بیجنگ میں ہوا جس میں مفاہمتی

یادداشت پر دستخط ہوئے جس کے مطابق چین نے گوادر میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے لیے 900.5 ملین ڈالرز پاکستان کو دینے کی منظوری دی ہے۔ (دی نیوز، 21 فروری، صفحہ 15)

سوات:

3 مارچ: ایک خبر کے مطابق سوات کے علاقے خوازاخیلا (Khawazakhela) میں تقریباً دو لاکھ افراد کی زمین (جس پر پھلوں کے باغات تھے) پر فوجی چھاؤنی بنائی جارہی ہے جس پر ان میں سے ایک کسان جمال نے اپنے روزگار کے ختم ہونے پر خودکشی کرلی۔ متاثرہ افراد کو منڈی سے بہت کم قیمت پر معاوضہ دیا جارہا ہے۔ ایک کاشتکار نادر شاہ کا کہنا ہے کہ سیبوں کے باغ میں 30 روپے فی فٹ کے حساب سے معاوضہ دیا جارہا ہے جو ایک مذاق ہے۔ (دی نیوز، 4 مارچ، صفحہ 8)

پشاور اور صوابی:

28 اپریل: ایک مضمون میں بتایا گیا ہے کہ پشاور اور صوابی کے ارد گرد نئے شہر آباد کرنے کے حکومتی منصوبے کو کسانوں کی مخالفت کا سامنا ہے کیونکہ کسانوں کو ڈر ہے کہ ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی اس منصوبے میں چلی جائے گی۔ (انتخاب عامر، ڈان، 28 اپریل، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

ذوالفقار آباد:

24 جنوری: ذوالفقار آباد منصوبہ کے پہلے فیز کے سروے کے لیے سولہ کمپنیوں سے اظہار دلچسپی کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ منصوبہ ٹھٹھہ اور سجاول کی ساحلی پٹی پر بنایا گیا ہے جس کی منظوری 2009 میں سابق صدر آصف علی زرداری نے دی تھی۔ پہلے مرحلے میں صوبائی حکومت کا تعلقہ شاہ بندر میں 55,000 ایکڑ زمین پر تعمیرات کا منصوبہ ہے۔ (دی نیوز، 25 جنوری، صفحہ 19)

تھر:

23 جنوری: صوبائی سیکرٹری توانائی آغا آصف نے بریفنگ میں بتایا کہ مقامی وسائل سے سستی بجلی پیداوار کرنے کے لیے تھر بلاک II کول ایریا میں 5,500 ایکڑ زمین 600 میگاواٹ کے پاور پلانٹ کے لیے سندھ اینگرو کول مائننگ کمپنی (SECMC) کو لیز پر دی گئی ہے۔ تھر کول ایریا بلاک II کا سروے مکمل ہو چکا ہے۔ (دی نیوز، 24 جنوری، صفحہ 5)

- زمینی معاوضہ

2 فروری: صنم ڈیم کی تعمیر کے سلسلے میں ادن زئی قومی جرگے نے دو مختلف کمیٹیاں قائم کی ہیں۔ ایک کمیٹی مقامی زمینداروں سے بات چیت کرے گی جو اس لیے ڈیم بنانے کی مخالفت کررہے ہیں کہ انھیں زمین منڈی سے کم قیمت پر فروخت کرنے کی پیشکش کی گئی ہے۔ دوسری کمیٹی حکومت سے زمین کی قیمت بڑھوانے کے لیے قائم کی گئی ہے۔ جرگے میں سیاسی جماعتوں کے ممبران نے بھی شرکت کی، جس میں کہا گیا ہے کہ ڈیم کے بننے سے سبز انقلاب آئے گا اور سیاحت، ماہی پروری اور ڈیم کے اردگرد کے علاقے میں تجارتی سرگرمیاں بڑھیں گی۔ (ڈان، 3 فروری، صفحہ 7)

2 فروری: ٹھٹھہ میں دریائے نائے بارن پر دراوت ڈیم کی تعمیر 91 فیصد تک مکمل ہوچکی ہے جبکہ اس کی ایک کنال (MC-1) کی تعمیر سے متاثرہ 18 دیہات کے لوگوں نے کنال کی تعمیر میں رکاوٹ ڈال دی ہے اور وہ واٹر اینڈ پاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی (WAPDA) سے مطالبہ کررہے ہیں کہ انھیں زمین کا معاوضہ جو 200 ملین روپے بنتا ہے ادا کیا جائے۔ ڈیم سے ایک بڑی کنال، ایک چھوٹی کنال (MC-1) اور تین شاخیں نکلتی ہیں جن سے 9,200 ایکڑ رقبہ سیراب ہوگا۔ بورڈ آف ریونیو زمین کے ملکیتی حقوق کا تعین نہیں کر پارہا ہے کیونکہ اس کے مطابق بے نظیر بھٹو کے قتل کے بعد ہونے والے ہنگاموں میں یہ ریکارڈ تباہ ہوگیا تھا۔ (ڈان، 3 فروری، صفحہ 15)

6 فروری: ایک مضمون میں گلگت بلتستان پالیسی انسٹیٹیوٹ کی جانب سے منعقد کیے گئے فورم میں بھاشا ڈیم کے لیے زمین دینے والوں نے گفتگو میں بتایا کہ حکومت نے زمین اور زمین کے علاوہ دیگر اثاثوں کی قیمت 2009 میں طے کی تھی۔ اب اس زمین کی قیمت کئی گنا بڑھ گئی ہے۔ ڈیم دریائے سندھ پر تربیلا سے 315 کلو میٹر شمال گلگت شہر سے 180 کلو میٹر جنوب میں 110 کلو میٹر رقبے پر بنے گا جس سے 4,500 میگاواٹ بجلی پیدا ہوسکے گی۔ زمین کے معاوضے کے علاوہ، گلگت بلتستان اور کے پی کے میں سرحدی تنازعہ، ڈیم کی رائلٹی اور پانی پر علاقے کو ملنے والے منافع کے معاملات ابھی طے ہونا باقی ہیں۔ ڈیم سے ماحول پر پڑنے والے اثرات کا جائزہ اور اس حوالے سے خدشات کو عوام کے سامنے لانا بھی نہایت ضروری ہے۔ (طارق مسعود، دی ایکسپریس ٹریبیون، 7 فروری، صفحہ 3)

18 فروری: ایک پریس کانفرنس کے دوران دیامر ایکشن کمیٹی (DAC) نے حکومت کو 37 نکات پر مبنی چارٹر آف ڈیمانڈ پیش کیا جس میں ڈیم کے لیے حاصل کی گئی زمین کی قیمتوں کا دوبارہ جائزہ لینا اور دیامر کے مکینوں کو ڈیم کی تعمیر میں ملازمت دینا شامل ہے۔ علاقہ مکینوں نے کہا ہے کہ اگر ان کے حقوق کا تحفظ نہ کیا گیا تو وہ ڈیم کی تعمیر کی حمایت ترک کردیں گے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 19 فروری، صفحہ 4)

19 فروری: وزیر اعظم نواز شریف نے WAPDA (واپڈا) کی طرف سے بھاشا ڈیم کے لیے حاصل کی گئی زمین کے معاملے میں بدعنوانی کی شکایت کی انکوائری کے لیے اکنامک افیئر ز ڈویژن کی سیکرٹری نرگس سیٹھی کو 15 دنوں کے اندر انکوائری مکمل کرکے رپورٹ دینے کی ہدایت کی ہے۔ (ڈان، 20 فروری، صفحہ 2)

20 فروری: اسلام آباد ہائی کورٹ (IHC) نے آٹھ دیہات کے 700 متاثرہ افراد کی سماعت کے دوران کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (CDA) کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ سیکٹر H-16 اور I-17 کے متاثر افراد کو معاوضے کی ادائیگی کا شیڈول عدالت میں پیش کرے۔ درخواست گزاروں کے مطابق 13 جنوری، 2009 کو ان سے لی گئی زمین کے معاوضے کا اعلان کیا تھا لیکن رقم کی ادائیگی ابھی تک نہیں کی گئی۔ (ڈان، 21

فروری، صفحہ 4)

21 مارچ: کوہستان میں داسو پن بجلی منصوبہ زمین کے مالکان اور واپڈا کے درمیان زمین کی قیمت طے نہ پانے پر تعطل کا شکار ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 22 مارچ، صفحہ 2)

- زمینی اصلاحات

31 دسمبر: سندھ لینڈ ریفارمز موومنٹ نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت 1977 کے ایکٹ کے مطابق لینڈ ریفارمز کرے اور سپریم کورٹ سے اپیل کی ہے کہ وہ ریٹائرڈ جرنیلوں، کھلاڑیوں اور کارپوریٹ فارمنگ کے لیے دی گئی زرعی زمینوں کی الاٹمنٹ منسوخ کرکے زرعی زمینیں بے زمین کسانوں میں تقسیم کردے۔ (ڈان، 1 جنوری، صفحہ 18)

- زمین کی تقسیم

21 مارچ: ایک خبر کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے 2.37 بلین روپے کے چولستان ڈیولپمنٹ پیکیج کا اعلان کیا ہے۔ پیکیج میں بے زمین لوگوں کے لیے زرعی زمین اور صحرائی علاقوں کے لیے 250 کیوسک نہری پانی کی فراہمی شامل ہے۔ (ڈان، 22 مارچ، صفحہ 2)

27 اپریل: حیدر آباد میں ایک سمینار کے دوران وزیر اعلیٰ سندھ کے تھر ریلیف آپریشن کے رابطہ کار تاج حیدر نے کہا ہے کہ حکومت تھر میں کسان عورتوں کو 20 ایکڑ زمین مفت فراہم کرے گی۔ مفت زمین ان سرمایہ کاروں کو بھی فراہم کی جائے گی جو تھر میں صنعتی یونٹ لگائیں گے۔ (ڈان، 28 اپریل، صفحہ 17)

- جبری مشقت

31 دسمبر: ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج میر پور خاص کے حکم پر پولیس نے مقامی زمیندار کے فارم پر چھاپہ مارکر

30 افراد کو جبری مشقت سے آزاد کروا دیا۔ (ڈان، 1 جنوری، صفحہ19)

11 جنوری: بھنڈار سنگت کے زیر اہتمام مقامی ہوٹل میں منعقد سیمینار میں شرکاء نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ غریب کسانوں سے جائز معاوضے کے بغیر لی جانے والی جبری مشقت کے خاتمے، ان کے سماجی تحفظ اور ان کی صحت سے متعلق سہولیات پر پالیسی بنائے اور قانون کا نفاذ کرے۔ ملک میں تین سے آٹھ ملین لوگ جبکہ دنیا بھر میں 30 ملین لوگ جبری مشقت کا شکار ہیں۔ شرکاء نے مزید کہا کہ آٹھ لاکھ کسان جاگیرداروں کی غلامی میں تعلیم، صحت یہاں تک کہ آزادی سے گھومنے پھرنے جیسے بنیادی حقوق سے محروم ہیں۔ دو لاکھ خاندان جو اینٹوں کے بھٹے سے وابستہ ہیں وہ بھی بنیادی حقوق سے محروم ہیں۔ کچھ عرصے پہلے اینٹوں کے بھٹے کو صنعت کا درجہ دیا جاچکا ہے لیکن ان کے مزدوروں کو اب تک صنعتی مزدور کا درجہ نہیں ملا۔ (ڈان، 12 جنوری، صفحہ19)

25 جنوری: بدین ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے حکم پر پولیس نے ترائی ٹاؤن کے قریب نبی بخش خاصخیلی کی زرعی زمینوں پر چھاپہ مارکر 28 جبری مشقت کے شکار کسانوں کو بازیاب کرا لیا۔ (ڈان، 26 جنوری، صفحہ19)

29 جنوری: عمرکوٹ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے حکم پر پولیس نے سید علی مردان شاہ سمیت کئی زمینداروں کے فارم پر چھاپہ مار کر 82 کسانوں کو جبری مشقت سے آزاد کروا دیا۔ (ڈان، 30 جنوری، صفحہ19)

29 جنوری: عمرکوٹ میں ''نجی جیل۔ حقیقت یا ڈرامہ'' کے موضوع پر ہونے والے کنونشن میں سندھ بہبود آبادی کے صوبائی وزیر سید مردان علی شاہ اور پی ایم ایل۔ ایف (PML-F) کے سینیٹر سید مظفر حسین شاہ سمیت دیگر زمینداروں نے جبری مشقت کے حوالے سے کورٹ کے فیصلوں اور بڑھتے ہوئے پولیس چھاپوں کو زرعی شعبے کے خلاف سازش قرار دیتے ہوئے ایک باقاعدہ ادارہ تشکیل دیکر اس کے خلاف ہر

سطح پر آواز اٹھانے کا اعلان کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ نجی جیلوں کا معاملہ ایک ڈرامہ ہے جو ان کسان خاندانوں کے لیے رچایا جاتا ہے جنھوں نے زمینداروں سے قرض لے کر ادا نہیں کیا۔ اس موقع پر سید امان اللہ تالپور نے کہا کہ اس مسئلے کے نتیجے میں کاشت کار اب مشینی زراعت کی طرف جائیں گے جس سے کسان بڑی تعداد میں بے روزگار ہوں گے۔ کچھ انسانی حقوق اور ہاری تنظیموں نے بھی کنونشن میں شرکت کی انھوں نے کہا کہ زمیندار کسانوں کو رجسٹرڈ کریں اور ان کے ساتھ شفاف معاہدوں اور برتاؤ کو یقینی بنائیں، دوطرفہ قانونی معاہدوں کی پاسداری کریں، کسانوں کی صحت، ان کے بچوں کی تعلیم اور ان کی حفاظت کو بھی یقینی بنائیں۔ (ڈان، 30 جنوری، صفحہ 19)

18 اپریل: عدالت کے حکم پر تلہار، بدین میں پولیس نے مقامی زمیندار کے کھیت پر جبری مشقت پر مامور 23 افراد جن میں عورتیں اور بچے بھی شامل ہیں، بازیاب کروالیا۔ جبری مشقت کے خلاف درخواست اسی خاندان کی ایک عورت نے دائر کی تھی۔ (ڈان، 19 اپریل، صفحہ 19)

- کمپیوٹرائزیشن

24 جنوری: اسلام آباد میں پٹواریوں اور لینڈ مافیا کی طرف سے زمینوں کی کمپیوٹرائزیشن کے خلاف بھرپور مزاحمت کے نتائج ظاہر ہونا شروع ہوگئے ہیں۔ پٹواریوں نے سوفٹ ویئر (software) ٹیم کو دستاویزات کی فراہمی روک دی ہے۔ گیارہ پٹواریوں کو جو اسلام آباد میں ڈیپوٹیشن پر کام کر رہے تھے ان کے ضلع میں واپس بھیج دیا۔ کیپٹل ٹریٹری انتظامیہ نے اگست 2013 میں زمین کی کمپیوٹرائزیشن کا عمل شروع کیا تھا لیکن اس سہولت کو پٹواریوں کی مزاحمت کے باعث وسیع نہ کیا جاسکا۔ (ڈان، 25 جنوری، صفحہ 4)

29 جنوری: فیصل آباد میں کچہری چوک پر کسانوں نے احتجاج کرتے ہوئے محکمہ ریونیو پر غبن، بدعنوانی اور رشوت ستانی کا الزام عائد کیا ہے۔ کسانوں کا کہنا ہے کہ ریونیو ڈیپارٹمنٹ جان بوجھ کر زمینی ریکارڈ کو کمپیوٹرائز کرنے میں تاخیر کر رہا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 30 جنوری، صفحہ 5)

14 فروری: سپریم کورٹ کے حکم کے بعد سندھ اسمبلی نے دو مختلف بلوں کو پاس کردیا ہے جن کا تعلق صوبے کی زمین اور ریونیو کے ریکارڈز کو کمپیوٹرائز کرنے سے ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 15 فروری، صفحہ13)

19 فروری: وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ نے تین رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے جو کراچی، حیدرآباد اور ٹھٹھہ کے دیہات کو ریگولرائز کرکے علاقہ مکینوں کو دو مہینے کے اندر اسناد بھی جاری کرے گی۔ وزیر اعلیٰ نے بورڈ آف ریونیو (FBR) کو زمینی ریکارڈ جلد کمپیوٹرائز کرنے کی ہدایت کی ہے تاکہ گاؤں کے لوگ اپنی زمین کا تحفظ کرسکیں۔ (ڈان،20 فروری، صفحہ18)

## پانی

- پانی کی کمی

8 جنوری: پاکستان ان ممالک کی فہرست میں شامل ہونے کی طرف بڑھ رہا ہے جہاں فی کس ایک ہزار کیوبک فٹ سے بھی کم پانی دستیاب ہے جس کی وجہ صرف پانی کی کمی نہیں بلکہ اس کی بدانتظامی اور اس کی حفاظت نہ کرنا ہے۔ پاکستان میں پینے کے پانی کے ذرائع بری حالت میں ہیں۔ واٹر مینجمنٹ پانی کی لائنوں میں سیورج کا پانی روکنے میں مکمل طور پر ناکام ہے جس کی وجہ سے دیہات کے زیادہ تر بچے جلدی امراض کا شکار ہیں اور تقریبا تین لاکھ بچے پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں سے موت کا شکار ہورہے ہیں۔ (ڈان، 9 جنوری، صفحہ 2)

9 جنوری: محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے مطابق اس سال موسم سرما میں جنوری سے مارچ تک بارشیں معمول سے کم ہونگی جس سے بارانی علاقوں میں ربیع اور گندم کی فصلوں کے لیے پانی کی کمی کا سامنا ہوگا۔ (ڈان،10 جنوری، صفحہ 3)

12 جنوری: سابق وزیر قانون احمد بلال کے مطابق پاکستان اپنی مجرمانہ غفلت سے پانی کے ذخائر ضائع کررہا ہے۔ بھارتی اسکالرز نے انٹرنیشنل کانفرنس میں معاملہ اٹھایا ہے کہ پاکستان کو اپنے علاقوں میں ضائع ہونے والے پانی کی ذمہ داری اٹھانی پڑے گی۔ پاکستانی حکومت اورعوام پانی کو ذخیرہ کرنے کے لیے اور اس کے مثبت استعمال کے لیے موثر کارروائی کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ (ڈان، 13 جنوری، صفحہ 9)

12 مارچ: اسلام آباد میں ایک ورکشاپ کے دوران وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے کہا کہ اگر نئے ڈیم تعمیر نہیں ہوئے تو تھر جیسی خشک سالی آدھے ملک تک پھیل جائے گی۔ ان کا محکمہ واپڈا کے ساتھ مل کر 20 مارچ کو پاکستان واٹر سمٹ (water summit) منعقد کرے گا تاکہ پانی پر قومی پالیسی بنائی جاسکے۔ (ڈان، 13 مارچ، صفحہ 5)

21 مارچ: وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ اگر پانی کے انتظام کے لیے موثر اور بہتر طریقہ کار اپنانے میں ناکامی ہوئی تو قومی سلامتی، خوراک کی کمی کی وجہ سے داؤ پر لگ جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ نیشنل واٹر پالیسی بنائی گئی ہے، جو جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے صاف پینے کے پانی، پانی کو ذخیرہ کرنے کے طریقہ کار پر ہماری آنے والی نسلوں کے لیے کام کرے گی۔ (دی نیوز، 22 مارچ، صفحہ 15)

22 مارچ: پانی کی قلت پر شائع ہونے والی ایک رپورٹ کے مطابق 2010-2012 کے درمیان پاکستان کے ہر شہری کے لیے پانی اور صفائی کے کاموں کے لیے اوسطاً صرف 53 روپے کی امداد ملی۔ رپورٹ کے مطابق 15.1 ملین پاکستانیوں کو صاف پانی دستیاب نہیں ہے، وہ آلودہ پانی پینے پر مجبور ہیں۔ پینے کے پانی اور صفائی کے معاملات میں سرمایہ کاری کے اعتبار سے ترقی پذیر ممالک کے نقشے پر پاکستان کو اب سب سے اوپر رکھا گیا ہے۔ (ڈان، 23 مارچ، صفحہ 3)

11 اپریل: سندھ چیمبر آف ایگریکلچر (SCA) نے انڈس ریور سسٹم اتھارٹی (IRSA) کے فیصلے پر تشویش کا اظہار کیا ہے جس کے تحت پنجاب میں تھل کنال میں 2,000 کیوسک پانی دیا جائے گا جبکہ جنوبی سندھ میں اس وقت خریف کی بوائی ہو رہی ہے اور تربیلا سے ابھی تک پانی میں اضافہ نہیں ہوا ہے۔ (ڈان، 12 اپریل، صفحہ 19)

14 اپریل: ایک مضمون کے مطابق مارچ میں بارشوں سے تربیلا اور منگلا میں دو ایم اے ایف (MAF) پانی ذخیرہ ہوگیا ہے اور دریاؤں میں 20,000 کیوسک اضافی پانی سے خریف کی بوائی میں 20-15 فیصد پانی کی کمی کا خاتمہ ہوگا اور کئی سالوں بعد صوبوں کو پانی کی تقسیم میں پہلی بار اپنے حصے کا پانی 1991 واٹر ایوارڈ کے مطابق ملے گا۔ (اشفاق بخاری، ڈان، 14 اپریل، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

- پن بجلی/ ڈیم

11 جنوری: پنجاب حکومت نے نیٹ ہائڈل پرافٹ (NHP) کی مد میں وفاق کی طرف سے 96-1995 اور 05-2004 کے واجب الادا 15.5 ارب روپے وصول کرنے کے معاملے کو کونسل آف کامن انٹرسٹ (CCI) میں اٹھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ قانون کے مطابق وفاقی حکومت کے زیر انتظام قائم ہونے اور چلائے جانے والے پن بجلی گھروں کی آمدنی اس صوبہ کو دی جائے گی جہاں وہ قائم کیا گیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 جنوری، صفحہ 5)

26 جنوری: واپڈا نے 568 ملین روپے کی لاگت سے ہائیڈرو پاور انسٹیٹیوٹ ( Hydropower Institute) قائم کرنے کا منصوبہ تیار کیا ہے۔ منصوبے کی منظوری پلاننگ کمیشن کی سینٹرل ڈیولپمنٹ ورکنگ پارٹی (CDWP) نے دی ہے جس کے لیے تکنیکی اور مالی معاونت یورپی یونین فراہم کرے گی۔ منصوبہ کے لیے فرانس نے 2.5 ملین یورو کی گرانٹ دی ہے اور 1.5 ملین یورو کا آسان قرض پہلے ہی دیا جا چکا ہے۔ ادارے سے الیکٹریکل، مکینکل اور الیکٹرونکس کی اعلی معیار کی تربیت ہائیڈرو پاور کے مختلف

شعبوں کو دی جائے گی۔ (ڈان، 27 جنوری، صفحہ 3)

10 فروری: پشاور ہائی کورٹ کے دو رکنی بینچ نے اپنے فیصلے میں کہا ہے کہ پانی پر منافع (hydel profit) کا حق صوبہ کے پی کے کو سالوں سے حاصل نہیں ہے جو دستور کے آرٹیکل (2) 161 کی خلاف ورزی ہے۔ بینچ نے نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (NEPRA) کی طرف سے فیول ایڈجسٹمنٹ سرچارج اور فیول پرائس کو بھی غیر قانونی قرار دیا ہے۔ (ڈان، 11 فروری، صفحہ 7)

15 فروری: عالمی بینک کی رپورٹ کے مطابق آزاد کشمیر میں 8,000 میگاواٹ تک پن بجلی پیدا کی جاسکتی ہے جس میں سے 6,000 میگاواٹ کا ابھی سروے تک نہیں ہوا ہے۔ آزاد کشمیر حکومت نے 19-2015 کے لیے نیو کنٹری پارٹنر شپ اسٹریٹجی کے تحت عالمی بینک سے 26 منصوبوں کے لیے مدد مانگی ہے جو اس کے میڈیم ٹرم ڈیولپمنٹ فریم ورک (MTDF) کا حصہ ہیں جس میں پن بجلی کی صلاحیت کی نشاندہی، نجی شعبے میں سرمایہ کاری، زراعت، سیاحت اور نوجوانوں کی تربیت شامل ہے۔ (ڈان، 16 فروری، صفحہ 10)

26 اپریل: ایک مضمون کے مطابق کنٹری پارٹنر شپ اسٹریٹجی (CPS) کو عالمی بینک گروپ اگلے ہفتے منظور کرے گا۔ CPS (سی پی ایس) کے ڈرافٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں بجلی کی سپلائی کی کمی آٹھ گھنٹے سے کم ہو کر 2019 تک پانچ گھنٹے پر لائی جاسکے گی جس کا مطلب یہ ہے کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ ختم کرنا جو پی ایم ایل (ن) کی حکومت کا وعدہ تھا، اگلے الیکشن تک بھی پورا نہیں ہوسکتا۔ ڈرافٹ کے مطابق عالمی بینک اپنی شراکت کی توجہ دریائے سندھ سے پن بجلی کی فراہمی پر مرکوز رکھے گا۔ (شہباز رعنا، دی ایکسپریس ٹریبیون، 26 اپریل، صفحہ 12)

دیامر بھاشا:

3 جنوری: سیکرٹری امور کشمیر و گلگت بلتستان کے مطابق بھاشا ڈیم کی تعمیر کے لیے متاثرین کی منتقلی کا 20

فیصد کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان چودھری برجیس طاہر نے ہدایت کی ہے کہ منصوبے کے لیے مطلوبہ زمین حاصل کر کے اس سے جڑے تمام مسائل کو تین ماہ کے اندر حل کیا جائے۔ (ڈان، 4 جنوری، صفحہ 5)

6 فروری: وزارت پانی و بجلی نے پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (PPRA) سے مشورہ لیا ہے کہ چونکہ ملک کو پانی کے بڑے منصوبوں کے لیے سرمایہ کاری حاصل کرنے میں خاطر خواہ کامیابی حاصل نہیں رہی ہے اس لیے بڑے منصوبوں کے لیے غیر ملکی کمپنیوں، سرمایہ کاروں اور دیگر ممالک کے ساتھ بغیر ٹینڈر طلب کیے براہ راست معاہدے کیے جائیں۔ مثال کے طور پر اگر چین کے ساتھ براہ راست معاہدہ کیا جائے تو وہ دیامر بھاشا ڈیم کے پورے 14 بلین روپے دینے کو تیار ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 7 فروری، صفحہ 10)

12 فروری: ایشین ڈیولپمنٹ بینک (ADB) کے نائب صدر (آپریشن) وینکل زینگ (Wencal Zhang) نے اسلام آباد میں وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار سے ملاقات کے دوران دیامر بھاشا ڈیم منصوبے میں شراکت کی یقین دہانی کرائی ہے۔ وزیر خزانہ نے جام شورو پاور منصوبے کے لیے 900 ملین ڈالرز کا قرضہ دینے پر نائب صدر کا شکریہ ادا کیا۔ (دی نیوز، 13 فروری، صفحہ 5)

13 اپریل: واشنگٹن میں پاکستان کے وزیر خزانہ اسحاق ڈار سے بھاشا ڈیم پر بات چیت کے دوران یونائیٹڈ اسٹیٹس ایجنسی فار انٹرنیشنل ڈیولپمنٹ (USAID) کے ایڈمنسٹریٹر راجیو شاہ نے کہا کہ امریکہ ''ماحولیاتی وجوہات'' کی وجہ سے پن بجلی کے منصوبوں کی مخالف کرتا ہے لیکن پاکستان میں توانائی کے بحران کی وجہ سے امداد دینے کے طریقوں پر غور کرنے پر تیار ہے۔ (ڈان، 14 اپریل، صفحہ 3)

17 اپریل: وزیر اعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ دیامر بھاشا ڈیم صرف ملک کی ہی نہیں بلکہ گلگت بلتستان

کی ترقی کو بھی ممکن بنائے گا۔ اس منصوبے کی قیمت کا ایک فیصد علاقے کے ماحولیاتی تحفظ پر خرچ ہوگا اور ڈیم کی تعمیر میں ایسے کام جس میں مخصوص مہارت کی ضرورت نہیں مقامی لوگوں کو دیے جائیں گے۔ (دی نیوز، 18 اپریل، صفحہ 9)

18 اپریل: واپڈا کے نامزد چیئرمین ظفر محمود نے کہا ہے کہ 4,500 میگاواٹ کا دیامر بھاشا ڈیم منصوبہ ان کی ترجیحات میں پہلے نمبر پر ہوگا۔ ان کے مطابق بجلی کی پیداوار کے علاوہ یہ منصوبہ تربیلا اور اردگرد کے ڈیموں میں مٹی کی تہہ جمع ہونے کے عمل کو روکنے کے حوالے سے بھی ناگزیر ہے۔ (ڈان، 19 اپریل، صفحہ 2)

تربیلا ڈیم:

17 فروری: نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی لمیٹڈ (NTDC) کے مطابق پن بجلی کی پیداوار تربیلا اور منگلا میں پانی کے بہاؤ میں اضافے کی وجہ سے خاصی بڑھی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 18 فروری، صفحہ 11)

26 فروری: وفاقی وزیر پانی و بجلی، خواجہ محمد آصف نے قومی اسمبلی کو بتایا کہ پانی کے ساتھ بہہ کر آئی ہوئی مٹی کی تہہ جم جانے سے تربیلا ڈیم میں پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت 33 فیصد رہ گئی ہے جس کی وجہ سے جو پانی کی کمی ہو رہی ہے اس سے 1.2 ملین ایکڑ زرخیز زمین آنے والے سالوں میں بنجر بن سکتی ہے۔ حکومت نے اس صورت حال میں دو کمپنیوں سے مٹی نکالنے اور اس مسئلے کے پائیدار حل کے لیے فیزابلیٹی اسٹڈی کروائی لیکن دونوں کمپنیوں نے اس حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ وزیر پانی و بجلی نے مزید کہا کہ پانی کی دستیابی کے لیے حکومت 18 ڈیم بنا رہی ہے۔ دیامر بھاشا ڈیم کے بنیادی ڈھانچے کا کام شروع ہو چکا ہے اور گومل زام اور دراوت ڈیم تقریباً مکمل ہیں۔ دیگر ڈیموں پر اگلے پانچ سے چھ سالوں میں کام مکمل ہوگا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 27 فروری، صفحہ 3)

14 فروری: عالمی بینک سے منظوری کے بعد 1410 میگاواٹ کے تربیلا چوتھے توسیعی پن بجلی منصوبے کے لیے واپڈا نے 312 ملین ڈالرز کا ٹھیکہ دو کمپنیوں کے کنسورشیم کو دیا ہے جن کا تعلق چین اور جرمنی سے ہے۔ (دی نیوز،15 فروری،صفحہ10)

6 اپریل: ایک مضمون میں پانی کے ماہر ارشد ایچ عباسی کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ بھارت کے سیاچن گلیشیئرز پر قبضے کی وجہ سے تربیلا کے پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت میں کمی واقع ہوئی ہے جس سے پاکستان کو پانچ بلین ڈالرز کا نقصان ہوا ہے۔ سیاچن گلیشیئرز پاکستان کے پانی کے ذخیرے ہیں۔ اس علاقے میں بھارت نے بڑی بڑی فوجی چھاؤنیاں، چار بڑے ہوائی اڈے، سڑکیں بنائی ہیں جن پر بھاری گاڑیوں کی آمد و رفت ہے جس سے نہ صرف گلیشیئرز تیزی سے پگلنا شروع ہوگئے ہیں بلکہ اس نے دریائے سندھ میں مٹی جمع ہونے کے عمل کو بھی تیز کردیا ہے۔ (خالد مصطفیٰ، دی نیوز، 6 اپریل،صفحہ15)

کالا باغ ڈیم:

4 جنوری: وفاقی وزیر بہبود و منصوبہ بندی نے یقین دہانی کرائی ہے کہ ملک میں کالا باغ ڈیم سمیت تمام پانی کے بڑے منصوبوں پر صوبوں کی مشاورت کے بغیر کام شروع نہیں کیا جائے گا۔ (دی نیوز، 5 جنوری، صفحہ13)

13 جنوری: واپڈا نے اعلان کیا ہے کہ اس نے صوبوں کے تحفظات کی روشنی میں کالا باغ ڈیم کا تکنیکی نقشہ تیار کرلیا ہے۔ حکام کے مطابق اتفاق رائے پیدا کرنے کے لیے حکومت کے اقدامات کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہورہا ہے۔ ڈیم پر کام اتفاق رائے سے ہی شروع کیا جا سکتا ہے۔ تھرمل بجلی پر فی یونٹ لاگت 16 روپے جبکہ ہائیڈل پر 2.5 سے 3 روپے فی یونٹ آتی ہے۔ کالا باغ ڈیم سے 3,600 میگاواٹ بجلی حاصل ہوگی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 14 جنوری، صفحہ11)

15 فروری: لاہور میں لاہور اور کے پی کے کے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز (LCCI&KPCC) نے کالا باغ ڈیم جلد بنانے کے لیے مشترکہ طور پر رائے عامہ ہموار کرنے پر رضا مندی ظاہر کی ہے۔ (دی نیوز،16 فروری،صفحہ17)

منگلا ڈیم:

6 مارچ: منگلا ڈیم کی پن بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت کو بہتر بنانے کے لیے امریکہ اور پاکستان نے 72 ملین ڈالرز کے منصوبے پر اسلام آباد میں دستخط کیے ہیں۔ (دی نیوز، 7 مارچ،صفحہ15)

نیلم جہلم:

31 دسمبر: نیلم جہلم پن بجلی منصوبہ کی تکمیل میں فنڈز کی کمی رکاوٹ بن رہی ہے۔ پلاننگ کمیشن کے مطابق جون 2013 تک 24 ارب روپے دیئے جانے تھے جن میں سے چار ارب روپے اب تک جاری کیے گئے ہیں۔ وزارت پانی و بجلی نے کہا ہے کہ ایکزم بینک آف چائنا (EBC) رواں مہینے سے رقم جاری کرنا شروع کر دے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 1 جنوری،صفحہ 3)

27 جنوری: EBC (ای بی سی) نے نیلم جہلم منصوبہ کے لیے 17 ملین ڈالرز کی پہلی قسط جاری کردی ہے جبکہ باقی اقساط بینک پاور ہاؤس کی تعمیر پر تسلی بخش رپورٹ ملنے کے بعد جاری کرے گا۔ واپڈا حکام کے مطابق رقم کا حصول منصوبے کو 2016 تک مکمل کرنے میں مددگار ثابت ہوگا جب 969 میگاواٹ کے چار ٹربائن بجلی گھر میں نصب کردیے جائیں گے جس کے بعد پہلا یونٹ بجلی کی پیداوار شروع کردے گا۔ (دی نیوز،28 جنوری،صفحہ15)

20 مارچ: ایک اخباری رپورٹ کے مطابق حکومت نے 75 بلین روپے دیامر بھاشا ڈیم سے نیلم جہلم پن بجلی منصوبے کے لیے منتقل کردیے ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اب بھاشا ڈیم حکومت کا ترجیحی منصوبہ

نہیں ہے۔ (دی نیوز، 21 مارچ، صفحہ 15)

25 اپریل: ایک خبر کے مطابق 274 بلین روپے کا نیلم جہلم پن بجلی منصوبہ جو 969 میگاواٹ بجلی پیدا کرسکے گا، کو دسمبر 2015 میں کم از کم 242 میگاواٹ بجلی کی پیداوار شروع کرنا تھی لیکن چینی بینک جس کو 448 ملین ڈالرز کا قرض فراہم کرنا تھا، نے فیصلہ کیا ہے کہ یہ قرض قسطوں میں دیا جائے گا۔ دوسری طرف چائنا گزہوبا(Gezhouba) گروپ آف کمپنیز، جسے اس منصوبہ کا کنٹریکٹ دیا گیا تھا، حکومت سے فوری 10.5 بلین روپے طلب کررہا ہے اور نہ دینے پر کام کو اسی مہینے روک دیا جائے گا۔ ابوظہبی فنڈ نے اس منصوبے کے لیے 100 ملین قرض دینے کا وعدہ کیا تھا لیکن اب اس قرض کو اتصالات ٹیلی کام (Etisalat Telecom) نے حکومت پاکستان سے پاکستان ٹیلی کمیونیکشن اتھارٹی (PTCL) کی جائداد کی منتقلی کے تنازعے سے جوڑ دیا گیا ہے۔ (دی نیوز، 26 اپریل، صفحہ 15)

داسو ڈیم:

15 جنوری: داسو پن بجلی منصوبے کے لیے 700 ملین ڈالرز ورلڈ بینک فراہم کرے گا۔ دریائے سندھ پر تربیلا سے 40 کلومیٹر اوپر (upstream) پر بننے والا 4,320 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کا منصوبہ مالی رکاوٹوں کی وجہ سے 1,080 میگاواٹ سے شروع ہوکر مرحلہ وار تعمیر ہوگا۔ حکام کے مطابق ورلڈ بینک نے منصوبے کے لیے رقم کی فراہمی شروع کردی ہے۔ (ڈان، 16 جنوری، صفحہ 3)

12 فروری: نیشنل اکنامک کونسل کی کمیٹی نے وزیرخزانہ اسحاق ڈار کی صدارت میں داسو ڈیم کے دوسرے فیز اور دیامر بھاشاڈیم کے لیے ایک مشترکہ (PC-1) بنانے کی ہدایت کی ہے۔ یہ ہدایت ڈالر کی قیمت 95 سے 105 روپے ہو جانے کے بعد داسو پن بجلی منصوبے کی قیمت میں 50 بلین روپے کا اضافہ ہو جانے کے بعد جاری کی گئی۔ (دی نیوز، 13 فروری، صفحہ 15)

3 مارچ: افغانستان کی نیشنل سیکورٹی کونسل (NSC) نے فیصلہ کیا ہے کہ افغانستان دریائے سندھ پر داسو پن بجلی منصوبے کی مخالفت کرے گا کیونکہ اس کے مطابق یہ بین الاقوامی قانون کے خلاف ورزی اور افغان مفاد کے مخالف منصوبہ ہے۔ NSC (این ایس سی) نے افغان افسران سے کہا کہ وہ عالمی بینک سے کہے کہ وہ اس منصوبے کے لیے پاکستان کو افغانستان کی اجازت کے بغیر امداد نہ دے۔ (دی نیوز، 4 مارچ، صفحہ12)

5 مارچ: داسو ڈیم کے حوالے سے وفاقی وزیرخزانہ اسحاق ڈار کی افغانستان کے اپنے ہم منصب سے ٹیلی فون پر بات چیت ہوئی۔ پاکستان کے وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ داسو ڈیم دریائے سندھ پر تعمیر ہو رہا ہے، دریا کابل پر نہیں لہذا افغانستان کو اعتراض کا حق نہیں۔ (دی نیوز، 6 مارچ، صفحہ 2)

19 مارچ: چیئرمین واپڈا راغب عباس شاہ کے مطابق داسو پن بجلی منصوبہ کے لیے 4.2 بلین ڈالرز کی مطلوبہ رقم کا انتظام ہوگیا ہے۔ (ڈان، 20 مارچ، صفحہ10)

11 اپریل: وفاقی وزیر برائے پانی اور بجلی خواجہ محمد آصف نے کہا کہ افغانستان نے داسو ڈیم اور پن بجلی منصوبے پر اپنے اعتراضات واپس لے لیے ہیں کیونکہ یہ ڈیم اس دریا پر قائم ہوگا جو پورے طور سے پاکستان میں ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 اپریل، صفحہ10)

15 اپریل: افغان وزارت خارجہ کے ترجمان نے پاکستانی پانی اور بجلی کے وزیرخواجہ آصف کے اس بیان کومسترد کردیا ہے جس میں انھوں نے کہا تھا کہ افغانستان نے داسو ڈیم پر اپنے تحفظات واپس لے لیے ہیں۔ ترجمان کے مطابق ڈیم سے افغانستان پر پڑنے والے اثرات کا متعلقہ ادارے پوری طرح جائزہ لے رہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 16 اپریل، صفحہ11)

چھوٹے ڈیم:

31 دسمبر: دی ایگزیکٹیو کمیٹی آف دی نیشنل اکنامک کونسل (ECNEC) نے آبپاشی اور پن بجلی کے چھوٹے منصوبوں کی منظوری دیدی۔ جن جگہوں پر یہ منصوبے بنائے جارہے ہیں ان میں گلگت، اپر دیر اور چترال شامل ہیں۔ ان منصوبوں کی مجموعی لاگت 218.554 بلین روپے ہیں۔ کمیٹی نے منگلا پاور اسٹیشن کی پیداواری صلاحیت 1,000 میگاواٹ سے 1,310 میگاواٹ بڑھانے کے منصوبہ کی بھی منظوری دی جس پر 52.223 بلین روپے لاگت آئے گی۔ منصوبہ کے لیے USAID (یوایس ایڈ) 150 ملین ڈالرز کی گرانٹ اور 102 ملین ڈالرز کے قرضے جبکہ جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (JICA) 111 ملین ڈالرز کے قرضے/گرانٹ فراہم کرے گی۔ کمیٹی نے کچھی کنال منصوبہ فیز I کی منظوری بھی دی جس پر نظرثانی شدہ تخمینہ 57.562 ملین روپے ہے۔ منصوبہ کو دسمبر 2014 تک مکمل کرلیا جائے گا۔ (دی نیوز، 1 جنوری، صفحہ 9)

3 جنوری: اسمال ڈیم آرگنائزیشن (SDO) نے سٹی ڈسٹرکٹ راولپنڈی سے نو اوبجیکشن سرٹیفکٹ (NOC) ملنے کے بعد دریائے سوان پر داروچہ ڈیم کی فیزابلیٹی اسٹڈی کے لیے حکومت پنجاب سے 48 ملین روپے حاصل کر لیے ہیں۔ ڈیم سے 50 سالوں کے لیے 25 ملین گیلن پانی یومیہ حاصل کیا جاسکے گا۔ اس وقت راولپنڈی کو پانی کی ضرورت 50 ملین گیلن روزانہ ہے۔ جو اگلے 20 سالوں میں 79 ملین گیلن ہوجائیگی۔ (ڈان، 4 جنوری، صفحہ 4)

8 جنوری: واپڈا حکام کے مطابق 5,789 میگاواٹ کے پانچ پن بجلی منصوبے 2016 تک مکمل ہو جائے گے جو ملک میں بجلی کی ضرورت پوری کرنے کے لیے مددگار ہونگے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 9 جنوری، صفحہ 11)

24 جنوری: واپڈا حکام کے مطابق گومل زام ڈیم نے آزمائشی بنیادوں پر بجلی کی پیداوار شروع کر دی ہے۔ ڈیم میں 114,000 کیوسک فٹ پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش ہے جو ٹانک اور ڈیرہ اسماعیل خان کی

163,000 ایکڑ زمین کو 60.5 کلومیٹر طویل نہر کے ذریعے سیراب کرے گا۔ ڈیم جنوبی وزیرستان ایجنسی میں چین کے تعاون سے مکمل ہوا جس کے لیے یو ایس ایڈ نے بھی 40 ملین ڈالرز کی امداد فراہم کی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 جنوری، صفحہ 3)

28 جنوری: دی جرمن ڈیولپمنٹ بینک نے واپڈا کو دریائے سندھ پر اسلام آباد سے 310 کلومیٹر پر ضلع داسو میں 122 میگاواٹ کے خیال کھوار پن بجلی منصوبہ کا NOC (این او سی) جاری کردیا ہے۔ ڈیم کی تعمیر کا ٹھیکہ چینی کمپنی (Sinohydro) کو دیا جائیگا۔ منصوبہ کے چار سال میں مکمل ہونے کے بعد 426 ملین یونٹس سستی بجلی قومی گرڈ میں شامل ہو جائے گی۔ منصوبہ کے لیے جرمن ڈیولپمنٹ بینک اور یورپین یونین انوسٹمنٹ بینک 197 ملین یورو فراہم کرینگے۔ (دی نیوز، 29 جنوری، صفحہ 17)

9 فروری: پاکستان تحریک انصاف نے صوبہ کے پی کے میں پانچ سالوں کے اندر بجلی کی کمی کو ختم کرنے کا عہد کرتے ہوئے گرین گروتھ انیشی ایٹیو (GGI) کا اعلان کیا۔ عمران خان نے منصوبے کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ ہم "چھوٹے پن بجلی کے منصوبوں سے اپنی بجلی خود پیدا کریں گے ہمیں مرکز سے بھیک نہیں مانگنی پڑے گی۔" (ڈان، 10 فروری، صفحہ 7)

10 فروری: ایک مضمون کے مطابق ٹانک اور ڈیرہ اسماعیل خان میں ہزاروں گھرانے جو سیلابی پانی پر زراعت کے لیے بھروسہ کرتے تھے کی امیدوں پر گومل زام ڈیم منصوبے سے پانی پھر گیا انھوں نے کہا کہ جو پانی زراعت کے لیے استعمال کرتے تھے وہ انھیں نہیں مل رہا ہے کیونکہ وہ پانی اب ڈیم میں جارہا ہے۔ ڈیم سے ان کا روڈ کوہی (Rod Kohi) زرعی نظام ختم ہوگیا ہے۔ ڈیم سے نکالی جانے والی کنال اور سرنگ سے 191,000 زمین سیراب نہیں ہوگی کیونکہ واپڈا کی توجہ صرف بجلی کی پیداوار پر ہے۔ کنال کا کام جو منصوبے کا حصہ ہے کنارے پر ڈال دیا گیا ہے۔ (انتخاب عامر، ڈان، 10 فروری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

18 فروری: سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے پانی اور بجلی کو بریف کرتے ہوئے پلاننگ کمیشن نے واپڈا پر الزام لگایا ہے کہ وہ منڈا ڈیم منصوبے میں 400 ملین روپے کے خرد برد کی ذمہ دار ہے۔ واپڈا کے ذمہ دار افراد کا پتہ لگانے کے لیے یہ معاملہ تفتیشی ایجنسی کے حوالے کیا جاسکتا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 19 فروری، صفحہ20)

28 فروری: واپڈا نے 130 میگاواٹ کا ڈوبر کھوار پن بجلی منصوبہ موجودہ حکومت کے پچھلے نومہینوں میں مکمل کرلیا ہے۔ یہ منصوبہ دریائے سندھ کی ڈوبر کھوار شاخ ضلع کوہستان میں ہے۔ پانچ سے سات سالوں کی درمیانی مدت میں پن بجلی کے منصوبوں سے کل ملا کر 13,000 میگاواٹ بجلی پیدا کی جاسکے گی اور اگلے دس سالوں میں 15,000 میگاواٹ پن بجلی نیشنل گرڈ (national grid) میں شامل ہوگی۔ (دی نیوز، 1 مارچ، صفحہ15)

5 مارچ: پرائیوٹ پاور اور انفرا اسٹرکچر بورڈ کے ڈائریکٹرز نے 11 پن بجلی کے منصوبوں کی منظوری دے دی جن سے 2,630 میگاواٹ بجلی پیدا ہوسکے گی۔ (ڈان، 6 مارچ، صفحہ5)

6 مارچ: ایک خبر کے مطابق 7.5 بلین ڈالرز کے داسو پن بجلی منصوبے کی قیمت پر 13 فروری کو ECNEC (ایکنک) نے اعتراض اٹھایا تھا جس کا جواب دینے میں واپڈا نے اتنی دیر کی کہ ایکنک اسے اپنے ایجنڈے میں شامل نہیں کر پائی۔ اس نے تین پانی کے منصوبوں کی منظوری دی ہے جس میں 12.7 بلین روپے کرم ٹینگی ڈیم کے اسٹیج ون کے لیے ہیں (اس میں یو ایس ایڈ کا 10 بلین روپے کی گرانٹ شامل ہے)، سندھ واٹر سیکٹر منصوبہ کے لیے 30.4 بلین روپے (اس میں انٹرنیشنل ڈیولپمنٹ ایسوسی ایشن [IDA] کا 28.8 بلین روپے کا قرضہ شامل ہے) اور گومل منصوبے کے لیے 20.6 بلین روپے ہیں (جس میں یو ایس ایڈ کا 10.8 بلین روپے کا گرانٹ شامل ہے)۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 7 مارچ، صفحہ11)

7 مارچ: ایک خبر کے مطابق کرم ٹینگی ڈیم کے اسٹیج ون منصوبے کے لیے یو ایس ایڈ نے 81 ملین ڈالرز واپڈا کوفراہم کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ (دی نیوز، 8 مارچ،صفحہ 15)

4 مارچ: ایک اخباری رپورٹ کے مطابق گومل زام ڈیم سے نکالی جانے والی کنال پر جلد کام شروع ہو جائے گا۔ یہ کنال یو ایس ایڈ کی مالی امداد سے بنائی جارہی ہے۔ اس سے پہلے علاقے میں سیلابی پانی سے آبپاشی کا نظام رائج تھا۔ یہ کنال ٹانک اور ڈیرہ اسماعیل خان میں 191,139 ایکڑ زمین کو سیراب کرے گی۔ (ڈان، 5 مارچ،صفحہ 7)

13 مارچ: CDWP (سی ڈی ڈبلیو پی) نے منڈا ڈیم پن بجلی منصوبے کی منظوری دیتے ہوئے اس کی لاگت میں 10 سے 15 فیصد کمی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس منصوبے کی لاگت 990 ملین روپے ہے جس سے 740 میگاواٹ بجلی پیدا ہوسکے گی جبکہ ڈیم میں 1.29 ایم اے ایف پانی ذخیرہ کیا جاسکے گا۔ (ڈان، 14 مارچ،صفحہ 10)

- پاک و ہند پانی کا تنازعہ

27 جنوری: پاکستان کمیشنر آف انڈس واٹرز (PCIW) کے مطابق بھارت دریائے چناب پر اپنے 850 میگاواٹ کے رینٹل پن بجلی منصوبہ کے ڈیزائن پر مذاکرات کے لیے آمادہ ہوگیا ہے۔ واٹر کمشنر کے مطابق بھارتی اتھارٹی کو خط لکھنے کے باوجود اب تک لاہور میں ہونے والے مذاکرات کی تاریخ نہیں دی گئی۔ کمشنر نے تصدیق کی کہ یہ منصوبہ 1960 کے سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی ہے۔ (دی نیوز، 28 جنوری،صفحہ 2)

28 جنوری: ممبران قومی اسمبلی نے حکومت سے کہا ہے کہ وہ فوری طور پر بھارت کی جانب سے دریاؤں پر بنائے جانے والے ڈیمز کے مسائل کے حل کے لیے اقدامات کرے۔ اراکین نے کہا کہ ملکی سطح پر باہمی

اتفاق سے فیصلہ کیا جائے کہ بھارت کی طرف سے غیر قانونی طور پر پاکستان کے پانی پر قبضہ کی کوشش اور 1960 کے سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزیوں کو کس طرح روکا جائے۔ (ڈان،29 جنوری،صفحہ 3)

8 مارچ: ایک اخباری رپورٹ کے مطابق دریائے جہلم، چناب اور سندھ پر بھارت نے 38 منصوبوں پر کام کرنا شروع کردیا ہے۔ PCIW (پی سی آئی ڈبلیو) نے بھارت سے ان منصوبوں کی تفصیلات معلوم کرنے کے لیے کئی درخواستیں بھیجی ہیں لیکن پاکستان کو اس حوالے سے معلومات فراہم نہیں کی گئی ہیں جو سندھ تاس معاہدے کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ (مبارک زیب خان، ڈان، 9 مارچ،صفحہ 1)

18 مارچ: پاکستان میں بھارتی ہائی کمشنر ٹی سی اے رگوان نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان پانی کا تنازعہ سال میں چار دفعہ ہونے والے مذاکرات کے ذریعے حل ہوگا۔ (دی نیوز،19 مارچ،صفحہ 17)

23 مارچ: انٹرنیشنل کورٹ آف آربیٹریشن (ICA) نے بھارت کو کشن گنگا، پن بجلی منصوبے کے لیے دریائے نیلم کے پانی کا رخ بدلنے کی اجازت دے دی ہے۔ پاکستان کی وزارت پانی اور بجلی کا کہنا ہے کہ کشن گنگا ڈیم کے بننے سے پاکستانی کو ملنے والے پانی میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔ (دی نیوز، 24 مارچ،صفحہ 1)

- آبپاشی

1 جنوری: راولپنڈی اور اسلام آباد کی پانی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اربوں روپے کا منصوبہ عمل درآمد کے لیے IRSA (ارسا) کی منظوری کا منتظر ہے۔ CDA (سی ڈی اے) کے مطابق دس سال پہلے تربیلا ڈیم سے ملنے والے پانی پر انحصار کرتے ہوئے یہ منصوبہ بنایا گیا تھا جس کی تقسیم کی مجاز صرف ارسا ہے۔ (ڈان، 2 جنوری،صفحہ 4)

29 جنوری: ایک مضمون کے مطابق محکمہ آبپاشی پرانی قدرتی گزرگاہوں کی بحالی کے لیے منصوبہ بندی کررہا

ہے تا کہ جنوبی سندھ میں سیلاب کی روک تھام کی جاسکے۔ اس منصوبہ کا فیزI تقریباً مکمل ہے فیزII کے لیے پی سی ون (PC I) تیار کیا جارہا ہے۔ منصوبے کی لاگت 50 ارب روپے ہے۔ فنڈز کی کمی کی وجہ سے منصوبہ دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ (ڈان،30 جنوری،صفحہ19)

1 مارچ: سندھ آبادگار بورڈ نے حیدرآباد میں اپنی میٹنگ میں سیاست دانوں اور بیوروکریسی پر صوبے کے آبپاشی کے نظام کو تباہ کرنے کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ سیلاب اور بارشوں کے بعد کئی بلین روپے آبپاشی کے نیٹ ورک بہتر بنانے پر صرف ہو چکے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اب بھی پشتوں کو مضبوط کرنے، لیفٹ بینک آؤٹ فال ڈرین کی گنجائش کو بڑھانے، سیم نالوں کی صفائی کی ضرورت ہے تا کہ آبپاشی کا نظام بہتر طریقے سے چل سکے۔ (ڈان، 2 مارچ،صفحہ19)

10 مارچ: ایک مضمون کے مطابق پنجاب اور سندھ کی حکومتیں پانی کو ضائع ہونے سے بچانے کے لیے اسپرنکلر اور ڈرپ آبپاشی کو فروغ دے رہی ہیں۔ ڈرپ نظام کو لگا کر چلانے کے لیے پنجاب حکومت 60 فیصد اور سندھ حکومت 80 فیصد زرتلافی دے رہی ہے۔ اس شعبے میں سرمایہ کاری کے لیے مقامی اور بین الاقوامی سرمایہ داروں کو دعوت دی گئی ہے لیکن چھوٹے کاشت کار کہہ رہے ہیں کہ آبپاشی کا محکمہ انھیں نظر انداز کررہا ہے۔ اس سے کچھ بڑے زمیندار ہی فائدہ اٹھارہے ہیں۔ (محی الدین اعظم، ڈان،10 مارچ،صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

*نہر / بیراج:*

5 جنوری: سکھر بیراج کے کنٹرول روم انچارج کے مطابق سکھر بیراج کی سالانہ مرمت اور دیکھ بھال کے لیے تمام گیٹ کھول دیئے جائیں گے جبکہ سات کنال جن میں خیرپور فیڈر ویسٹ، روہڑی کنال، خیرپور فیڈر ایسٹ، نارا کنال، دادو کنال، رائس کنال، کیرتھر کنال شامل ہیں، 15 دن کے لیے بند کیے جائیں گے۔ حکام کے مطابق اس دوران دروازوں کی مرمت اور آئلنگ کی جائے گی۔ (ڈان، 6 جنوری،صفحہ14)

8 جنوری: کے پی کے میں بھل صفائی کا کام کنٹریکٹر اور کنسلٹنٹ کے تعینات نہ ہونے کی وجہ سے دس دن آگے بڑھا دیا گیا ہے۔ (ڈان، 9 جنوری، صفحہ 7)

12 جنوری: پنجاب حکومت نے بھل صفائی کے لیے 90 ملین روپے مختص کیے ہیں۔ مقررہ ہدف کے مطابق 1515 کنال صاف کی جائیں گی جو کہ محکمہ آبپاشی کے زیر انتظام کنال کا چھ فیصد ہے جبکہ ماضی میں 20 فیصد کنال کی صفائی کی جاتی تھی۔ ہر پانچ سال بعد واٹر کورس کی صفائی اس کے پانی کے بہاؤ اور اس کی استعداد قائم رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ چھوٹے بجٹ سے ہدف حاصل کرنے کی روش سے نہری نظام کے محکمے کو اربوں روپے سالانہ نقصان ہو رہا ہے۔ بجٹ بڑھانے کے لیے حکومت سیاسی دباؤ پر آبیانہ کی شرح نہیں بڑھا رہی جس سے خرچ اور آمدن میں بڑا فرق پیدا ہو گیا ہے۔ (ڈان، 13 جنوری، صفحہ 4)

13 جنوری: سکھر بیراج کے حکام کے مطابق بیراج اور کنال کے آبپاشی نظام میں جاگیرداروں اور بااثر سیاسی لوگوں کی مداخلت جاری ہے۔ کنال سے پانی سیاسی اثر و رسوخ رکھنے والوں کی خواہشات پر چھوڑا جاتا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 14 جنوری، صفحہ 14)

17 جنوری: وفاقی حکومت 14.1 ارب روپے پشاور کے دو اہم کنالوں کو چوڑا کرنے کے لیے خرچ کرے گی تاکہ پانی کا بہاؤ بڑھایا جاسکے جس سے ہزاروں ایکڑ بارانی زمینوں کو سیراب کیا جاسکے گا۔ حکام کے مطابق توسیع کے بعد پانی کا بہاؤ 506 کیوسک سے بڑھ کے 810 کیوسک ہو جائے گا۔ (ڈان، 18 جنوری، صفحہ 7)

7 فروری: ایک اخباری رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ گڈو بیراج کی حالیہ فیزابلیٹی اسٹڈی جسے حکومت سندھ نے بین الاقوامی انجینئرنگ فرم سے کروایا ہے کہ مطابق بیراج میں سنگین حفاظتی مسائل پیدا ہو گئے ہیں

جس کی وجہ سے اس کے گیٹ اگلے پانچ سالوں میں عام دنوں میں بھی کام کرنے کے قابل نہیں ہوں گے۔ لہذا اس کی مرمت اور اسے جدید بنانے کی بہت ضرورت ہے۔ حکومت نے 160 ملین ڈالرز کی امداد کی درخواست کے ساتھ یہ رپورٹ عالمی بینک کو بھی دی ہے۔ بینک نے قرضہ دینے پر رضا مندی ظاہر کی ہے۔ (ڈان، 8 فروری، صفحہ 5)

22 مارچ: حکومت سندھ نے نہری نظام کی بہتری اور صلاحیت کو بڑھانے کے لیے خاص کر گھوٹکی فیڈر، لیفٹ بینک، نارا کنال کے واٹر بورڈ کے علاقوں کے لیے ورلڈ بینک سے اضافی 150 ملین ڈالرز کی رقم مانگ لی ہے۔ (ڈان، 23 مارچ، صفحہ 10)

26 اپریل: بلوچستان کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر عبدل مالک بلوچ نے نصیر آباد کے علاقے میں پٹ فیڈر کنال کے توسیعی منصوبے میں بڑے پیمانے پر بدعنوانی کا انکشاف کرتے ہوئے کہا کہ ان لوگوں کے خلاف قانونی چارا جوئی کی جائے گی جو اس کے ذمہ دار ہوں گے۔ (ڈان، 27 اپریل، صفحہ 5)

ٹیوب ویل:

12 جنوری: لاہور ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے WASA (واسا) کو کہا ہے کہ وہ نجی ٹیوب ویلوں اور متعدد سرکاری اداروں میں نصب ٹیوب ویلوں کا سراغ لگائے اور ان کو پانی کی مد میں ماہانہ بل بھیجنے کے لیے موثر پالیسی وضع کرے۔ اعلی حکام کے مطابق لاہور ضلع کی حدود میں زیر زمین پانی واسا کی ملکیت ہے۔ واسا اس سے اپنا ریونیو بڑھائے گی اور نجی ٹیوب ویلوں کو بھی ریگولیٹری اتھارٹی کے تحت لے کر آئے گی۔ (ڈان، 13 جنوری، صفحہ 2)

- فلٹریشن پلانٹ

8 جنوری: صوبائی حکومت نے جنوبی پنجاب میں پینے کے پانی کے لیے 10 ارب روپے کا منصوبہ شروع

کیا ہے۔ حمزہ شہباز کے مطابق اگلے سال کے آخر تک جنوبی پنجاب کے ہر علاقے میں واٹر فلٹریشن پلانٹ نصب کیے جائیں گے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 9 جنوری، صفحہ 5)

11 فروری: سندھ حکومت کے محکمے پلاننگ اور ڈیولپمنٹ کے مانیٹرنگ ایویلیوایشن سیل کی تفتیش کے مطابق پاک اوسیس (Pak Oasis) انڈسٹریز کے لگائے گئے 80 فیصد فلٹریشن پلانٹس ٹھٹھہ، بدین، تھرپارکر اور عمر کوٹ میں بالکل ٹھیک کام کررہے ہیں، 20 فیصد کی مرمت ہورہی ہے یا انھیں بہتر بنایا جارہا ہے۔ (ڈان، 12 فروری، صفحہ 11)

16 فروری: فیصل آباد کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفیسر (DCO) نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے کہنے پر 196 فلٹریشن پلانٹس فیصل آباد کے دیہی علاقوں میں لگائے جائیں گے جس پر 1,804 بلین روپے خرچہ آئے گا۔ یہ کام صاف پانی منصوبے (Safe Water project) کے تحت کیا جائے گا۔ (دی نیوز، 17 فروری، صفحہ 5)

18 فروری: امریکی سفیر رچرڈ جی اولسن نے جیکب آباد واٹر سپلائی اور ڈرینج اسکیم کا افتتاح کیا جس کے لیے امریکہ نے 66 ملین ڈالرز سندھ میونسپل سروسز پروگرام کو دینے کا وعدہ کیا ہے۔ امریکی سفیر نے کہا کہ اسکیم کے مکمل ہو جانے کے بعد شہر کے خراب پانی کے پلانٹ کام کرنے لگیں گے اور نکاسی اور صفائی کا کام بہتر ہوگا۔ اسکیم کا کام نارتھ سندھ اربن سروسز کارپوریشن (NSUSC) کو منتقل کردیا جائے گا جس کے لیے ADB (اے ڈی بی) نے مالی امداد دی ہے۔ (ڈان، 19 فروری، صفحہ 19)

13 اپریل: ایک اخباری رپورٹ کے مطابق وفاقی حکومت کی مدد سے صوبے میں فلٹریشن پلانٹ لگانے کے منصوبے میں بڑی مالی بدعنوانی کا پتہ لگانے کے بعد کے پی کے کی حکومت ایسے پلانٹ خود یونین کونسل کی سطح پر لگانے پر غور کررہی ہے جس کے لیے لوکل گورنمنٹ اور دیہی ترقی کے محکمے کو ابتدا میں

4.345 بلین روپے درکار ہونگے۔ (محمد اشفاق، ڈان، 13 اپریل، صفحہ 7)

18 اپریل: پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری نے مٹھی تھرپارکر کا دورہ کرتے ہوئے تھر میں پانی کے تمام ریورس آسموسس پلانٹس ہنگامی بنیادوں پر ٹھیک کرنے کا حکم دیا تاکہ لوگوں کو پینے کا صاف پانی میسر ہو اور وہ آلودہ پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں سے محفوظ رہ سکیں۔ (ڈان، 19 اپریل، صفحہ19)

28 اپریل: لاہور میں ایک سمینار سے خطاب کرتے ہوئے گورنر پنجاب چودھری محمد سرور نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے 50 بلین روپے شہروں کو صاف پانی فراہم کرنے کے لیے مختص کیے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ صاف پانی پروگرام شروع کرنے کے بعد پتہ چلا کہ جو پلانٹ پہلے لگائے گئے تھے ان میں سے زیادہ تر خراب پڑے ہیں یا وہ غیر معیاری ہیں۔ (دی نیوز، 29 اپریل، صفحہ 5)

## بیج

- ہائبرڈ بیج

11 جنوری: دی بیجنگ انجینئرنگ ریسرچ سینٹر فار ہائبرڈ ویٹ (BERCHW) نے پیداوار بڑھانے اور پاکستان کے مختلف علاقوں میں کاشت کے لیے 12,000 کلوگرام گندم کا مخصوص ہائبرڈ بیج فراہم کیا ہے۔ پاکستانی پرائیوٹ سیکٹر اور BERCHW (بی ای آر سی ایچ ڈبلیو) پچھلے کچھ سالوں سے اہم غذائی فصلوں کو فروغ دینے کے لیے مشترکہ تحقیق کر رہے ہیں اور کچھ چینی زرعی سائنسدانوں نے اس میں مدد کے لیے پاکستان کا دورہ بھی کیا ہے۔ امکان ہے کے اگلے دو سالوں میں پاکستان میں تجارتی بنیادوں پر بڑے رقبے پر ہائبرڈ گندم کاشت ہوگی۔ بیجنگ میں پاکستانی سفارت خانہ ہائبرڈ گندم کی بڑے پیمانے پر کاشت کے لیے مرکزی کردار ادا کررہا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 جنوری، صفحہ 11)

8 مارچ: یو ایس ڈیپارٹمنٹ آف ایگریکلچر (USDA) کے مشیر آین سی ونبورن (Ian C Winborne) نے اسلام آباد میں کہا کہ پودوں کی ایک بیماری (Ug99) جو یوگنڈا سے مشرق وسطیٰ تک پہنچ چکی ہے اگر وہ پاکستان پہنچ گئی تو اس سے گندم کی فصل 50 فیصد تک ختم ہوسکتی ہے۔ امریکہ نے گندم کی دو ایسی فصل متعارف کرائی ہیں، نارک –2011 (NARC-2011) اور پاک – 13 (PAK-13) جو اس بیماری کے خلاف مدافعت رکھتی ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 9 مارچ، صفحہ 11)

12 مارچ: ایک خبر کے مطابق موجودہ ربیع کے موسم میں پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل (PARC) نے 70 ایکڑ پر کنولا کے ہائبرڈ بیج کاشت کیے ہیں تاکہ اگلے سیزن میں چھوٹے کسانوں کو اس کے بیج فراہم کیے جاسکیں۔ اس موقع پر PARC (پارک) کے چیئرمین ڈاکٹر افتخار احمد نے کہا کہ پاکستان 75 فیصد خوردنی تیل باہر سے درآمد کرتا ہے جس پر 13-2012 میں 207.6 بلین روپے خرچ کیے گئے۔ یہ کمی پوری کرنے کے لیے پارک نے پچھلے دو سالوں میں کنولا کے 30 ٹن ہائبرڈ بیج پیدا کرکے منڈی تک پہنچائے ہیں۔ (ڈان، 13 مارچ، صفحہ 10)

- جینیاتی بیج

11 فروری: ایک مضمون کے مطابق ہر سال سینٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ سکرنڈ اور پانچ دیگر اداروں پر مشتمل حکومتی لیبارٹریوں سے 6,000 ٹن کے قریب تصدیق شدہ بی ٹی کاٹن کے بیج کسانوں تک پہنچتے ہیں۔ پاکستان کی سالانہ ضرورت 40,000 سے 45,000 ٹن ہے۔ لہذا باقی بیج نجی کمپنیاں فراہم کرتی ہیں جن میں ملی جلی اقسام کے بیج ہوتے ہیں۔ (صادحسن، دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 فروری، صفحہ 10)

15 فروری: ایک مضمون کے مطابق پاکستان میں کسانوں نے 2005 میں بی ٹی کپاس کے بیجوں کو باہر سے اسمگل کرکے مقامی فیکٹریوں میں بڑھانا شروع کیا۔ 2010 میں حکومت نے بی ٹی کپاس کے بیج کی تجارتی بنیادوں پر پیداوار کی اجازت دے دی۔ مقامی ورائٹی میں زہریلا مادہ کم تھا جس سے سالانہ

پیداوار 13-12 ملین گانٹھوں سے زیادہ نہیں ہوئی جبکہ 2003 میں بیجوں سے کپاس کی 14.6 ملین گانٹھوں کی پیداوار ہوئی تھی۔ وہ کیڑے جس کے لیے بی ٹی ٹیکنالوجی موثر ہے وہ پاکستان کا مسئلہ ہی نہیں۔ ہمارا مسئلہ کپاس کا پتہ مروڑ وائرس ہے۔ مضمون نگار کے مطابق ملٹی نیشنل کمپنیاں، مونسانٹو اور پائنیئر بی ٹی کپاس کے حوالے سے مقامی کمپنیوں کا اب مقابلہ نہیں کررہی ہیں بلکہ بی ٹی مکئی کے لیے حکومتی اجازت طلب کررہی ہیں جس کی ٹیکنالوجی نقل کرنا مشکل ہے۔ (ناصر جمال، ڈان، 16 فروری، صفحہ 3)

15 فروری: پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن (PCGA) کے چیئرمین مختار احمد خان بلوچ نے بتایا کہ ان کے ایسوسی ایشن کی افغان جنرز کے ساتھ ملاقات ہوئی ہے۔ افغانی وفد نے پاک افغان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن بنانے کی تجویز کو قبول کیا ہے۔ افغانستان میں 35 جننگ فیکٹریاں ہیں اور 7,000 ایکڑ پر کپاس کاشت کی جاتی ہے۔ پاکستان افغانستان میں کپاس کے زیر کاشت رقبے کو بڑھانے، جننگ کی صنعت قائم کرنے اور تصدیق شدہ اچھی پیداواری صلاحیت کے بیج فراہم کرنے اور تجارت بڑھانے میں مدد کرے گا۔ (دی نیوز، 16 فروری، صفحہ 5)

6 اپریل: ایک خبر کے مطابق پنجاب حکومت نے کپاس کے اس جینیاتی بیج (بی ٹی 23) کو تجارتی بنیادوں پر فروخت کرنے کی اجازت دے دی ہے جس کی پاکستان میں کبھی بھی تجرباتی کاشت (فیلڈ ٹرائل) نہیں ہوئی۔ بائیوسیفٹی گائیڈ لائنز کے تحت کم از کم دو سال تک ماحول پر ایسے بیجوں کی کاشت کے اثرات کو (مخصوص ماحول میں) سمجھے بغیر تجارتی بنیادوں پر فروخت نہیں کیا جاسکتا۔ اس کے بعد جی ایم (جینیاتی) بیج کی اس قسم کو سیڈ ایکٹ 1976 اور سیڈ رولز 1981 کے تحت فیڈرل سیڈ سرٹیفکیشن اور رجسٹریشن کے محکمے میں رجسٹر کیا جاتا ہے۔ (ڈان، 7 اپریل، صفحہ 4)

20 اپریل: ایک اخباری مضمون نگار کو ملنے والی دستاویز کے مطابق بی ٹی کپاس کی منظور شدہ اقسام سیڈ ایکٹ 1976 کے کم از کم معیار سے کم اگتی ہے اور اس میں کیڑوں کو مارنے والے زہریلے مواد

(toxins) بھی کم ہوتے ہیں اور اس کے ریشے (fibre) بھی ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن کے قابل قبول معیار پر نہیں ہوتے۔ ان بیجوں کو دو سال تک ٹیسٹ کرنا نیشنل بائیو سیفٹی کمیٹی (NBC) نے لازمی قرار دیا ہے لیکن حکومت ان شرائط کو پورا کیے بغیر انھیں منڈی میں فروخت کی اجازت دے کر کسانوں کو بڑے نقصان سے دو چار کررہی ہے۔ (جمال شاہد، ڈان، 21 اپریل، صفحہ14)

25 اپریل: گورنر پنجاب چودھری محمد سرور نے ایوب ایگریکلچرل ریسرچ انسٹیٹیوٹ (AARI) میں پاک امریکہ زرعی تعلقات کے 50 سال اور ڈاکٹر نورمن ای بورلاگ (Norman E. Borlaug) کی 100 سالہ سالگرہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب کپاس کے نئے بیج مونسانٹو کمپنی کی مدد سے متعارف کروانے پر غور کر رہی ہے جس سے کپاس کی پیداوار 13 سے 26 ملین گانٹھیں ہو جائے گی۔ پنجاب حکومت کوشش کررہی ہے کہ پائیدار ترقی کے ذریعے ''سبز انقلاب'' لائے۔ (دی نیوز، 26 اپریل، صفحہ17)

- سیڈ ایکٹ

23 فروری: ایک مضمون کے مطابق کے پی کے پلانٹ بریڈرز رائٹس ایکٹ 2014 کا بل صوبائی اسمبلی کے حالیہ سیشن میں پیش کردیا گیا ہے۔ یہ بل صوبے میں بیج کی صنعت کو فروغ دینے میں مدد دے گا۔ (انتخاب عامر، ڈان، 24 فروری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

## II۔ زرعی مداخل

### قدرتی یا صنعتی زراعت

25 جنوری: پاکستان کے لیے اقوام متحدہ کے فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (FAO) کے نئے نمائندے پیٹرک ٹی ایوینس (Patrick T. Evans) نے مشیر برائے امور خارجہ سرتاج عزیز سے ملاقات میں کہا ہے کہ شعبہ زراعت کی بہتری اور غذائی خودمختاری کے لیے کسانوں کو اس قابل بنانے کی ضرورت ہے کہ

وہ اپنی پیداوار بڑھانے کے لیے نئی زرعی ٹیکنالوجی استعمال کریں۔ اس مقصد کے لیے انہوں نے FAO (ایف اے او) کی تکنیکی امداد بڑھانے کی پیش کش کی۔ (دی نیوز، 26 جنوری، صفحہ 15)

27 جنوری: وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے مطابق پاکستان کے لیے ضروری ہے کہ وہ غربت کے خاتمہ کے لیے تیل والے بیج اور دالیں اگائے اور کسانوں میں جدید ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے بیداری پیدا کرے۔ انھوں نے مزید کہا کہ زرعی شعبے میں تعلیم یافتہ افرادی قوت کی کمی ہے حکومت کو چاہیے کہ وہ زراعت کی ترقی کے لیے اقدامات کرے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 28 جنوری، صفحہ 11)

17 مارچ: اسٹیک ہولڈرز کے مطابق زیادہ منافع بخش ہونے کی وجہ سے کے پی کے کسان ٹنل اور نیٹ فارمنگ کی طرف آہستہ آہستہ مائل ہورہے ہیں۔ ڈائریکٹر ایگریکلچر فضل محبوب کے مطابق کم ہوتی ہوئی زرعی زمین اور آبادی میں اضافے سے سبزیوں کی مانگ بڑھ گئی ہے جس کی وجہ سے ٹنل فارمنگ کی مقبولیت میں اضافہ ہورہا ہے۔ کسان بورڈ کے نمائندے کے مطابق یو ایس ایڈ نے ان کسانوں کے لیے مالی تعاون اور تکنیکی ماہرین بھی مہیا کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ (ڈان، 18 مارچ، صفحہ 7)

18 مارچ: کے پی کے اسمبلی نے حکومت اورعوام کے اشتراک سے کے پی کے فارم سروسز سینٹرز ایکٹ کو کثرت رائے سے منظور کرلیا ہے۔ قانون کے مطابق یہ سینٹرز کسانوں کے حقوق کی حفاظت کریں گے اور ساتھ میں کسانوں کے لیے معلومات، ہنر اور جدید زراعت کو فروغ دے کر فصل کی پیداوار بڑھائیں گے۔ (ڈان، 19 مارچ، صفحہ 7)

## کھاد

2 جنوری: سندھ آبادگار بورڈ نے کہا ہے کہ ملک میں یوریا کی قیمتیں بڑھنے سے اشیائے خورد ونوش کی قیمتیں بڑھیں گی اور گندم کی اہم فصل اور زرعی پیداوار بھی متاثر ہوگی جو درآمدی گندم پر پاکستان کا انحصار

اور بڑھا دے گا۔ ایف اے او پہلے ہی کہہ چکا ہے کہ پاکستان اگلے مالی سال نو لاکھ ٹن گندم درآمد کرے گا جس کے لیے 600 ملین ڈالرز درکار ہونگے۔ (دی نیوز، 3 جنوری، صفحہ 15)

10 جنوری: حکومت اور یوریا بنانے والے اداروں کے درمیان یوریا کی قیمتوں کو 1,786 روپے فی 20 کلو بوری تک لانے پر سمجھوتہ ہوگیا ہے۔ گیس انفرا اسٹرکچر ڈیولپمنٹ سیس (GIDC) لگنے کے بعد قیمت 1900 روپے فی بوری تک بڑھ گئی تھی۔ سرچارج لگنے کے بعد گیس کی قیمتیں 103 روپے فی MMBtu سے بڑھ کر 300 روپے فی MMBtu ہوگئی تھیں جس کے بعد یوریا کمپنیوں نے 155 روپے فی بوری اضافہ کر دیا تھا۔ (ڈان، 11 جنوری، صفحہ 10)

11 فروری: FBR (ایف بی آر) نے مختلف حکومتی محکموں سے صنعتی اور زرعی استعمال کے لیے کیمیکلز کی درآمد پر پابندی لگانے کے بارے میں رائے طلب کی ہے۔ یہ کیمیکلز امپروائزڈ ایکسپلوسیو ڈیوائس (IED) میں بطور خام مال استعمال ہوتے ہیں۔ (دی نیوز، 12 فروری، صفحہ 17)

17 فروری: ایک سرکاری دستاویز کے مطابق فرٹیلائزر پلانٹس کو گیس کی بندش کی وجہ سے پاکستان میں یوریا کی قلت خریف کے موسم میں پانچ لاکھ ٹن تک ہوگی۔ وزارت صنعت و پیداوار نے قلت سے بچنے کے لیے سات لاکھ ٹن یوریا درآمد کی تجویز پیش کی ہے جس کی مالیت 280 ملین ڈالرز ہوگی۔ (دی نیوز، 18 فروری، صفحہ 15)

27 جنوری: وزارت صنعت و پیداوار کے مطابق یوریا کھاد بنانے والی نئی کمپنیوں نے GIDC (جی آئی ڈی سی) کی آڑ میں اچانک قیمتوں میں اضافہ کرکے کسانوں کی جیب سے اربوں روپے ہڑپ کرلیے ساتھ ساتھ ڈیلرز نے بھی کسانوں کے ذریعے اربوں روپے کا منافع کمایا۔ ذرائع کے مطابق کھاد بنانے والے نئے کارخانوں نے جی آئی ڈی سی سے مستثنیٰ ہونے کے باوجود یوریا کی قیمتوں میں اضافہ کیا۔

(دی ایکسپریس ٹریبیون، 28 جنوری، صفحہ 11)

20 مارچ: وزارت پیٹرولیم و قدرتی وسائل نے کھاد بنانے والی نئی فیکٹریوں کے لیے آئندہ 10 سال تک گیس کی قیمت مقرر کرنے پر سوال اٹھایا ہے۔ وزارت صنعت (جسے اس حوالے سے پالیسی بنانے کا اختیار حاصل ہے) کے ذرائع کے مطابق فرٹیلائیزر پالیسی کچھ کھاد بنانے والی فیکٹریوں کو جن کا بڑا سیاسی اثر ہے خوب فائدہ پہنچا رہی ہیں۔ (دی نیوز، 21 مارچ، صفحہ 15)

2 اپریل: فرٹیلائزر مینوفیکچررز پاکستان ایڈوائزی کونسل (FMPAC) کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر شہاب خواجہ نے کراچی میں اخباری نمائندوں سے بات چیت کے دوران بتایا کہ گیس کی قدرے بہتر سپلائی کی وجہ سے 2013 میں یوریا کی پیداوار 4.8 ملین ٹن ہوگئی جبکہ 2012 میں اس کی پیداوار صرف 4.2 ملین ٹن تھی۔ ملک میں 6.2 ملین ٹن یوریا پیدا کرنے کی صلاحیت ہے اور طلب 5.9 ملین ٹن ہے۔ یوریا کی قیمتوں میں اضافے کے حوالے سے انھوں نے کہا کہ 20 کلوگرام بوری کی قیمت میں 2008 سے 2014 تک 89 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ (ڈان، 3 اپریل، صفحہ 10)

7 اپریل: ایک مضمون کے مطابق وفاقی حکومت نے اگرچہ یوریا کی قیمت اس کے بوری پر چھپوانے میں کامیابی حاصل کرلی ہے لیکن اس سے مزید ابہام پیدا ہوگیا ہے۔ یہ پتہ نہیں چل رہا کہ 1,786 روپے فی بوری مل کی اپنی قیمت ہے یا اس میں ڈیلر کا منافع (جو اکثر 40 روپے فی بوری ہوتا ہے) شامل ہے۔ پنجاب میں بیچی گئی یوریا کی قیمت 1,830 اور 1,835 روپے فی بوری کے درمیان ہوگئی ہے۔ (احمد فراز خان، ڈان، 7 اپریل، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

16 اپریل: ایک خبر کے مطابق وزارت پانی و بجلی کو ایک طرف تو بجلی گھروں (power plants) کو گیس فراہم کرنے میں دشواری کا سامنا ہے تو دوسری طرف کھاد کمپنیاں اپنی پیداوار میں اضافے کے لیے گیس

سپلائی میں اضافے پر زور دے رہی ہیں۔ رواں مالی سال میں بجلی گھروں کو گیس کا صرف 47.1 فیصد حصہ ملا جب کے حکومت کھاد کمپنیوں کو ان کا پورا گیس کا کوٹہ دینے کے انتظامات کررہی ہے تاکہ کسانوں کی خریف کی ضروریات پوری کی جاسکیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 17 اپریل، صفحہ 11)

29 اپریل: یوریا ڈیلرز اور حکومت پنجاب کے درمیان وفاقی حکومت کے غلط فیصلے کے حوالے سے تنازعہ چل رہا ہے۔ حکومت ڈیلرز سے ایکس فیکٹری قیمت (1,789 روپے فی 50 کلوگرام) کے مطابق عمل درآمد کروانے کی کوشش کر رہی ہے جبکہ اس میں نقل وحمل کے اخراجات اور ڈیلرز کا منافع شامل نہیں ہے۔ (دی نیوز، 30 اپریل، صفحہ 17))

- بائیو چار

24 مارچ: یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد کے زیراہتمام ایک بین الاقوامی ورکشاپ ''بائیو چار'' پر ہوئی۔ ورکشاپ میں زمین کی ختم ہوتی ہوئی زرخیزی کو بائیو چار کے ذریعے بڑھانے پر بات چیت ہوئی۔ مقررین کا کہنا تھا کہ اس سے ہمارے ملک کی بڑھتی ہوئی آبادی کے لیے زرعی پیداوار بڑھائی جاسکتی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 مارچ، صفحہ 11)

## زرعی مشینری

- ٹریکٹر

2 جنوری: ٹریکٹر پر یکم جنوری 2014 سے 17 فیصد جنرل سیلز ٹیکس (GST) نافذ کردیا گیا جس سے ٹریکٹر کی قیمتوں میں اضافہ ہو جائے گا۔ ڈیلرز کا کہنا ہے کہ سات فیصد اضافے سے ٹریکٹرز کی فروخت متاثر ہوگی۔ (ڈان، 3 جنوری، صفحہ 10)

9 جنوری: ٹریکٹر اور زرعی مشینری بنانے والے اداروں نے حکومت سے درخواست کی ہے کہ ٹریکٹرز پر

GST (جی ایس ٹی) کم کیا جائے تا کہ قیمتیں کم ہوں۔ ٹریکٹر بنانے والے اداروں کے وفد نے وزیر خوراک و زراعت سے ملاقات میں مطالبہ کیا ہے کہ ٹریکٹر پر جی ایس ٹی کی شرح پانچ فیصد کی جائے جیسا کہ چائنا، بھارت اور ترکی نے کی ہے۔ (ڈان،10 جنوری،صفحہ10)

18 جنوری: ملت ٹریکٹر ز نے جی ایس ٹی کی شرح بڑھنے سے ٹریکٹر کی فروخت میں ہونے والی کمی کی وجہ سے دو ہفتہ کے لیے ٹریکٹر کی پیداوار معطل کردی ہے۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر لئیق الدین کے مطابق کمپنی پلانٹ کو سنگل شفٹ میں چلانے کی منصوبہ بندی کررہی ہے جس سے 600 سے 700 ملازمین بے روزگار ہو جائیں گے۔ ملت ٹریکٹرز میں کل 1800 ملازمین ہیں۔ کمپنی پہلے ہی حکومت سے درخواست کر چکی ہے کہ وہ جی ایس ٹی پانچ فیصد پر لائے تا کہ کسان اور کاشت کاروں کا فائدہ ہو۔ (ڈان،19 جنوری،صفحہ10)

27 جنوری: لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے حکومت سے کہا ہے کہ وہ ٹریکٹر انڈسٹری کی بحالی کے لیے کوششیں کرے۔ انڈسٹری اپنی پیداواری صلاحیت سے 30 فیصد کم پر چل رہی ہے۔ ٹریکٹر بنانے والی انڈسٹری گزشتہ دو سالوں سے طلب میں کمی کے بحران کا شکار ہے۔ حکومت کا جی ایس ٹی بڑھانے کا فیصلہ انڈسٹری کو تباہ کردے گا۔ ملت ٹریکٹرز اور الغازی ٹریکٹرز کو اپنے پلانٹ بند کرنے پر مجبور کردے گا۔ 95 فیصد ملکی ذرائع سے دنیا میں سستے ٹریکٹرز بنانے کے باوجود انڈسٹری کے لیے اپنی مصنوعات فروخت کرنا دشوار ہوگیا ہے۔ (دی نیوز،28 جنوری،صفحہ17)

7 فروری: عثمان اسلم ملک، چیئرمین، پاکستان ایسوسی ایشن آف آٹوموٹیو پارٹس اینڈ ایکسا سریز مینوفیکچررز (PAAPAM) نے حکومت کو کہا ہے کہ ٹریکٹر کی کم پیداوار کی وجہ سے ٹریکٹر کی صنعت سے حاصل ٹیکس میں کمی کی جائے۔ انھوں نے کہا کہ اس سال 30,000 سے زیادہ ٹریکٹر فروخت کیے گئے جبکہ پچھلے سال 50,000 اور 2010-11 میں 70,000 فروخت کیے گئے تھے۔ انھوں نے مزید کہا جب پیداوار 70,000 تھی تو جی ایس ٹی پانچ فیصد تھا اور ٹیکس سے حاصل رقم 7.3 بلین تھی۔ 2012-13 میں 10 فیصد جی ایس

ٹی تھا اور حکومت کو 6.8 بلین روپے ملے اور اس سال 16 فیصد جی ایس ٹی کے ساتھ حکومت کو صرف پانچ بلین روپے حاصل ہو پائیں گے۔ (دی نیوز، 8 فروری، صفحہ 17)

## زرعی ادویات

17 اپریل: ڈان اخبار اپنے ایک اداریہ میں لکھتا ہے کہ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خوراک و زراعت کو بتایا گیا ہے کہ پلانٹ پروٹیکشن (پودوں کو بچاؤ) کے محکمے کے پاس جو چھوٹے جہاز تھے ان میں سے اب صرف تین قابل استعمال ہیں، 17 جہازوں کی فنڈز کی کمی کی بنا پر مرمت نہیں کرائی گئی ہے جس کی وجہ سے پودوں پر کیڑوں کے حملے کے دوران ہوائی اسپرے نہیں ہو رہا ہے۔ (ڈان، 18 اپریل، صفحہ 6)

## زرعی تحقیق

10 فروری: پارک نے 20 ملین روپے کا ''بزنس پلان'' اگلے پانچ سالہ منصوبے (18-2013) کے ساتھ بنایا ہے جس کے مطابق زرعی تحقیق کو حاصل وسائل علاقائی ممالک کے مقابلے میں انتہائی ناکافی ہیں۔ اس وقت زرعی تحقیق پر پارک، صوبوں، یونیورسٹیوں اور نجی شعبے کو ملا کر 3.3 بلین روپے سالانہ خرچ ہوتے ہیں۔ ایک آزاد ادارے نے پارک کے حوالے سے یہ مشورہ دیا ہے کہ کام کے حوالے سے اسے دو حصوں میں تقسیم کردیا جائے۔ ایک حصہ قومی زرعی تحقیقی ادارے کے طور پر کام کرے اور دوسرا حصہ تحقیق کے کام میں پورے زرعی نظام (جس میں تمام صوبے شامل ہیں) کے درمیان رابطے کا کام انجام دے۔ (ڈان، 11 فروری، صفحہ 10)

3 مارچ: ایف اے او اور پارک نے اسلام آباد میں ایک میٹنگ میں زراعت کے حوالے سے مستقبل کے مسائل پر ویژن 2050 میں بات چیت کی۔ میٹنگ کا مقصد مستقبل کے رجحانات کا اندازہ لگا کر نجی شعبے کی زراعت کے حوالے سے مدد کرنا تھا تاکہ وہ مستقبل کے چیلینجوں کا مقابلہ کرسکے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 4 مارچ، صفحہ 11)

12 اپریل: محکمہ زراعت پنجاب نے اپنے سالانہ بجٹ میں زرعی تحقیق کے لیے مختص کی گئی رقم میں کمی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت زرعی ریسرچ ونگ کو مالی اور انتظامی آزادی دے۔ محکمے کی ایک حالیہ رپورٹ کے مطابق زرعی تحقیق کے اعتبار سے پاکستان دنیا میں 34 نمبر پر ہے، بھارت آٹھویں نمبر پر اور امریکہ، چین اور جاپان پہلے، دوسرے اور تیسرے نمبر پر ہیں۔ (ڈان،13 اپریل،صفحہ 2)

- ٹنل ٹیکنالوجی

12 فروری: فیصل آباد کے ایک زرعی ماہر کے مطابق کسان ٹنل ٹیکنالوجی کو تیزی سے اپنا رہے ہیں جس سے ان کے منافع میں روایتی طریقے کے مقابلے میں پانچ گنا اضافہ ہو رہا ہے، لوگوں کا روزگار بہتر ہو رہا ہے اور غذائی تحفظ کو ممکن بنایا جارہا ہے۔ ٹنل فارمنگ میں فی ایکڑ زیادہ پودوں کو پانی لگایا جاسکتا ہے، ہائبرڈ بیج، کیمیائی ادویات، یوریا کی متوازن مقدار اور آبپاشی کے نئے طریقوں سے بہتر پیداوار حاصل ہوتی ہے۔ اس ٹیکنالوجی سے بے موسم فصلیں اگائی جاسکتی ہیں۔ ٹنل تین طرح کے ہوتے ہیں: نیچے، واک ان (جن میں اندر تک جایا جاسکتا ہے) اور ہائی (اونچے)۔ نیچے ٹنلز کی قیمت 30,000 روپے فی ایکڑ ہے، واک ان جو بہتر پیداوار دینے والے ٹنل ہیں 120,000 روپے فی ایکڑ اور اونچے 600,000 فی ایکڑ میں لگائے جاتے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون،13 فروری،صفحہ 1)

## III۔ غربت اور غذائی تحفظ

### غربت

26 جنوری: یونائیٹڈ نیشنز ڈیولپمنٹ پروگرام (UNDP) کے ریجنل ڈائریکٹر برائے ایشیاء کے مطابق تین بڑے مسائل پر جامع حکمت عملی اور ان پر فوراً عمل درآمد کی ضرورت ہے جن میں غربت، قدرتی آفات سے بچاؤ کی تدابیر اور پر اثر طرز حکومت شامل ہیں۔ پاکستان کی میلینیم ڈیولپمنٹ گولز (MDGs) کی کارکردگی پر گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ترقی کی دوڑ میں آگے بڑھنے کے لیے پاکستان کو اپنے ہمسایہ ممالک سے سبق لینا چاہیے۔ (ڈان،27 جنوری،صفحہ 5)

26 جنوری: اسٹیٹ بینک کی سالانہ جاری معاشی رپورٹ کے مطابق پچھلے مالی سال شہری آبادی دیہی آبادی سے زیادہ غربت کا شکار رہی۔ یہ غیر یکساں تناسب پچھلے دس سالوں سے بڑھ رہا ہے جس کی وجہ بے روزگاری، توانائی کا بحران اور ایندھن کی قیمتوں میں اضافہ بتایا گیا ہے۔ شہری آبادی کو پچھلے پانچ سالوں سے گرتی معیشت میں کوئی تحفظ حاصل نہیں ہوا جس سے آمدنی اور اخراجات میں تناسب رکھنا بہت مشکل ہوگیا جبکہ دیہی آبادی فصلوں کی بڑھتی قیمت کی وجہ سے ان اثرات سے محفوظ رہی۔ (ڈان، 27 جنوری، صفحہ 8)

26 جنوری: ہاؤس ہولڈ انٹی گریٹیڈ اکنامک سروے (HIES) کے مطابق غذا کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے کم آمدنی والے افراد کے لیے بچت کا تصور محال ہے۔ شہری زندگی میں گھریلو اخراجات میں اضافہ اور بچت میں نمایاں کمی ہوئی ہے جس کا اثر غریب، امیر اور درمیانے طبقے پر پڑا ہے جبکہ دیہی آبادی کی بچت کا گراف گزشتہ دس سالوں میں بڑھا ہے۔ (ڈان، 27 جنوری، صفحہ 2)

6 فروری: ایک خبر کے مطابق عالمی بینک گروپ پاکستان کے لیے ایک نئی اسٹراٹیجی تیار کررہا ہے جو اس کے تین اداروں (عالمی بینک، انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن اور ملٹی لیٹرل انویسٹمنٹ ایجنسی) کو اگلے پانچ سالوں کے لیے ہدایت جاری کرے گی۔ یہ اسٹراٹیجی اہداف پر اپنی توجہ مرکوز رکھتے ہوئے شدید غربت کو ختم کرنے اور خوش حالی میں حصہ داری (shared prosperity) پر توجہ دے گی۔ (ڈان، 7 فروری، صفحہ 10)

24 فروری: سسٹین ایبل ڈیولپمنٹ پالیسی انسٹیٹیوٹ (SDPI) کی رپورٹ کلسٹرڈ ڈیپرائیویشن (Clustered Deprivation) کے مطابق 58.7 ملین لوگ پاکستان میں مختلف طریقے کی (multidimensional) غربت کا شکار ہیں۔ اس میں 46 فیصد دیہی آبادی اور 18 فیصد شہری آبادی کے گھرانے غربت کی لکیر کے نیچے زندگی گزار رہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 فروری، صفحہ 9)

7 مارچ: سندھ کا پانچ سالہ منصوبہ، سندھ یونین کونسل بیسڈ پاورٹی ریڈکشن پروگرام (SUCBPRP) جسے شکارپور اور کشمور میں سندھ سوشل ریلیف فنڈ نے شروع کیا تھا، کو سندھ کے 12 اضلاع تک پھیلانے کے منصوبے کے لیے یورپی یونین کے وفد نے وزیر اعلیٰ سندھ سے ملاقات کے دوران 10 بلین روپے دینے کی پیشکش کی ہے۔ یو ایس ایڈ کے ایک وفد نے بھی میونسپل سروسیز ڈیلوری پروگرام (MSDP) کے لیے سندھ کے وزیر اعلیٰ سے ملاقات کے دوران مالی اور انتظامی تعاون کا یقین دلایا۔ (دی نیوز، 8 مارچ، صفحہ 20)

2 اپریل: عالمی بینک کی ایک رپورٹ (جو جنوبی ایشیا میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں کمی کے خلا کو پر کرکے غربت میں کمی لانے پر ہے) میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کی آدھی آبادی کو نکاسی اور صفائی ستھرائی کا نظام میسر نہیں ہے جب کہ ایک تہائی آبادی بجلی کے بغیر گزارہ کر رہی ہے۔ رپورٹ میں سفارش کی گئی ہے کہ پاکستان میں غربت میں کمی لانے کے لیے 2.5 ٹریلین روپے سالانہ بنیادی ڈھانچے (infrastructure) کو بہتر بنانے پر خرچ کرنے کی ضرورت ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 3 اپریل، صفحہ 1)

11 اپریل: خودکشی کی بڑھتی ہوئی شرح پر جنگ فورم میں گفتگو کرتے ہوئے شرکاء نے کہا کہ یہ معاشرتی ناانصافی اور ریاست کی طرف سے سماجی معاہدے (social contract) کی پاسداری نہ ہونے کے خلاف احتجاج کی ایک شکل ہے۔ (دی نیوز، 12 اپریل، صفحہ 5)

17 اپریل: پلاننگ کمیشن نے پاکستان میں پہلی مرتبہ ملٹی ڈائمنشنل پاورٹی انڈکس (MPI) تیار کیا ہے جس کے ذریعے عالمی طریقہ کار کے مطابق ملک میں غربت سے متاثر افراد کا حساب رکھا جائے گا۔ (ڈان، 18 اپریل، صفحہ 10)

- مائیکرو کریڈٹ

29 جنوری: کراچی میں پاکستان مائیکرو فنانس نیٹ ورک نے ایک ادارہ حکمہ کنسلٹنسی کے اشتراک سے

ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) کے تعاون سے مائیکرو فنانس کے بورڈ ممبران اور مینجمنٹ کے لیے منعقد کیے گئے ٹریننگ پروگرام کا مقصد انتظامی امور کے بہترین طریقوں کی معلومات اور اس کے ذریعے غربت کے عوامل پر غور کرنا تھا۔ ورکشاپ میں سابق گورنر اسٹیٹ بینک ڈاکٹر عشرت حسین اور سلیم رضا اور دیگر تجربہ کار بینکر اور مائیکرو فنانس کے ماہرین نے بھی شرکت کی۔ (دی نیوز، 30 جنوری، صفحہ 17)

10 فروری: خوشحال بینک کو مائیکرو فنانس ٹرانسپرینسی (MFT) نے بینک کی منڈی میں قیمتوں کے تعین میں ذمہ دارانہ روایت کے اعتراف میں سیل آف ٹرانسپرینسی دی ہے۔ پاکستان پرائسنگ انیشیٹو کو پاکستان مائیکرو فنانس نیٹ ورک اور MFT (ایم ایف ٹی)، اسٹیٹ بینک کے فنانشل انکلوژن (financial Inclusion) پروگرام، یو کے ایڈ (UK aid) اور پاکستان پاورٹی ایلی ویشن فنڈ (PPAF) کے تعاون سے شروع کیا۔ (ڈان، 11 فروری، صفحہ 11)

12 فروری: غربت میں کمی لانے کے لیے وزیر اعلیٰ کے پی کے کے پرویز خٹک نے دو بلین روپے کی بلا سود ''خود کفالت'' اسکیم کا افتتاح کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسکیم کو پانچ سال کے اندر 12 بلین روپے تک بڑھا دیا جائے گا۔ (ڈان، 13 فروری، صفحہ 7)

6 مارچ: دیہی اور زرعی فنانس میں جدت لانے کے لیے فنانشل اینو ویشن چیلنج فنڈ (FICF) کا افتتاح کرتے ہوئے، وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا کہ حکومت زراعت پر خصوصی توجہ دے رہی ہے تاکہ پاکستان میں پائیدار ترقی ممکن ہو۔ SBP (ایس بی پی) پروگرام کو یو کے ایڈ کے تعاون سے عملی جامہ پہنا رہا ہے تاکہ پاکستان میں لوگوں تک مالیاتی خدمات کی رسائی بہتر بنائی جاسکے۔ (دی نیوز، 7 مارچ، صفحہ 14)

19 مارچ: وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے ہدایت کی ہے کہ PPAF (پی پی اے ایف) ان علاقوں پر

زیادہ توجہ دے جہاں مائیکرو فنانس کی سہولیات کم یا بالکل ہی نہ ہو۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 20 مارچ، صفحہ 11)

19 مارچ: حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ ایک مہینے کے اندر دیہی علاقوں کے غریب گھرانوں کو 25 بلین روپے بلاسود قرضے وزیراعظم کی بلاسود اسکیم کے تحت پی پی اے ایف کے ذریعے دیے جائیں گے۔ (ڈان، 20 مارچ، صفحہ 3)

زرعی قرضے:

29 جنوری: ایس بی پی نے زرعی مالیاتی قوانین میں ترمیم کرتے ہوئے بینکوں کو ہدایت جاری کی ہے کہ منڈی پر مبنی ایسی پالیسی وضع کریں جو بینکوں کے لیے رسک یا خدشہ اور مالیاتی استحکام پر سمجھوتہ کیے بغیر زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں اضافے کا سبب بنے۔ (ڈان، 30 جنوری، صفحہ 11)

31 جنوری: نیشنل بینک کے مطابق زراعت اس کا سب سے زیادہ منافع بخش شعبہ ہے۔ 14-2013 کے لیے نیشنل بینک کا ہدف 59 بلین روپے تھا اور بینک نے چھ مہینوں میں 50.5 فیصد ہدف حاصل کیا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 1 فروری، صفحہ 10)

2 فروری: ایک مضمون کے مطابق مائیکرو فنانس کے شعبے میں 2013 میں عمودی ترقی دیکھی گئی۔ چھوٹے قرضے لینے والوں کی تعداد 17 فیصد اضافے کے ساتھ 0.9 ملین ہوگئی ہے جو 2014 میں ایک ملین تک پہنچ جائے گی۔ مائیکرو فنانس کے قرضوں کی کل رقم کا 48 فیصد زرعی قرضوں پر مشتمل ہے۔ ایس بی پی کی ایگریکلچر مائیکرو کریڈٹ اسکیم نے مائیکرو فنانس بینکوں کو زیادہ قرضے دینے کی طرف مائل کیا ہے۔ (ڈان، 3 فروری، صفحہ 2، بزنس اینڈ فنانس)

4 فروری: ایس بی پی نے بیج، کھاد اور زرعی ادویات کے لیے زرعی قرضوں کی حد درمیانے اور بڑے

کاشت کاروں کے لیے فی ایکڑ 80 اور 60 فیصد تک بڑھا دی ہے۔ یہ حد چھوٹے کسانوں کے لیے 100 فیصد ہے۔ (دی نیوز، 5 فروری، صفحہ 15)

17 فروری: زرعی فنانسنگ کے لیے ایس بی پی نے چھ پوائنٹس کے ایکشن پلان کا اعلان کیا ہے۔ پلان کے کچھ نقطے یہ ہیں: FICF (ایف آئی سی ایف) کا قیام، زرعی یونیورسٹی کے 100 بہترین طلباء کو ملک گیر انٹرن شپ پروگرام میں شامل کرنا اور اے ڈی بی کے فنانشیل ریسورسیز اینڈ اوٗمنٹ فنڈ کی مالی مدد کے ذریعے زرعی قرضوں کو 360 بلین روپے سے بڑھا کر 380 بلین روپے کرنا۔ اس حوالے سے بینک خاص شعبوں پر توجہ مرکوز کریں گے اور یہ بھی دیکھا جائے گا کہ ان کے قرضے نچلی سطح پر کس حد تک اثر انداز ہورہے ہیں۔ بینکوں کی زرعی قرضوں کے حوالے سے درجہ بندی (rating) کی جائے گی۔ ایک ورکنگ گروپ بھی تشکیل دیا جائے گا جو چھوٹے کسانوں کو ملنے والے قرضوں کی صورت حال کو دیکھے گا۔ (ڈان، 18 فروری، صفحہ 10)

27 فروری: اسٹیٹ بینک کے مطابق مختلف بینکوں کے ذریعے زرعی قرضوں کے اجراء میں رواں مالی سال کے سات مہینوں میں 12 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ گزشتہ سال اسی دوران 169 بلین روپے کے قرضے دیے گئے جبکہ رواں مالی سال کے پہلے سات مہینوں میں 190 بلین کے زرعی قرضے دیے گئے ہیں۔ (دی نیوز، 28 فروری، صفحہ 15)

- مائیکرو انشورنس

20 فروری: سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے آج سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن (مائیکرو انشورنس) رولز، 2014 کو منظور کیا ہے۔ اس سے کم آمدنی والے افراد کی فصل، مال مویشی، صحت، زندگی اور گھریلو ضروری اشیاء کو تحفظ فراہم کیا جائے گا۔ (ڈان، 21 فروری، صفحہ 10)

17 اپریل: ایک خبر کے مطابق بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) اپنے "وسیلہ حق" پروگرام کے ذریعے پچھلے دو سال سے زندگی، صحت اور گروپ لائف بیمے کی پالیسی سے سوشل سیفٹی نیٹ کو لوگوں کے لیے فعال بنا رہی ہے۔ (ڈان، 18 اپریل، صفحہ 5)

- انکم سپورٹ پروگرام

2 جنوری: حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ BISP (بی آئی ایس پی) کی از سر نو تشکیل کر کے غربت کے خاتمے کے لیے نئی پالیسی پر کام کرے گی۔ بی آئی ایس پی کے چیئرمین انور بیگ نے کہا ہے کہ ابتدائی طور پر حکومت سروے کر کے غریب سے غریب تر لوگوں کا تعین کرے گی۔ حکومت نے 75 ارب روپے بی آئی ایس پی کے لیے مختص کیے ہیں جس کی زیادہ تر رقم تربیتی پروگرام پر خرچ ہوگی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 3 جنوری، صفحہ 12)

4 جنوری: حکومتی آڈیٹرز نے بی آئی ایس پی کی پرانی مینجمنٹ کی طرف سے اربوں روپے کی اشتہاری مہم پر اعتراض اٹھایا ہے۔ اکتوبر 2008 بی آئی ایس پی کے قیام کے بعد مالی سال 9-2008 میں اشتہاری مہم پر 93 ملین روپے خرچ کیے، 10-2009 میں پرائیوٹ ٹی وی چینلز اور اخبارات میں بڑے بڑے اشتہارات پر 658 ملین روپے خرچ کیے جبکہ 11-2010 میں مہنگی ترین اشتہاری مہم سے قومی خزانے کو 956 ملین روپے کا نقصان اٹھانا پڑا۔ (ڈان، 5 جنوری، صفحہ 1)

5 جنوری: ساہیوال کی تقریباً 600 عورتوں کو 7 مہینوں سے بی آئی ایس پی کی قسط نہیں مل رہی ہے۔ پروگرام اسسٹنٹ ڈائریکٹر کا کہنا ہے کہ زیادہ تر شکایات اے ٹی ایم (ATM) کارڈ کے گم ہو جانے، غلط پن کوڈ کے اندراج اور دھوکہ دہی کی ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ اعلیٰ سطح پر شکایات پر کارروائی کی رفتار سست ہے۔ (ڈان، 6 جنوری، صفحہ 10)

5 جنوری: چیئرمین بی آئی ایس پی کے مطابق وسیلہ حق پروگرام کے تحت غربت کے خاتمے کے لیے 2.6 ارب روپے سے 16119 مستحق افراد کو بذریعہ قرعہ اندازی ذاتی کاروبار کے لیے طویل مدتی بلا سود قرضے فراہم کیے جائیں گے جبکہ بی آئی ایس پی اور خیبر پختون خواہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (KPCCI) نے مفاہمت کی یاد داشت پر دستخط کیے ہیں جس کے تحت صوبے کے بیروزگار نوجوانوں کو پیشہ ورانہ تربیت کی فراہمی کے لیے KPCCI (کے پی سی سی آئی) کی سفارشات پر بی آئی ایس پی کی ٹیکنکل وکیشنل ٹریننگ اسکیم کے تحت چھ ماہ کی فنی تربیت فراہم کی جائے گی۔ (ڈان، 6 جنوری، صفحہ 4)

19 فروری: پاورٹی ریڈکشن اسٹریٹجی پیپر (PRSP) کے مطابق غریب اور ضرورت مند لوگوں کو مختلف پروگرامز کے ذریعے تقسیم کی جانے والی رقم 12-2011 میں 32 بلین روپے تھی جو 13-2012 میں 81 بلین تک پہنچ گئی ہے۔ (ڈان، 20 فروری، صفحہ 10)

21 فروری: بی آئی ایس پی اور کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (KATI) نے اسلام آباد مفاہمت کی یاداشت پر دستخط کیے ہیں جس کے تحت بی آئی ایس پی سے تربیت یافتہ افراد کو KATI (کاٹی) فیکٹریوں اور کاروباری جگہوں پر ملازمت کے حصول میں مدد فراہم کرے گی۔ (ڈان، 22 فروری، صفحہ 3)

24 فروری: پنجاب حکومت نے غریبوں کے لیے نقد رقم کی ادائیگی کی اسکیم شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بی آئی ایس پی کی طرح حکومت خدمت کارڈ جاری کرے گی جس کے ذریعے لوگوں کو 500 روپے ماہانہ ملا کریں گے جسے بعد میں 1,000 روپے ماہانہ کردیا جائے گا۔ یہ سہولت ان لوگوں کو دی جائے گی جن کا کم از کم ایک بچہ پرائمری اسکول میں پڑھتا ہو۔ اگر بچہ اسکول سے ہٹا لیا جائے گا تو رقم ملنی بھی بند ہو جائے گی۔ (ڈان، 25 فروری، صفحہ 2)

6 مارچ: انکم سپورٹ پروگرام کے تحت بلوچستان میں غربت پر کیے گئے پہلے سروے کے مطابق صوبے کی

60 فیصد آبادی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی بسر کررہی ہے اور تقریباً آدھی آبادی معاشی امداد کی مستحق ہے۔ حکومت بلوچستان اس سروے کے بعد ہزاروں بلوچ نوجوانوں کی پیشہ ورانہ تربیت کے لیے بڑی رقم خرچ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 7 مارچ، صفحہ 12)

24 مارچ: وفاقی وزیرخزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ 77,000 خاندانوں میں تقسیم کے لیے 500 ملین روپے بینکوں کے ذریعے بی آئی ایس پی کو منتقل کر دیے گئے ہیں جبکہ باقی ماندہ رقم 500 ملین مئی کے وسط تک تقسیم کی جائے گی۔ (دی نیوز، 25 مارچ، صفحہ 17)

7 اپریل: ایک خبر کے مطابق بی آئی ایس پی کے سیکرٹری رب نواز نے اپنا عہدہ سنبھالنے کے فوراً بعد جانچ پڑتال کی کمیٹی (scrutiny committee) کی اجازت کے بغیر ایک این جی او جسے ایک امریکی باشندہ چلا رہا ہے کو 2.6 ملین روپے کی ادائیگی کی اور 2.63 بلین روپے کے معاہدے میں 150 ملین روپے کے گھپلے کی نشاندہی پر ادارے کے ایماندار آڈیٹر کو فارغ کر دیا۔ (دی نیوز، 8 اپریل، صفحہ 2)

12 اپریل: لاڑکانہ میں بی آئی ایس پی کے تحت عورتوں میں بینک سے نقد رقم کی تقسیم کے دوران ایک عورت رش میں کچل کر بے ہوش اور دوسری جان بحق ہوگئی۔ (ڈان، 13 اپریل، صفحہ 17)

- کارپوریٹ سماجی ذمہ داری

16 اپریل: بخش فانڈیشن کو بالی انڈونیشیا میں چھٹا گلوبل کارپوریٹ سوشل ریسپونسیبلیٹی (CSR) ایوارڈ دیا گیا۔ یہ ایوارڈ ہر سال ان کمپنیوں کو دیا جاتا ہے جو مقامی آبادیوں کی بہبود کے لیے اپنی کارپوریٹ ذمہ داری بہترین طریقے سے انجام دیتی ہیں۔ (دی نیوز، 17 اپریل، صفحہ 17)

29 اپریل: نیسلے ہیلدی کیڈز (NHK) پروگرام کے فروغ کے لیے نیسلے نے ضرورت مند بچوں کے لیے

ٹرسٹ فار ایجوکیشن اینڈ ڈیولپمنٹ آف ڈیزرونگ اسٹوڈنٹس (TEDDS) کے ساتھ مفاہمت کی یاداشت پر دستخط کیے ہیں۔ NHK (این ایچ کے) پروگرام اسکول کے بچوں کو صحت، خوراک اور جسمانی نشو ونما کے حوالے سے معلومات فراہم کرتا ہے۔ (دی نیوز، 30 اپریل، صفحہ 17)

## غذائی تحفظ

17 جنوری: نیوٹرشنل سروے 2013 کے مطابق 60 فیصد پاکستانی غذائی عدم تحفظ کا شکار ہیں، 50 فیصد عورتیں اور بچے غذائی کمی کا شکار ہیں۔ پانچ سال سے کم عمر بچوں کی 35 فیصد اموات کا تعلق غذائی کمی سے ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 18 جنوری، صفحہ 6)

6 فروری: یو ایس ایڈ نے پاکستان میں شدید غذائی کمی کے شکار 80,000 سے زیادہ بچوں کے لیے 1,300 ٹن تھیرا پیوٹک غذا (therapeutic) یونائیٹڈ نیشنز چلڈرینز فنڈ (UNICEF) کے کنٹری ڈائریکٹر ڈین روہرمین (Dan Rohrmann) اور سیکرٹری نیشنل ہیلتھ سروسز ریگولیشن اینڈ کوآرڈینیشن، امتیاز عنایت الٰہی کو اسلام آباد میں دی گئی۔ (ڈان، 7 فروری، صفحہ 5)

20 فروری: لاہور میں آٹا ملوں کی بین الاقوامی کانفرنس منعقد ہوئی جس میں ماہرین نے کہا کہ دستور میں اٹھارویں ترمیم کے بعد جب سے صوبے خوراک کے معاملات کی نگرانی کررہے ہیں خوراک میں اضافی غذائیت (nutrition) شامل کرنے کا عمل رک گیا ہے۔ نہ آٹے میں فولاد (آئرن)، نہ نمک میں (آیوڈین) اور نہ تیل میں (وٹامن اے) وغیرہ شامل ہورہا ہے جس کی وجہ سے پاکستانی عوام کی صحت خطرے میں ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ایک بین الاقوامی ایجنسی ان مائیکرو نیوٹرشنز کی اضافی مقدار وفاقی حکومت کو فراہم کرتی تھی۔ (دی نیوز، 21 فروری، صفحہ 17)

25 فروری: اسلامیہ یونیورسٹی آف بھاولپور (IUB) کے وائس چانسلر نے فیصل آباد میں زرعی یونیورسٹی کی

ایک بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی آدھی سے زیادہ آبادی یعنی کم از کم 58 فیصد، ناکافی غذا پر گزارا کررہی ہے اور پاکستان دنیا کے ان تین ممالک میں ہے جہاں غذائی کمی کی شکار عورتوں اور بچوں کی آدھی تعداد رہتی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 26 فروری، صفحہ 5)

26 فروری: نیوٹریشن سروے کے مطابق سندھ میں 70 فیصد عورتیں وٹامن ڈی کی کمی کا شکار ہیں جبکہ پانچ سال سے کم عمر بچوں کی تقریباً آدھی تعداد کی نشو نما پست ہے اور 40 فیصد کا وزن اپنی عمر کے حساب سے کم ہے۔ ان اعداد و شمار کو کراچی میں ''سیف دی چلڈرن'' کے پالیسی ڈائیلاگ میں زیر بحث لایا گیا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 27 فروری، صفحہ 13)

6 مارچ: ورلڈ فوڈ پروگرام (WFP) اور دیگر شراکت داروں نے ٹھٹھہ ڈسٹرکٹ کی 29 یونین کونسلوں میں خوراک کی کمی کی وجہ سے بچوں میں نشو ونما کے حوالے سے 3,45,000 ماؤں اور بچوں کا دو سالہ پائلٹ منصوبہ شروع کیا ہے۔ (ڈان، 7 مارچ، صفحہ 19)

12 مارچ: پاکستان ایمرجنسی فوڈ سیکورٹی الائنس (PEFSA) کے مطابق پاکستان کی مجموعی ملکی پیداوار (GDP) میں ہر سال تین فیصد کمی غذائی کمی کے بحران کی وجہ سے ہے۔ (دی نیوز، 13 مارچ، صفحہ 15)

23 مارچ: WFP (ڈبلیو ایف پی) اور حکومت بلوچستان کی شراکت سے ایک منصوبے کا افتتاح کیا گیا جس کے ذریعے 1,08,271 بچوں، حاملہ اور دودھ پلانے والی ماؤں کو مدد فراہم کی جائے گی جن کی صحیح نشو ونما غذائیت میں کمی کی وجہ سے نہیں ہو پا رہی۔ (دی نیوز، 24 مارچ، صفحہ 3)

2 اپریل: ایک مضمون کے مطابق پاکستان کی 58 فیصد آبادی عدم غذائی تحفظ کا شکار ہے جن میں سے سندھ میں 72 فیصد اور بلوچستان میں 63.5 فیصد ایسے خاندان ہیں۔ جبکہ 50 فیصد بچے اور عورتیں ناکافی

غذا پر گزارہ کررہے ہیں۔ (راجہ تیمور حسین، دی ایکسپریس ٹریبیون، 3 اپریل، صفحہ 6)

3 اپریل: کراچی میں نیوٹریشن پر ایک سمینار میں غذائی کمی کو پاکستانی عوام کا بڑا چیلنج قرار دیا گیا جو خاص کر بچوں کی نشو ونما اور ان کی اموات کی ذمہ دار ہے۔ (دی نیوز، 4 اپریل، صفحہ 19)

12 اپریل: صوبائی سیکرٹری صحت سندھ نے کراچی میں میڈیا کو بتایا کہ حکومت بچوں اور ماؤں میں مناسب غذا کی سخت کمی کے شکار 24 میں سے 19 اضلاع میں اپنے تین سالہ نیوٹریشن سپورٹ پروگرام (NSP) کا جلد آغاز کررہی ہے یہ پروگرام صوبائی محکمہ صحت، عالمی بینک کی مالی امداد سے چلائے گی۔ NSP (این ایس پی) کی تشکیل کا پروگرام پچھلے سال بنایا گیا تھا لیکن تھر میں قحط جیسی صورت حال کے بعد اس پر عملی جامہ پہنانے پر اب غور کیا جارہا ہے۔ (ڈان، 13 اپریل، صفحہ 18)

14 اپریل: سپریم کورٹ کے تین رکنی بینچ نے جماعت اسلامی کے جنرل سیکرٹری لیاقت بلوچ کی درخواست پر وزارت خوراک و زراعت کو حکم دیا ہے کہ وہ ثابت کرے کہ کم از کم تنخواہ (7,000-9,000 روپے) میں ایک چار افراد کا خاندان اس جاری مہنگائی میں گزارہ کرسکتا ہے؟ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 15 اپریل، صفحہ 3)

15 اپریل: کراچی میں زراعت کے ذریعے خوراک کو بہتر بنانے کے موضوع پر ایک سمینار (جسے کلیکٹیو فار سوشل سائنس ریسرچ (CSSR) نے لیوریجنگ ایگریکلچر فار نیوٹریشن ان ساؤتھ ایشیا (LANSA) کے تعاون سے منعقد کیا) میں پیش کی گئی رپورٹ واضح کرتی ہے کہ سندھ کے لوگ سب سے کم حرارے (calories) استعمال کرتے ہیں اور یہاں بڑی تعداد میں بچوں کو ناکافی غذا مل رہی ہے۔ پاکستان بھر میں خوراک کی کمی کی وجہ سے 40 فیصد بچوں کی نشو ونما متاثر ہوتی ہے اور اس تعداد میں مستقل اضافہ ہورہا ہے۔ (ڈان، 16 اپریل، صفحہ 17)

19 اپریل: وزیرخزانہ اسحاق ڈار نے منسٹری آف نیشنل فوڈ سیکورٹی اینڈ ریسرچ (MNFSR) سے کہا ہے کہ وہ ترجیحی بنیادوں پر ایسی زرعی پالیسی بنائے جو قدرتی وسائل کو بھرپور طریقے سے بروئے کار لاکر ملک کو غذائی اعتبار سے خودکفیل بنا سکے۔ زرعی شعبے کو کلی طور سے دیکھتے ہوئے پالیسی میں توجہ چھوٹے کسانوں اور دیہی غربت پر ہونی چاہیے۔ وزیرخزانہ نے زمین کی پیداوار بڑھانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور نئے طریقوں کو اپنانے پر بھی زور دیا۔ (ڈان، 20 اپریل، صفحہ 10)

24 اپریل: پاکستان میں امریکی سفیر رچرڈ آلسن نے اسلام آباد میں زرعی سائنسدان ڈاکٹر نارمن ای بورلاگ (Norman E Borlaug) کی یاد میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ نے پاکستان بھر میں غربت میں کمی لانے کے لیے بہت کچھ کیا ہے۔ زرعی شعبے میں امریکہ پاکستان کا پارٹنر ہے اور وہ غذائی تحفظ کے لیے اپنا تعاون جاری رکھے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 اپریل، صفحہ 11)

## IV۔ غذائی اور نقدآور فصلیں

### غذائی فصلیں

19 جنوری: محکمہ موسمیات کی دس جنوری کو جاری کی گئی پیشنگوئی کے مطابق جنوری سے مارچ کے دوران بارشیں معمول سے 30 فیصد کم ہوں گی جس کی وجہ سے ملک کے بارانی علاقوں میں ربیع کی فصل متاثر ہونے کا امکان ہے۔ گندم کی کل پیداوار میں بارانی علاقوں کا حصہ دس سے بیس فیصد ہے۔ موسم سرما میں بارانی علاقوں میں جو، چنا، دالیں، کنولا، سرسوں اور گرمیوں میں باجرا، جوار، مکئی، دالیں، گوار، مونگ پھلی، تربوز پیدا ہوتے ہیں۔ زراعت کے فروغ کے لیے پالیسی بناتے وقت عموما بارانی علاقوں کو نظرانداز کردیا جاتا ہے جو ملکی زیرکاشت رقبے کا ایک چوتھائی ہیں۔ (ڈان، 20 جنوری، صفحہ 4)

• گندم

بوائی:

31 دسمبر: سال 14-2013 ملک میں گندم کی بوائی میں پچھلے سال اسی عرصے کے مقابلے میں 2.70 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ تقریباً 95 فیصد بوائی مکمل ہوچکی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 1 جنوری، صفحہ 10)

5 جنوری: ایک مضمون کے مطابق حکومت سندھ نے ابھی تک امدادی قیمت کا اعلان نہیں کیا ہے لیکن کسانوں نے دسمبر کے آخر تک 11 لاکھ ہیکٹر پر گندم کی بوائی مکمل کرلی ہے۔ پچھلے سال 10,58,400 ہیکٹر پر گندم کی کاشت سے 3.59 ملین ٹن پیداوار ہوئی تھی۔ (محمد حسین خان، ڈان، 6 جنوری، صفحہ 4، فزنس اینڈ فائنانس)

پیداوار:

11 مارچ: کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کی میٹنگ میں وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے 14-2013 کا گندم خریداری کا ہدف آٹھ ملین ٹن رکھا ہے۔ پاکستان ایگریکلچر اسٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن (PASSCO) 1.6 ملین ٹن گندم خریدے گا اور چاروں صوبے 1,200 روپے کی فی من (40 کلو) کے حساب سے باقی گندم کی خریداری کریں گے۔ (دی نیوز، 12 مارچ، صفحہ 12)

13 مارچ: ایک اخباری رپورٹ کے مطابق پنجاب میں اس سال 16 سے 18 ملین میٹرک ٹن پیداوار کی امید ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 14 مارچ، صفحہ 5)

24 مارچ: ایک اخباری رپورٹ کے مطابق مرکزی کے پی کے میں بارش کی وجہ سے گندم کی بوائی کرنے والے کسانوں کی اچھی فصل کی امید ختم ہوتی جارہی ہے۔ انجمن کاشتکاران کے پی کے کے صدر اسماعیل خان نے کہا کہ بارش کا پانی تمباکو کی فصل کاشت کرنے والوں کے لیے تو فائدہ مند ہے لیکن گندم بونے

والے اس سے کافی خوفزدہ ہیں۔ (ڈان،25 مارچ،صفحہ 7)

14 اپریل: ایک مضمون کے مطابق سندھ میں گندم کی اس بار اچھی فصل متوقع ہے کیونکہ 11,00,000 ہیکٹرز کے بجائے 11,20,000 ہیکٹرز پر گندم کی کاشت ہوئی ہے۔ حکومت نے سندھ میں چار ملین ٹن کا پیداواری ہدف رکھا ہے، پچھلے سال گندم کی پیداوار میں 2.26 فیصد کمی ہوئی تھی۔ (محمد حسین خان، ڈان، 14 اپریل، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

18 اپریل: گندم کی کٹائی کے موسم میں وسطی پنجاب اور اس کے ارد گرد کے علاقوں میں محکمہ زراعت نے بارش سے نقصان کا تخمینہ 0.2 سے 0.4 ملین ٹن لگایا ہے۔ (دی نیوز،19 اپریل،صفحہ15)

25 اپریل: سندھ کے وزیر خوراک جام مہتاب ڈہر نے سندھ اسمبلی کو بتایا کہ 2008 سے 2013 تک اناج کو ذخیرہ کرنے کے لیے گودام نہیں بنائے گئے اس لیے سیلاب اور بارشوں سے سرکاری گندم کی بڑی مقدار کو خراب ہونے کی وجہ سے ضائع کرنا پڑا۔ (ڈان،26 اپریل،صفحہ19)

26 اپریل: ضلع اوکاڑہ کے علاقے دیپال پور میں وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے گندم کٹائی کی مہم کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ اس سال گندم کی ضرورت سے زیادہ پیداوار ہوگی اور حکومت پنجاب بھاری مقدار میں گندم کاشت کاروں سے خریدے گی جس سے نہ صرف ملکی ضروریات کو پورا کیا جائے گا بلکہ اس کو برآمد کرکے اچھا زرمبادلہ بھی حاصل کیا جاسکے گا۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت پنجاب پچھلے پانچ سالوں سے جدید زرعی طریقوں سے زرعی معیشت کو مضبوط کررہی ہے۔ (دی نیوز، 27 اپریل،صفحہ 9)

27 اپریل: پاکستان پر جاری کی گئی خصوصی رپورٹ میں اقوام متحدہ کے خوراک و زراعت کے ادارے ایف اے او نے ملک میں اس سال گندم کی متوقع ریکارڈ پیداوار، 25.4 ملین ٹن کے ہونے کے امکان پر

اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ (ڈان،28 اپریل،صفحہ3)

خریداری/امدادی قیمت:

22 مارچ: گندم کی قیمت 3,700 روپے سے کم ہو کر اس ہفتے 3,350-3,400 روپے فی 100 کلوگرام ہوگئی ہے یہ کمی نئی فصل کی وجہ سے ہوئی ہے۔ تاہم خریداروں کو قیمت میں کوئی کمی نظر نہیں آئی۔ (ڈان،23 مارچ،صفحہ10)

16 اپریل: PASSCO (پاسکو) نے 12 زونز میں 227 گندم کی خریداری کے مراکز قائم کیے ہیں۔ حکومت آٹھ ملین ٹن گندم کسانوں سے خریدے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون،17 اپریل،صفحہ11)

26 اپریل: جنگ فورم میں گفتگو کرتے ہوئے زرعی امور کے ماہر طارق بُچہ نے کہا ہے کہ زراعت کا حصہ GDP (جی ڈی پی) میں 53 فیصد سے کم ہو کر 21 فیصد پر آ گیا ہے، اگر حکومت نے سمجھداری سے اس شعبے میں دلچسپی نہیں لی تو یہ شعبہ ختم ہو جائے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ 2008 تک مقامی کسان بہت کم قیمت پر گندم بیچنے پر مجبور تھے۔ 2008 میں جب قیمت بڑھائی گئی تو کسان کو حوصلہ ملا اور ملک گندم میں خودکفیل ہو گیا۔ اب پیداواری قیمت اور خریداری کی قیمت میں پھر سے فرق بڑھ گیا ہے۔ (دی نیوز،27 اپریل،صفحہ3)

سندھ

9 جنوری: حکومت سندھ نے اس سال 13 لاکھ ٹن گندم خریدنے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ (دی نیوز،10 جنوری، صفحہ20)

16 جنوری: وزیر خوراک سندھ کے مطابق تقریبا 30 ہزار ٹن گندم خیر پور میں خرید کر گودام میں رکھی گئی تھی

لیکن جب اسے لانڈھی کراچی سپلائی کیا گیا تو معلوم ہوا کہ 5,800 بوریوں میں سے 1,362 بوریاں مٹی سے بھری ہوئی ہیں۔ حکام کے مطابق صوبہ بھر کے گوداموں سے ہزاروں میٹرک ٹن گندم چوری ہو جاتی ہے جس میں فوڈ انسپکٹرز اور فوڈ کنٹرولر بھی ملوث ہیں۔ حکومت کے پاس صرف 0.63 ملین ٹن ذخیرے کے لیے گودام ہیں جبکہ باقی گندم کرایہ کے گوداموں میں ذخیرہ کی جاتی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 17 جنوری، صفحہ13)

10 فروری: محکمہ خوراک اور کاشت کاروں کے ایک اجلاس میں سندھ کے سیکرٹری خوراک نے کہا کہ گندم ذخیرہ کرنے کی صلاحیت کو 999 ملین روپے خرچ کرکے بڑھایا جارہا ہے، کاشت کاروں سے گندم خریدنے اور باردانہ کی تقسیم کے عمل کو شفاف رکھنے کے لیے کاشت کاروں اور محکمہ خوراک کے افسران پر مشتمل کمیٹیاں قائم کی جارہی ہیں۔ گندم خریدنے کا باقاعدہ آغاز 15 مارچ سے ہوگا۔ (ڈان، 11 فروری، صفحہ19)

16 مارچ: ایس سی اے کے جنرل سیکرٹری زاہد بھرگانی نے کہا ہے کہ کاشت کار گندم کی امدادی قیمت 1,400 فی من سے کم پر راضی نہیں ہوں گے کیونکہ مداخل جن میں ڈیزل، کیڑے مار ادویات، کیمیائی کھاد، بیج اور بجلی شامل ہے، کی قیمتوں میں 30 فیصد سے زیادہ اضافہ ہوا ہے اور کھلی منڈی سے بھی انھیں 1,400 روپے فی 40 کلوگرام دام مل رہا ہے۔ (ڈان، 17 مارچ، صفحہ17)

14 اپریل: SCA (ایس سی اے) لاڑکانہ کے صدر سراج راشدی نے کہا ہے کہ محکمہ خوراک ہمیشہ کی طرح گندم کے کاشت کاروں کو باردانہ فراہم نہیں کررہا ہے جس کی وجہ سے کاشت کار کھلی منڈی میں اپنی پیداوار سستے داموں بیچنے پر مجبور ہیں۔ (ڈان، 15 اپریل، صفحہ19)

16 اپریل: وزیر خوراک سندھ جام مہتاب ڈہر نے کہا ہے کہ صوبوں کی تاریخ میں پہلی دفعہ سندھ میں

گندم کے آٹے کی قیمت پنجاب سے کم ہے اور کسانوں سے گندم خریدنے کا عمل بالکل شفاف ہے۔ صوبے میں آٹے کی کوئی کمی نہیں، سندھ حکومت ہر 100 کلو کی بوری پر 216 روپے کی زرتلافی دے رہی ہے۔ (دی نیوز، 17 اپریل، صفحہ 14)

پنجاب

15 جنوری: پنجاب، کے پی کے اور بلوچستان نے گندم کی امدادی قیمت پچھلے سال کی قیمت 1,200 روپے فی من رکھنے پر اتفاق کیا ہے جبکہ سندھ نے 350 روپے فی من اضافے کی تجویز دیتے ہوئے کہا ہے کے زرعی مداخل کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خوراک کے اراکین نے وزارت خوراک سے کہا تھا کہ وہ 2014 کے لیے گندم کی امدادی قیمت کا اعلان بوائی کے وقت کرے۔ بوائی مکمل ہونے کے بعد قیمت کے اعلان سے فائدہ کسان کے بجائے مڈل مین کو ہوگا۔ (ڈان، 16 جنوری، صفحہ 10)

13 مارچ: ایک خبر کے مطابق پنجاب بھر میں گندم کی خریداری 3.5 سے 4 ملین ٹن کی ہدف کے ساتھ 15 اپریل سے شروع ہوگی۔ فوڈ سیکرٹری محمد اسلم کمبوہ نے کہا کہ امدادی قیمت 1,200 روپے فی من (40 کلو گرام) ہے۔ محکمہ خوراک کے مطابق گندم کی خریداری کے لیے 135 بلین روپے مختلف بینکوں سے قرض لیے گئے ہیں۔ پالیسی برائے گندم کی خریداری 2014 کے مطابق آٹھ باردانے کی بوری فی ایکڑ ہر کسان کو محکمہ ریوینیو کی تصدیق کے بعد دی جائے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 14 مارچ، صفحہ 5)

15 اپریل: ایک خبر کے مطابق حکومت پنجاب گندم کی امدادی قیمت 50 روپے فی من بڑھانے پر غور کررہی ہے، خریداری کا ہدف بھی 3.5 سے چار ملین ٹن کرنے کا ارادہ ہے جبکہ سندھ حکومت امدادی قیمت بڑھانے کا فیصلہ کرچکی ہے۔ (دی نیوز، 16 اپریل، صفحہ 17)

16 اپریل: محکمہ خوراک پنجاب کے مطابق اگر موسم خشک رہا تو پنجاب بھر میں گندم خریدنے کی سرکاری مہم ایک ہفتے میں شروع ہو جائے گی۔ جنوبی پنجاب میں 18 اپریل تک 63,611 ٹن گندم کی خریداری کے لیے 56,518 باردانے تقسیم کیے جائیں گے۔ پچھلے سال باردانے کی تقسیم کا کام اپریل کے تیسرے ہفتے میں شروع ہوا تھا۔ (دی نیوز، 17 اپریل، صفحہ 15)

17 اپریل: وزیر خوراک پنجاب بلال یاسین نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے گندم کی امدادی قیمت پر غور کرنے کے لیے ایک کمیٹی بنائی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ذاتی طور پر وہ خود امدادی قیمت بڑھانے کے حق میں نہیں کیونکہ اس سے آٹے کی قیمت میں اضافہ ہوگا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 18 اپریل، صفحہ 5)

23 اپریل: ایک مضمون کے مطابق حکومت پنجاب کو 50 ملین پولی پروپلین بیگز (polypropylene bags) گندم خریدنے کے لیے فراہم کیے گئے ہیں جس میں سے آدھے غیر معیاری اور وزن میں کم ہیں۔ ان میں گندم رکھنے سے جلد خراب ہونے کا خطرہ ہے۔ محکمہ خوراک نے 2013-14 میں 50 ملین بیگز 37.50 روپے فی بیگ کے حساب سے اور 6.3 ملین باردانے 133.87 روپے فی بوری کے حساب سے خریدے ہیں۔ (دی نیوز، 23 اپریل، صفحہ 17)

کے پی کے

20 جنوری: رواں سیزن میں گندم کی امدادی قیمت مقرر نہ کرنے پر صوبہ کے پی کے کے کاشت کاروں نے حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ زرعی مداخل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے ازالہ کے لیے گندم کی امدادی قیمت میں اضافہ کیا جائے۔ صدر انجمن کاشت کاران کے پی کے نے کہا ہے کہ اگر حکومت اگلے سال کا درآمدی بل کم کرنا چاہتی ہے تو اسے گندم کی امدادی قیمت میں پچھلے سال کے مقابلے میں اضافہ کرنا چاہیے۔ گندم کی کاشت اس سال مزید اوپر جاسکتی تھی اگر پچھلے سال اکتوبر میں وقت پر گندم کی

امدادی قیمت کا اعلان کر دیا جاتا۔ (ڈان، 21 جنوری، صفحہ 7)

کشمیر، گلگت بلتستان

19 مارچ: وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان کے مطابق وفاقی حکومت نے گندم پر زرتلافی واپس نہیں لی ہے۔ تاہم ان کا کہنا تھا کہ یہ بات واضح نہیں کہ گندم کی قیمت جس کے لیے عوامی ایکشن کمیٹی نے تحریک چلائی ہے، کو 2009 کی قیمت کے مطابق دیا جائے گا کہ نہیں۔ گندم کی قیمت حکومت گلگت بلتستان نے بڑھائی ہے وفاقی حکومت نے نہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 20 مارچ، صفحہ 2)

آٹا:

3 اپریل: منڈی میں کافی عرصے سے گندم کے گرتے ہوئے داموں کی وجہ سے کراچی میں مل مالکان نے آٹے کی مختلف اقسام کی قیمتوں میں بالآخر کمی کردی آٹا نمبر 2.5 کا 50 کلو کے تھیلے کی قیمت 2,100 سے 1,850 روپے ہوگئی ہے اور فائن آٹا 2,275 سے 2,025 فی 50 کلو میں دستیاب ہے جبکہ گندم کی قیمت 3,700 روپے سے 3,050-3,100 روپے فی 100 کلوگرام ہوگئی ہے۔ دکانداروں کے پاس چونکہ پرانا ذخیرہ موجود ہے اس لیے نئی قیمت پر اس وقت بھی آٹا بیچا نہیں جارہا ہے۔ (ڈان، 4 اپریل، صفحہ 10)

7 اپریل: جماعت اسلامی کے سیکرٹری جنرل لیاقت بلوچ کی درخواست پر سپریم کورٹ کی تین رکنی بینچ نے جسٹس جواد خواجہ کی سربراہی میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے ان اقدامات پر جو آٹے کی قیمتوں کو کم سطح پر رکھنے کے لیے کیے گئے ہیں رپورٹ طلب کی ہے۔ یہ بھی پوچھا گیا ہے کہ منڈی میں گندم کی دستیابی کے ساتھ گندم کی امدادی قیمت مقرر کرتے وقت کسانوں کے مفادات کو کتنا پیش نظر رکھا جاتا ہے؟ (ڈان، 8 اپریل، صفحہ 3)

8 اپریل: گندم کے قومی اعداد و شمار کے مطابق پنجاب حکومت گندم کی بھاری مقدار نہایت سستے داموں مل

مالکان کو فراہم کررہی ہے جس کی وجہ سے صوبائی محکمہ خوراک نے اپنا تقریباً تمام گندم کا ذخیرہ ختم کردیا ہے، آٹا ملوں کی سخت نگرانی کرنے کے بجائے انھیں اپنے منافع میں اضافے کا موقع خود حکومت دے رہی ہے جبکہ عوام کو آٹے کی کمی کا سامنا ہے۔ (دی نیوز، 9 اپریل، صفحہ 15)

9 اپریل: سندھ کے محکمہ خوراک نے چکی کے آٹے کے چھوٹے دکانداروں سے کہا ہے کہ وہ روزانہ 100 کلوگرام کے 1,000 تھیلوں سے زیادہ کا گندم اپنے پاس نہیں رکھ سکتے۔ اس سے پہلے حکومت نے گندم صوبے سے باہر لے جانے پر دفعہ 144 بھی لگائی تھی۔ ان اقدامات سے گندم اور آٹے کی قیمتوں میں استحکام رکھنے میں مدد ملے گی۔ (دی نیوز، 10 اپریل، صفحہ 17)

22 اپریل: سپریم کورٹ نے آٹے کی قیمتوں میں اضافے پر دائر درخواست پر کارروائی میں ایم این ایف ایس آر کی چھ افراد پر مشتمل خاندان کے ماہانہ خرچے پر رپورٹ کو رد کرتے ہوئے کہا کہ رپورٹ کا ڈیٹا فیڈرل بیورو آف اسٹیٹکس کے پرانے اعداد و شمار پر مبنی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایک چھوٹا خاندان 5,530 یا 6,200 روپے میں گزارہ کرسکتا ہے۔ جبکہ ایک لیڈی ہیلتھ ورکر نے کورٹ کی ہدایت پر بتایا کہ کم از کم گزارے کے لیے ماہانہ 14,858 روپے درکار ہوتے ہیں۔ عدالت نے چار مختلف کمیٹیاں بنائیں تھیں جنھوں نے چاروں صوبوں کا دورہ کرنے کے بعد بتایا کہ آرٹیکل 9 کے تحت زندگی کا بنیادی حق اور آرٹیکل 14 کے تحت انسانی وقار (dignity) کا بنیادی حق پاکستان کے اکثر شہریوں کو حاصل نہیں ہے۔
(دی نیوز، 23 اپریل، صفحہ 2)

آٹا ملیں:

پنجاب

9 اپریل: لاہور میں آٹا ملیں جو 7 اپریل سے روزانہ ایک سے چار بجے تک ہڑتال پر رہتی ہیں، پنجاب حکومت سے مطالبہ کررہی ہیں کہ ان کی نگرانی پر مامور دو اداروں، محکمہ خوراک اور نیا قائم کردہ ادارہ

پنجاب فوڈ اتھارٹی (PFA) میں سے ایک سے نگرانی کا کام لیا جائے۔ ان کی ہڑتال سے اگرچہ ملوں کے مطابق شہر میں آٹے کی کوئی قلت پیدا نہیں ہونی چاہیے لیکن دکاندار اسی ہڑتال سے فائدہ اٹھا کر مصنوعی قلت پیدا کر رہے ہیں۔ (ڈان، 10 اپریل، صفحہ 2)

11 اپریل: لاہور میں آٹا ملوں نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ اپنی تین گھنٹے کی جزوی ہڑتال کو 24 گھنٹے کر دیں گے اور یہ لاہور سے شروع ہو کر تمام صوبے تک پھیل جائے گی۔ آٹا ملوں کے دو مسائل ہیں ایک کا تعلق لائسنس سے ہے تو دوسرے کا آٹے کے معیار کی جانچ سے ہے۔ (ڈان، 12 اپریل، صفحہ 2)

14 اپریل: وزیر خوراک پنجاب کی پریس کانفرنس میں اعلان کیا گیا ہے کہ آٹا ملوں کی نگرانی پہلے کی طرح صرف محکمہ خوراک کرے گا اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کو اس کام سے روک دیا جائے گا جس کے بعد آٹا ملوں نے اپنی ہڑتال کی کال واپس لے لی ہے۔ (ڈان، 15 اپریل، صفحہ 4)

سندھ

3 جنوری: وزیر خوراک سندھ نے محکمہ کے افسران کو ہدایت کی کہ آٹے اور گندم کی اسمگلنگ روکنے کے لیے پنجاب اور بلوچستان کی چیک پوسٹوں پر ایماندار اور چوکنا افسران کو تعینات کیا جائے اور جو لوگ گندم کی چوری اور فرائض میں غفلت کے مرتکب پائے جائیں انھیں شوکاز نوٹس جاری کیے جائیں اور ان کے خلاف انکوائری کر کے فوڈ ڈائریکٹر ایک ہفتے میں رپورٹ پیش کریں۔ (دی نیوز، 4 جنوری، صفحہ 14)

19 اپریل: پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن (PFMA) سندھ چیپٹر کے چیئرمین چودھری محمد یوسف نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے سندھ کے گندم پیدا کرنے والے علاقوں سے گندم کراچی لانے پر پابندی عائد کر دی ہے جس کی وجہ سے 85 میں سے 25 آٹا ملیں بند ہو گئی ہیں اور کچھ ملوں کے پاس صرف دو دن کا گندم کا ذخیرہ موجود ہے۔ اس لیے منڈی میں گندم کی 100 کلوگرام بوری کی قیمت 3,050-3,100

سے 3,250-3,300 روپے ہوگئی ہے۔ آئندہ ہفتوں میں قیمت مزید دو روپے فی کلو تک بڑھ سکتی ہے۔ (ڈان،20 اپریل،صفحہ10)

22 اپریل: حکومت سندھ نے کسانوں کو تحفظ دینے کے لیے مختلف اضلاع کے درمیان گندم کی ترسیل پر پابندی عائد کردی ہے۔ اس پابندی کا اطلاق کراچی کو سپلائی کی جانے والی گندم پر نہیں ہوگا۔ (دی نیوز،23 اپریل،صفحہ19)

22 اپریل: آٹے کی ملوں نے محکمہ خوراک سندھ کے خلاف غیر معینہ مدت تک ہڑتال کا اعلان کردیا ہے کیونکہ محکمہ اندرون سندھ سے آنے والے گندم کے ٹرکوں پر ملوں سے پیسے طلب کرتا ہے۔ (ڈان، 23 اپریل،صفحہ2)

24 اپریل: وزیر خوراک سندھ جام مہتاب ڈہر نے PFMA (پی ایف ایم اے) سے کہا ہے کہ وہ اپنی ہڑتال ختم کریں ورنہ ان کے لائسنس منسوخ کردیے جائیں گے۔ انھوں نے الزام لگایا کہ آٹے کی ملیں حکومت کو بلیک میل کررہی ہیں، کراچی میں آٹا بیچنے کے بجائے وہ آٹا بلوچستان اسمگل کررہی ہیں۔ گندم پر پابندی کے بعد اب حکومت نے آٹے پر بھی پاندی عائد کردی ہے۔ انھوں نے آٹا ملوں کی اس شکایت کو بھی رد کردیا جس میں کہا گیا تھا کہ خوراک کا محکمہ ان سے رشوت مانگ کر انھیں ہراساں کرتا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون،25 اپریل،صفحہ13)

25 اپریل: آٹا ملوں کی ہڑتال کے چوتھے روز وزیر خوراک سندھ جام مہتاب ڈہر نے کہا ہے کہ ہڑتال کے باوجود کراچی کی 85 آٹا ملوں میں سے 30 اب بھی کام کررہی ہیں۔ سندھ زون میں پی ایف ایم اے کے کچھ بڑے لیڈر بھی رات کو اپنے یونٹ چلارہے ہیں۔ انھوں نے آٹا مل مالکان پر الزام لگایا کہ وہ سندھ حکومت کی طرف سے دفعہ 144 لگنے کے باوجود 80 سے 90 آٹے کے ٹرک روزانہ حب اور

منگھوپیر کے راستے بلوچستان بھیج رہے ہیں۔ (ڈان،26 اپریل،صفحہ10)

26 اپریل: آل پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کی ہڑتال کے پانچویں دن چیئرمین سندھ چیپٹر چودھری محمد یوسف نے کہا ہے کہ ہڑتال جاری رہے گی جب تک سندھ کا محکمہ خوراک سندھ کے کھیتوں سے کراچی فلور ملز تک گندم کی بلا رکاوٹ سپلائی کی اجازت نہیں دیتا۔ انھوں نے کہا کہ خوراک اور ایکسائز کے محکمے والے 10,000 روپے فی ٹرک رشوت طلب کرتے ہیں, نہ دینے پر ٹرکوں کا گندم اپنے گوداموں تک پہنچا دیتے ہیں۔ ایسوسی ایشن نے 28 اپریل کو لاہور میں اپنی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس طلب کیا ہے۔ (دی نیوز،27 اپریل،صفحہ9)

26 اپریل: کراچی میں آٹے کی قیمت 2,100 سے 2,150 روپے فی 50 کلو گرام کردی گئی ہے۔ چیئرمین پی ایف ایم اے سندھ چودھری محمد یوسف نے کہا ہے کہ یہ قیمت ان چار ملوں نے بڑھائی ہیں جو ایسوسی ایشن کی ممبر نہیں ہیں لیکن انھیں حکومت کی پشت پناہی حاصل ہے۔ پی ایف ایم اے کی ممبر آٹا ملیں پچھلے پانچ دنوں سے ہڑتال پر ہیں۔ (ڈان،27 اپریل،صفحہ10)

28 اپریل: پی ایف ایم اے کے عہدے داروں کی مشترکہ پریس کانفرنس لاہور میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر ایسوسی ایشن کے عہدے داروں نے وفاقی حکومت کی گندم اور گندم کی اشیاء کی افغانستان برآمد کو بیرونی کرنسی میں کرنے کی ہدایت پر نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ اس وقت پاک افغان تجارت نہ ہونے کے برابر ہے اور بھارت کی برآمدات تیزی سے پاکستان کی جگہ لے رہی ہیں۔ پی ایف ایم اے نے گندم کی خریداری کی قیمت 50 روپے بڑھانے پر بھی حکومت پنجاب اور سندھ کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ گندم کی امدادی قیمت کا اعلان اتنی دیر سے ہوا کہ کاشت کار اس سے پہلے گندم بیچ چکے تھے۔ حکومت کے فیصلے کا فائدہ مڈل مین اور تاجروں کو ہی ہوا ہے۔ اس کے علاوہ سندھ حکومت نے دیہی علاقوں سے گندم سندھ کے شہروں تک، پنجاب اور بلوچستان لانے پر بھی پابندی عائد کردی ہے۔ اس کا فائدہ وہ سرکاری مقامی اہلکار

اٹھا رہے ہیں جو ایک ایک ٹرک بھاری رشوت لے کر چھوڑ رہے ہیں۔ اس پالیسی کے خلاف کراچی اور حیدرآباد کی آٹا ملیں ایک ہفتے سے ہڑتال پر ہیں۔ اگر حکومت سندھ نے فوری پابندی نہیں اٹھائی تو ملک بھر کی آٹا ملیں جزوی ہڑتال پر چلی جائیں گی۔ (ڈان،29 اپریل،صفحہ 2)

29 اپریل: گندم کی صوبے کے چار اضلاع سے بلا رکاوٹ سپلائی کی محکمہ خوراک سندھ کی طرف سے یقین دہانی کے بعد کراچی کے آٹا ملوں نے اپنی ہڑتال ختم کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ (ڈان،30 اپریل،صفحہ10)

روٹی:

2 جنوری: لاہور میں روٹی اور نان کی قیمتوں میں ایک روپے کا اضافہ ہوگیا ہے۔ نان بائی ایسوسی ایشن کے مطابق گیس کی قلت کی وجہ سے وہ مہنگے متبادل ذرائع استعمال کرنے پر مجبور ہیں۔ تندوروں میں استعمال ہونے والی لکڑی کی قیمت 1,200 روپے فی من تک جا پہنچی ہے جس سے روٹی کی لاگت میں 1.50 روپے کا اضافہ ہوگیا ہے۔ (ڈان، 3 جنوری،صفحہ 2)

- چاول

10 اپریل: وزارت خوراک کے اندازے کے مطابق 2013-14 میں چاول کی پیداوار 6.7 ملین ٹن ہوگی جبکہ گزشتہ سال 5.5 ملین ٹن تھی۔ چاول کے زیر کاشت رقبے میں 19.4 فیصد اور فی ایکڑ پیداوار میں 1.6 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ ایف اے او کے مطابق سال 2014 میں چاول کی تجارت میں پانچ فیصد اضافہ متوقع ہے کیونکہ پیداوار ایک ملین ٹن زیادہ ہوئی ہے۔ (ڈان، 11 اپریل،صفحہ11)

21 اپریل: میرپور خاص سندھ میں نارا کنال کے آخری سرے پر جہاں پانی کی کمی کی وجہ سے چاول کی کاشت پر پابندی ہے15,000 ایکڑ پر بااثر زمیندار چاول کاشت کررہے ہیں، یہ بھی خطرہ ظاہر کیا جارہا ہے کہ چاول کے زیر کاشت رقبے میں اضافہ کی بنا پر کپاس کی کاشت متاثر ہوگی۔ (ڈان،22 اپریل،صفحہ19)

26 اپریل: سندھ اور بلوچستان کے چاول ملز اور تاجروں کی ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ حکومت 2,250 ملوں کو بجلی کی بلا رکاوٹ سپلائی کو یقینی بنائے ورنہ ایسوسی ایشن سندھ بلوچستان کی سرحد کو بند کر دے گی۔ (ڈان، 27 اپریل، صفحہ 19)

- پھل اور سبزیاں

2 جنوری: محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق گنے کی کٹائی کے لیے تیار فصل سخت سردی کی وجہ سے متاثر ہورہی ہے۔ دوسری طرف شدید سردی سے متاثرہ بیج جو اسی فصل سے لیا جائے گا اگلے گنے کی فصل کو بھی متاثر کرے گا۔ چنے کی فصل بھی سخت سردی کی وجہ سے دباؤ کا شکار ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق خطہ میں کچھ بارشوں کی توقع ہے۔ اگر اگلے کچھ دنوں میں بارشیں ہوئیں تو فصل نقصان سے بچ جائے گی ورنہ پیداوار امید سے کم ہوگی۔ (ڈان، 3 جنوری، صفحہ 2)

3 جنوری: سندھ کے بالائی علاقوں میں شدید سردی سے سبزیوں اور پھلوں کی تیار فصل متاثر ہوئی ہے خاص کر ضلع لاڑکانہ میں جہاں کسانوں کو بھاری نقصان کا سامنا ہے۔ اچانک بڑھتی سردی ان کسانوں کے لیے مصیبت لے کر آئی جنہوں نے دھان کی کٹائی کے بعد ٹماٹر، مرچ، بینگن اور دوسری سبزیاں کاشت کی تھیں جبکہ امرود کے کاشت کار بھی سرد ہواؤں میں پھل گر جانے سے نقصان کا شکار ہوئے ہیں۔ لاڑکانہ میں امرود کے باغات 12,000 ایکڑ پر پھیلے ہوئے ہیں، تقریباً 8,000 ایکڑ کا علاقہ جاری سردی کی لہر سے متاثر ہوا ہے۔ (دی نیوز، 4 جنوری، صفحہ 17)

20 اپریل: ایک مضمون کے مطابق گرمی کی سبزیاں بازار میں آچکی ہیں لیکن ان کی قیمتیں کم پیداوار کی وجہ سے زیادہ ہیں۔ کپاس، مکئی اور خوردنی تیل کے بیجوں کا زیر کاشت رقبہ بڑھنے اور منافع بخش مال مویشی کے کاروبار کی طرف سندھ اور پنجاب میں کاشت کاروں کی دلچسپی بڑھنے سے موسم گرما کی سبزیوں کی پیداوار میں 100,000 ٹن یا دس فیصد کی کمی واقع ہوئی ہے۔ وزارت خوراک کے مطابق 2008-09

میں سبزیوں کی پیداوار ایک ملین ٹن تھی جو 2012 میں 0.9 ملین ٹن ہوگئی ہے۔ سبزیوں کے زیر کاشت رقبے میں بھی 10 فیصد کمی آئی ہے۔ (محی الدین اعظم، ڈان، 21 اپریل، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

گنا:

8 اپریل: یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد میں گنے کی فی ایکڑ پیداوار بڑھانے پر ایک قومی کانفرنس میں کہا گیا کہ پاکستان گنے کی فی ہیکٹر پیداوار کے حساب سے 60 نمبر پر ہے جبکہ گنے کے زیر کاشت رقبے کے لحاظ سے پاکستان پانچواں بڑا ملک ہے۔ یہ کانفرنس USDA (یو ایس ڈی اے) اور AARI (اے اے آر آئی) کے تعاون سے منعقد کی گئی۔ اس موقع پر UAF (یو اے ایف) کے وائس چانسلر اقرار احمد نے کہا کہ پیداوار کو بڑھانے میں مدد دینے کے لیے حکومت پنجاب نے شوگر کین ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ بورڈ قائم کیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ بائیوٹیکنالوجی کے ذریعے ایسی اقسام متعارف کرانی چاہئیں جو موسمی تبدیلی اور بڑھتی ہوئی حدت کو برداشت کرسکیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 9 اپریل، صفحہ 10)

آم:

7 مارچ: وفاقی وزیر خوراک و زراعت سکندر حیات بوسن نے آسٹریلوی حکومت کی طرف سے آم کی بیماریوں کے مسئلے سے نمٹنے میں مدد دینے کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ 24 اینٹی گریٹڈ ریسرچ سینٹرز پنجاب اور 12 سندھ میں قائم کرلیے گئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ آسٹریلیا پاکستان ایگریکلچر سیکٹر لنکیج پروگرام (ASLP) کے ذریعے آموں کے باغات کی دیکھ بھال کی ٹیکنالوجی سے کاشتکار کی آمدنی میں 0.1 ملین سے 0.3 ملین اضافہ ہوا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 مارچ، صفحہ 5)

کینو:

19 فروری: بھاولپور سے ممبر پنجاب اسمبلی سائرہ افتخار نے ایک انٹرویو میں بتایا کہ پاکستان میں 2.5 ملین کینو پیدا ہوتا ہے جس میں سے 95 فیصد پنجاب میں اگایا جاتا ہے اور اس کا 80 فیصد سرگودھا ڈویژن پیدا

کرتا ہے۔ رس دار پھلوں میں کیڑا بہت لگتا ہے، پاکستان اس سے بھاری نقصان اٹھارہا ہے۔ اس کے علاوہ پاکستان کی فی ہیکٹر پیداوار 10 ٹن ہے جبکہ ترقی یافتہ ممالک میں پیداوار 30 ٹن فی ہیکٹر ہے۔ (دی نیوز،20 فروری،صفحہ15)

اسٹرابری:

27 اپریل: ایک مضمون کے مطابق سکھر اور خیرپور میں کچے کے علاقے میں اسٹرابری کی کاشت 2009-10 میں 76 ہیکٹر پر شروع کی گئی جو 2013-14 تک 236.437 ہیکٹرز تک پھیل چکی ہے۔ پیداوار 270 ٹن سے بڑھ کر اس موسم میں 1,752 ٹن تک پہنچ جائے گی۔ (محمد حسین خان، ڈان،28 اپریل، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

زیتون:

6 مارچ: اٹلی کے ایک وفد نے پارک کے چیئرمین سے ملاقات کے دوران افغانستان، نیپال اور پاکستان میں زیتون کی پیداوار کے لیے اٹلی کی تکنیکی امداد کے ایک منصوبے پر بات چیت کی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 7 مارچ،صفحہ11)

کیلا:

17 جنوری: سردی کی شدید لہر سے سندھ میں خیرپور، نواب شاہ، نوشہرو فیروز، گھوٹکی، ٹنڈوالہ یار اور میرپور خاص کے علاقوں میں 70 فیصد کیلے کے باغات تباہ ہوگئے ہیں۔ کاشت کاروں کے مطابق سردی کی یہ لہر غیر متوقع تھی جس سے کپاس اور سبزیوں کی فصل کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ آٹھ فیصد موسمی پھل اور سبزیاں تباہ ہوگئی ہیں۔ (دی نیوز،18 جنوری،صفحہ15)

## نقد آور فصلیں

- کپاس

16 جنوری: کاٹن ایسوسی ایشن نے کپاس کی قیمت میں پچاس روپے اضافہ کرکے 7,050 روپے فی من کردی جو کہ سیزن کی بلند ترین قیمت ہے۔ کپاس کے سودوں میں تیزی آ گئی ہے۔ (ڈان، 17 جنوری، صفحہ11)

30 جنوری: وزارت صنعت و ٹیکسٹائل نے جی ایس پی پلس (GSP Plus) سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لیے کپاس کے کاشت کاروں کی تربیت کا فیصلہ کیا ہے۔ وزارت الیکٹرونک میڈیا کے ذریعے ملک کے دور دراز علاقوں میں رہنے والے کسانوں کے لیے تربیتی پروگرام شروع کرے گی۔ یورپی یونین سے جی ایس پی پلس کا درجہ ملنے کے بعد کپاس کی طلب میں 28 فیصد اضافے کا امکان ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 31 جنوری، صفحہ11)

3 فروری: سرکاری اعداد و شمار کے مطابق (31 جنوری تک) ملک میں کپاس کی 13.1 ملین گانٹھیں پیدا ہوئی ہیں جو پچھلے سال کے مقابلے میں صرف 5.83 فیصد زیادہ ہے۔ کپاس کی پیداوار کے اندازے جو 13.5 سے 14 ملین گانٹھوں کے تھے اب پورے ہوتے نظر نہیں آرہے۔ پنجاب میں بارش اور سیلاب سے نقصان اور جنوبی سندھ میں کیڑے کے حملے نے کپاس کی پیداوار کی 0.5 ملین گانٹھوں کو نقصان پہنچایا ہے۔ موسمی تبدیلی کی وجہ سے بھی کپاس کا زیر کاشت رقبہ کم ہوا ہے کیونکہ کاشت کار پانی کو برداشت کرنے والی فصلیں جیسے گنا اور چاول کو ترجیح دے رہے ہیں۔ (ڈان، 4 فروری، صفحہ10)

19 فروری: PCGA (پی سی جی اے) کے نائب چیئرمین پریم چند کیا تانی نے کراچی میں حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ پھٹی کی امدادی قیمت کا فوری اعلان کرے جیسا کہ گندم اور گنے کے حوالے سے ہر سال کیا جاتا ہے۔ حکومت نے ایسا نہ کیا تو کاشتکار دوسری نقد آور فصلیں لگانا شروع کردیں گے۔ (دی

نیوز،20 فروری،صفحہ13)

3 اپریل: پی سی جی اے کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق اپریل 2014 تک کپاس کی 13.385 ملین گانٹھیں اتر چکی ہیں جبکہ پچھلے سال اس وقت تک 12.888 ملین گانٹھیں حاصل ہوسکی تھیں۔ (ڈان، 4 اپریل،صفحہ10)

## زرعی ٹیکس

18 فروری: کراچی میں سندھ کے صوبائی وزیر نثار کھوڑو کی صدارت میں زرعی ٹیکس پر مشاورت کے دوران کاشت کاروں کے نمائندوں نے کہا ہے کہ وہ پہلے سے زمین اور پانی پر ٹیکس دے رہے ہیں جو زرعی ٹیکس کے برابر ہے۔ اس حوالے سے مجید نظامی کی سربراہی میں ایک کمیٹی بنائی گئی ہے جو کاشت کاروں کی شکایات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسا ٹیکس کا فارمولا ترتیب دے گی جو حکومت اور کاشتکار دونوں کو قابل قبول ہو۔ (ڈان،19 فروری،صفحہ10)

## ۷۔ تجارت

30 جنوری: پاکستان یورپی یونین پارلیمنٹیر ینز فرینڈ شپ گروپ کے افتتاحی اجلاس میں اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ یورپی یونین کی طرف سے جی ایس پی پلس کا درجہ ملنے سے روزگار پیدا ہوگا اور سرمائے کے بہاؤ میں اضافہ ہوگا۔ اسپیکر نے یورپی یونین کے پارلیمنٹیر ینز کو دعوت دی کہ وہ پاکستان کا دورہ کریں جس سے گروپ کو ترقی کے اہداف حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔ (دی نیوز، 31 جنوری،صفحہ 4)

23 فروری: ایک مضمون کے مطابق کسانوں نے بھارت اور پاکستان کے مابین تجارت پر بات چیت میں اپنی آواز پچھلے سال بلند کرنا شروع کی ہے۔ فارمرز ایسوسی ایٹس کے صدر طارق بُچہ نے بتایا کہ پاکستان انڈیا جوائنٹ بزنس فورم (PIJBF) میں دو کسانوں کے نمائندے ہیں۔ PIJBF (پی آئی جے بی ایف)

نے یہ مشترکہ طور پر تسلیم کیا ہے کہ پاکستان بھارتی زرعی درآمدات پر درآمدی ڈیوٹی اس حد تک لگائے جس حد تک بھارت اپنے کسانوں کو مراعات دیتا ہے۔ طارق بُچہ کے مطابق بھارت میں کسانوں کو 93 بلین ڈالرز سے زیادہ کی مراعات دی جاتی ہیں۔ اس میں اگر بجلی کو بھی شامل کرلیا جائے تو یہ 100 بلین ڈالرز سے زیادہ بنتی ہیں جبکہ پاکستانی کسانوں کو صرف 32 بلین روپے بطور مراعات دیے جاتے ہیں۔ (منظور احمد، دی نیوز، 23 فروری، صفحہ 17)

## برآمدات

22 مارچ: دی یونین آف اسمال اینڈ میڈیم انٹرپرائز (UNISAME) نے وزارت تجارت پر زور دیا ہے کہ وہ ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کو حکم دے کہ وہ تازے پھل، سبزی، گندم اور دیگر اشیاء خورد ونوش کے برآمد کنندگان کو رجسٹرڈ کریں۔ (دی نیوز، 23 مارچ، صفحہ 15)

7 اپریل: ایک مضمون کے مطابق غذائی اشیاء کی بڑھتی ہوئی برآمدات سے پاکستان نے رواں مالی سال جولائی - فروری 3.5 بلین ڈالرز حاصل کیے جو گزشتہ سال اسی عرصے کی برآمدات سے نو فیصد زیادہ ہیں۔ غذائی اشیاء کی درآمد میں 10 فیصد کمی آئی ہے۔ یوں پاکستان کی غذائی اشیاء کی تجارت کا توازن پاکستان کے حق میں ہوگیا ہے جس سے 420 ملین ڈالرز حاصل ہوئے۔ (محی الدین اعظم، ڈان، 7 اپریل، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

- گندم

5 اپریل: پچھلے دو دنوں سے لاہور کی کھلی منڈی میں آٹے کی کمی کی وجہ سے لوگ حکومت کی مقرر کردہ قیمت سے زیادہ پر آٹا خریدنے پر مجبور ہیں۔ ڈیلرز کے مطابق مل مالکان انھیں مناسب مقدار میں آٹا بیچنے سے گریز اس لیے کررہے ہیں کیونکہ بڑی مقدار میں آٹا افغانستان برآمد ہورہا ہے۔ (ڈان، 6 اپریل، صفحہ 2)

• چاول

3 جنوری: پاکستان 22 سے 25 جنوری تک ڈیووز (Davos) میں ہونے والے ورلڈ اکنامک فورم کے وزارتی سطح کے اجلاس میں ترقی پذیر ملکوں میں فصلوں پر زرتلافی دیئے جانے کے معاملے پر باضابطہ احتجاج کرے گا۔ وفاقی وزیر تجارت و ٹیکسٹائل خرم دستگیر نے کہا ہے کہ پاکستان کے چاول کے کاشت کار جو پہلے ہی مناسب قیمتوں کے حصول کی کوشش کررہے تھے WTO (ڈبلیو ٹی او) کے بالی میں ہونے والے معاہدے سے دو ارب ڈالرز کی منڈی سے محروم ہوجانے کے اندیشے کا شکار ہیں۔ پاکستان نے ڈبلیو ٹی او کے ڈائریکٹر جنرل کو ایک خط بھی لکھا ہے جس میں بالی میں ہونے والی وزارتی سطح کی کانفرنس پر پاکستان کا موقف واضح کیا ہے۔ (ڈان، 4 جنوری، صفحہ 10)

10 جنوری: رواں مالی سال کے چھ مہینوں میں پاکستانی چاول کی برآمدات میں دس فیصد اضافہ ہوا ہے۔ حکام کے مطابق پاکستان نے چھ ماہ میں 270,000 ٹن باسمتی چاول برآمد کیا جس سے 296 ملین ڈالرز کا زرمبادلہ حاصل ہوا جبکہ پچھلے مالی سال کے اسی عرصے میں برآمدات سے 233 ملین ڈالرز حاصل ہوئے تھے۔ (ڈان، 11 جنوری، صفحہ 11)

18 جنوری: رائس ایکسپورٹ ایسوسی ایشن آف پاکستان (REAP) کے مطابق چائنا کو چاول کی برآمد اگلے دو سالوں میں دگنی ہونے کی امید ہے۔ مالی سال 14-2013 میں پاکستان نے پانچ لاکھ ٹن چاول چائنا کو برآمد کیا۔ REAP (ریپ) کے سینئر وائس چیئرمین کی قیادت میں حال ہی میں پچیس رکنی وفد نے چین کا دورہ کیا تھا۔ (دی نیوز، 19 جنوری، صفحہ 17)

17 فروری: سندھ ہائی کورٹ آج باسمتی گروورز ایسوسی ایشن (BGA) اور ریپ کے درمیان ایک مقدمے کی کارروائی شروع کرے گا جس میں یہ طے کیا جائے گا کہ کون باسمتی چاول کے حقوق ملکیت رکھتا ہے۔ BGA (بی جی اے) کے صدر حامد ملہی نے کہا ہے کہ یہ مقدمہ طویل عرصے سے چل رہا ہے لیکن اب

سندھ ہائی کورٹ اسے دوبارہ شروع کرے کیونکہ عدالت کے جن ججوں نے 2012 میں کیس کی کارروائی مکمل کرلی تھی اور فیصلہ باقی تھا وہ ترقی کرکے سپریم کورٹ منتقل ہوگئے ہیں۔ لہذا اب قانون کے مطابق مقدمہ سندھ ہائی کورٹ میں ازسرنو شروع ہوگا۔ باسمتی 10 صدی پرانا چاول ہے جب کہ ریپ کا ادارہ حالیہ بنا ہے۔ لہذا باسمتی چاول کے حقوق ملکیت چاول پیدا کرنے والوں کے ہونے چاہیے۔ بھارت کی دی ایگریکلچرل اینڈ پروسسٹ فوڈ پروڈکٹس ایکسپورٹ ڈیولپمنٹ اتھارٹی (APEDA) بھی اس مقدمے کا فریق ہے۔ اس کا موقف ہے کہ باسمتی بھارت کا ٹریڈ مارک ہے اس لیے اسے پاکستان کو جاری نہیں کیا جاسکتا۔ (دی نیوز، 18 فروری، صفحہ 15)

16 مارچ: ایک مضمون کے مطابق پچھلے دنوں روپے کے مقابلے میں ڈالر کی قدر میں کمی کی وجہ سے چاول برآمد کرنے والوں کو 100 سے 150 ڈالرز فی ٹن کے حساب سے نقصان ہوسکتا ہے۔ اب تک عالمی منڈی میں پاکستانی چاول کی قیمت 1,300 سے 1,350 ڈالرز فی ٹن ہے اور بھارتی چاول کی قیمت 1,500 ڈالرز فی ٹن ہے۔ سستا ہونے کی وجہ سے اور اپنے معیار کو بہتر بنا کے پاکستانی چاول نے بھارت سے مقابلے میں اپنی جگہ بنائی تھی جو اب پھر سے خطرے میں ہے۔ (عمران رعناء، دی ایکسپریس ٹریبیون، 16 مارچ، صفحہ 11)

14 اپریل: ایک مضمون میں کہا گیا ہے کہ پچھلے کچھ مہینوں سے باسمتی چاول کی برآمد میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ رواں مالی سال کے آٹھ مہینوں میں مقدار کے حساب سے 29 فیصد اور ڈالر کے حساب سے حاصل رقم میں 55 فیصد اضافہ ہوا جس کی بڑی وجہ بھارتی باسمتی چاول کی قیمت میں اضافہ ہے۔ اس کے علاوہ امریکہ اور یورپ کے کچھ علاقوں سے بھارتی چاول کے معیار پر عدم اطمینان کی وجہ سے اسے واپس کردیا گیا ہے جس کا پاکستانی باسمتی چاول کی تجارت پر مثبت اثر پڑا ہے۔ (احمد فراز خان، ڈان، 14 اپریل، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

• چینی

1 جنوری: اقتصادی رابطہ کمیٹی نے گزشتہ برس چینی کی قیمتوں میں ہونے والے اضافہ اور اس سے ہونے والی اربوں کی آمدنی پر تحقیقات کو غیر ضروری قرار دے دیا۔ نومبر 2013 سے ملک میں تین ماہ تک مسلسل چینی کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا رہا جبکہ اس دوران عالمی منڈی میں قیمتیں کم ہوئیں تھیں۔ ساتھ ہی شوگر مل مالکان نے پانچ لاکھ ٹن چینی کی برآمد کے لیے کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی سے مزید وقت مانگ لیا ہے تاکہ وہ اس دوران بہتر منافع حاصل کرسکیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 جنوری، صفحہ 11)

8 جنوری: شوگر انڈسٹری نے حکومت سے کہا کہ وہ چینی کی برآمدات پر پابندیاں نرم کرے اور ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (TCP) اضافی پانچ لاکھ ٹن چینی اگلے پانچ مہینوں میں ملوں سے خریدے تاکہ مقامی منڈی میں قیمت مستحکم ہو اور بینک ڈیفالٹ اور نقصان سے بچنے میں مدد ملے اور گنے کے کاشت کاروں کو ادائیگیاں ممکن ہوں۔ حکومت TCP (ٹی سی پی) کو پہلے ہی ہدایت دے چکی ہے کہ وہ یوٹیلیٹی سپلائی کے لیے چینی ملوں سے خریدے اور 15 لاکھ ٹن چینی برآمد کرنے کی اجازت دے۔ اندازے کے مطابق اس سال 60 لاکھ ٹن چینی کی پیداوار ہوگی جبکہ ملکی ضرورت 45 لاکھ ٹن ہے۔ یہ مسلسل تیسرا سال ہے جس میں چینی کی زائد پیداوار ہوئی ہے۔ (ڈان، 9 جنوری، صفحہ 10)

13 جنوری: شوگر ملوں کے مطابق امید ہے پاکستان سال 14-2013 میں 0.5 ملین ٹن چینی کی برآمد سے 500-550 ملین ڈالرز کا زرمبادلہ حاصل کرلے گا۔ گنے کی شاندار فصل ہونے کی وجہ سے توقع ہے کہ سال 14-2013 میں پیداوار 6 ملین ٹن ہوگی جبکہ 13-2012 میں پیداوار 5.4 ملین ٹن تھی۔ (ڈان، 14 جنوری، صفحہ 10)

14 جنوری: کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کی طرف سے 0.25 ملین ٹن چینی برآمد کرنے کی اجازت دینے کے بعد چینی کی قیمت میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ یہ بات چیف سیکرٹری سندھ سجاد سلیم ہوتیانہ نے چیف

جسٹس سندھ مقبول باقر کو حکومتی چینی کی قیمت مقرر کرنے کے حوالے سے عدالت کو بتائی۔ انہوں نے کہا کہ چینی مل مالکان طاقتور تجارتی گھرانے ہیں۔ چینی کی برآمد وفاقی حکومت کا اختیار ہے صوبائی حکومت کا نہیں۔ چیف سیکرٹری کا بیان سننے کے بعد عدالت نے وزارت صنعت کو اس حوالے سے مکمل تفصیلات پیش کرنے کو کہا ہے۔ (دی نیوز، 15 جنوری، صفحہ 20)

27 اپریل: چینی کی صنعت کو دی جانے والی بھاری برآمدی مراعات کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی میں تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا گیا کہ یہ مراعات ان کسانوں کو دی جانی چاہیے جن سے اکثر حکومت کی مقرر کردہ رقم سے بھی کم قیمت پر مل مالکان گنا خریدتے ہیں۔ کمیٹی نے سفارش پیش کی کہ پچھلی حکومت کی طرف سے چینی کے مل مالکان کو دی جانے والی مراعات کے معاملے کو نیشنل اکاؤنٹی بلیٹی بیورو (NAB) کے حوالے کیا جائے ورنہ کمیٹی یہ معاملہ عدالت میں لے جائے گی۔ (ڈان، 28 اپریل، صفحہ 4)

- پھل اور سبزی

آلو:

5 جنوری: پاکستان نے دسمبر کے آخری دو ہفتوں میں 10 ہزار ٹن آلو برآمد کیا۔ برآمد کنندگان کا کہنا ہے کہ جنوری میں 20 سے 30 ہزار ٹن آلو کے برآمدی آرڈرز کنفرم ہوگئے ہیں۔ توقع ہے کہ رواں سال آلو کی برآمد دو لاکھ ٹن سے تجاوز کر جائے گی۔ عراق، ایران، ملیشیاء، سری لنکا، وسطی ایشیا کی ریاستیں، روس اور متحدہ عرب امارات پاکستانی آلو کی بڑی منڈیاں ہیں۔ (ڈان، 6 جنوری، صفحہ 4)

15 اپریل: آلو کی پیداوار اپنے عروج پر ہونے کے باوجود قیمت میں پانچ روپے فی کلو کا پھر سے اضافہ ہوگیا ہے۔ آلو اب تھوک میں 50 روپے فی کلو اور مقامی منڈی میں 60 روپے فی کلو پر فروخت ہورہا ہے۔ قیمتوں میں اضافے کی وجہ آلو کی اسمگلنگ اور برآمد بتائی جارہی ہے۔ (دی نیوز، 16 اپریل، صفحہ 16)

25 اپریل: اقتصادی رابطہ کمیٹی نے 5 مئی سے 31 جولائی تک آلو کی برآمد پر 25 فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کردی ہے اور اس کی درآمد پر ایسی کوئی ڈیوٹی نہیں ہوگی۔ یہ فیصلہ آلو کی قیمت کو 30 روپے فی کلو پر لانے کے لیے کیا گیا ہے۔ (دی نیوز، 26 اپریل، صفحہ 2)

25 اپریل: ایک مضمون میں آل پاکستان فروٹ اینڈ ویجیٹیبل ایکسپورٹرز امپورٹرز اینڈ مرچینٹ ایسوسی ایشن (PFVA) کے شریک چیئرمین وحید احمد کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا کہ پاکستانی آلو کی قیمت میں اضافے کی وجہ سے آلو برآمد کرنے والے بنگلہ دیش جاکر اپنے برآمدی آرڈر پورے کررہے ہیں۔ (ڈان، 26 اپریل، صفحہ 10)

گوار:

9 جنوری: زرعی کاروبار سے وابستہ تاجروں کا کہنا ہے کہ پاکستانی گوار کا معیار بھارتی گوار سے اچھا ہے۔ دنیا بھر میں گوار کی طلب کا 90-85 فیصد بھارت جبکہ پاکستان 15-10 فیصد سپلائی کرتا ہے۔ خرابی ہمارے بیج میں نہیں بلکہ ہمارے پراسسنگ کے طریقے پرانے ہیں۔ گوار کی برآمد 7-2006 میں 29 ملین ڈالرز سے ریکارڈ 152 ملین ڈالرز تک بڑھ گئی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 جنوری، صفحہ 10)

آم:

7 اپریل: یورپی یونین کی طرف سے پاکستانی آم کی درآمد پر پابندی کے خطرے کو روکنے کے لیے TDAP (ٹی ڈی اے پی) نے ایک ورکنگ گروپ بنا لیا ہے تاکہ آم کی برآمد میں حائل رکاوٹوں کو دور کیا جاسکے۔ یورپی یونین نے بھارت سے آم کی درآمد پر چند ہفتے پہلے پابندی لگائی ہے۔ (دی نیوز، 8 اپریل، صفحہ 15)

8 اپریل: ٹریڈ ریلیٹڈ ٹیکنیکل اسسٹنس (TRTA II) پروگرام کے چیف ٹیکنیکل ایڈوائزر برونو ویلن زولو

(Bruno Valanzolo) نے کینو اور آم کی برآمد پر کراچی میں یورپی یونین کی امداد سے ہونے والے پبلک پرائیویٹ ڈائیلاگ (PPD) میں کہا ہے کہ یورپی یونین نے پیلا کارڈ پاکستانی کینو اور آم برآمد کرنے والوں کو پہلے ہی دکھا دیا ہے جس کا مطلب ہے کہ ان کے معیار کا خیال نہیں رکھا جارہا ہے۔ اس لیے یورپی یونین کے ممالک آم اور کینو کی پاکستان سے درآمد پر پابندی لگا سکتے ہیں۔ اس موقع پر رابعہ جیوری آغا، سیکرٹری ٹی ڈی اے پی نے کہا کہ ان کا ادارہ بھاپ کی گرمی سے پھلوں کو محفوظ کرنے کے پلانٹ کے حوالے سے محکمہ قرنطینہ (quarantine) سے رابطے میں ہے۔ (دی نیوز، 9 اپریل، صفحہ 17)

11 اپریل: PFVA (پی ایف وی اے) اور سیکرٹری، وزارت قومی غذائی تحفظ وتحقیق کی کراچی میں ملاقات کے دوران یہ فیصلہ کیا گیا کہ محکمہ قرنطینہ پنجاب میں ہاٹ واٹر ٹریٹمنٹ (HWT) کی سہولت کا معائنہ کرے گا اور اس ٹریٹمنٹ کے بغیر یورپی یونین کو آم کی برآمد کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ (ڈان، 12 اپریل، صفحہ 10)

14 اپریل: ایک مضمون کے مطابق ملک میں اس سال آم کی پیداوار 1.8 ملین ٹن متوقع ہے۔ اس میں سے ٹی ڈی اے پی 160,000 ٹن برآمد کرے گی جبکہ پچھلے سال 140,000 ٹن آم برآمد کیے گئے تھے۔ (محی الدین اعظم، ڈان، 14 اپریل، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

19 اپریل: وزارت قومی غذائی تحفظ وتحقیق نے یورپی یونین برآمد کیے جانے والے آموں کے لیے HWT (ایچ ڈبلیو ٹی) لازمی قرار دے دیا ہے۔ اس حوالے سے پاکستان میں دنیا کے سب سے بڑے گرم پانی ٹریٹمنٹ پلانٹ کا افتتاح مئی میں ہوگا۔ یہ پلانٹ پاکستان ہورٹی فریش پرائیویٹ لمیٹڈ آموں کی برآمد شروع ہونے سے پہلے لگائے گی۔ (دی نیوز، 20 اپریل، صفحہ 15)

25 اپریل: پی ایف وی اے کے ترجمان وحید احمد نے کہا کہ ایچ ڈبلیو ٹی کی شرط کی وجہ سے یورپی یونین

کو آم کی برآمد میں اس سال 16,000 ٹن کی کمی ہوسکتی ہے۔ پچھلے سال پاکستان نے 24,000 ٹن آم یورپی یونین ممالک کو برآمد کیے تھے۔ (دی نیوز، 26 اپریل، صفحہ 17)

کینو:

3 فروری: ایک خبر کے مطابق کینو کی برآمد اپنے عروج پر ہے۔ ابھی تک کینو کے 4,000 کنٹینرز جن کی مالیت 88.9 ملین ڈالرز ہے برآمد کیے جاچکے ہیں۔ (ڈان، 4 فروری، صفحہ 11)

- کپاس

3 فروری: ایک مضمون کے مطابق پاکستان کی کپڑے کی صنعت یورپی یونین سے پاکستان کو جی ایس پی پلس کا درجہ ملنے کے بعد امید کررہی ہے کہ اضافی برآمدات سے وہ ایک بلین ڈالرز کما سکے گی لیکن اس کے لیے کپاس کی پیداوار کو بڑھانا ہوگا۔ ٹیکسٹائل کے شعبے کو برآمدی آرڈر پورے کرنے کے 16 ملین گانٹھوں کی ضرورت ہوگی۔ (احمد فراز، ڈان، 3 فروری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

3 مارچ: ایک مضمون میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کو (یکم جنوری 2014) جی ایس پی پلس کا درجہ مل چکا ہے لیکن توانائی کے بحران کی وجہ سے ٹیکسٹائل کا شعبہ اس کا بھرپور فائدہ نہیں اٹھا رہا ہے۔ حکومت کو اس طرف بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے کہ ہماری کپاس کی پیداوار جو 13 سے 15 ملین گانٹھوں پر آ کر رک گئی ہے، اس کے لیے کپاس کے زیر کاشت رقبہ بڑھانا پڑے گا۔ حکومت کو گندم اور گنے کی طرح کپاس کی امدادی قیمت بھی مقرر کرنی چاہیے۔ یہ طریقہ 10 سال پہلے تک ملک میں رائج تھا مگر آزاد تجارت کے زور میں خود ٹیکسٹائل لابی نے اس کو ختم کروا دیا تھا۔ (اشفاق بخاری، ڈان، 3 مارچ، صفحہ 4)

- ایتھنول

19 جنوری: پارک کے مطابق راب (molasses) کی برآمد جو 2012 میں 80 ہزار ٹن تھی بڑھ کر 2013

میں 250,000 ٹن تک پہنچ گئی ہے۔ پاکستان کے پاس 2.5 ملین ٹن راب کی پروسیسنگ کی استعداد ہے جس سے پانچ لاکھ ٹن ایتھنول بنتا ہے۔ (ڈان،20 جنوری،صفحہ 4)

28 جنوری: پاکستان میں ایتھنول بنانے والی کمپنی یونی کول (UNICOL) نے ایتھنول کی پیداواری صلاحیت مارچ تک سو فیصد بڑھا کر 80 ٹن سے 160 ٹن یومیہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بروکریج کمپنی کے مطابق چینی کے منافع میں ممکنہ بحران کی صورت میں ایتھنول کی پیداوار سے بہتر منافع کمایا جاسکتا ہے اس لیے یہ منصوبہ اہمیت کا حامل ہے۔ یونی کول اپنی تمام پیداوار غیرملکی منڈی خاص کر یورپ کو برآمد کرتی ہے۔ (دی نیوز،29 جنوری،صفحہ 17)

3 فروری: ایک مضمون کے مطابق ہشام گروپ آف کمپنیز چینی، راب اور ایتھنول کا کاروبار کرتی ہیں۔ یہ گروپ یونی کول کے ذریعے سستے راب کو زیادہ قدر والے ایتھنول میں تبدیل کرتی ہے، ایتھنول کی برآمد کے لیے اس گروپ کی اپنی دو فیکٹریاں ہیں، مہران شوگر ملز اور پاکستان مولیس کمپنی لمیٹڈ۔ ایتھنول 800-850 ڈالرز فی ٹن کے حساب سے فروخت ہوتا ہے جبکہ راب کی قیمت 100 سے 110 ڈالرز فی ٹن ہے۔ پاکستان میں راب سے ایتھنول بنانے والی 20 ڈسٹلیریز ہیں جہاں سے پچھلے سال 405,000 ٹن ایتھنول برآمد کیا گیا۔ (پرویز اشفاق رعنا، ڈان، 3 فروری،صفحہ 3، بزنس اینڈ فنانس)

- تمباکو

11 مارچ: وزیر تجارت خرم دستگیر خان نے قومی اسمبلی کو بتایا کہ پاکستان نے رواں سال کے پہلے آٹھ مہینوں میں12.82 ملین ڈالرز مالیت کا تمباکو اور سگریٹ 23 مختلف ممالک کو برآمد کیا۔ (ڈان،12 مارچ،صفحہ 10)

- حلال اشیاء

4 مارچ: چین میں قنہائی چیمبر آف انٹرنیشنل کامرس کے چیئرمین زیہوئی وینگ نے لاہور چیمبر آف

کامرس اینڈ انڈسٹری (LCCI) کے دورے کے موقع پر کہا کہ چین میں 20 ملین مسلم آبادی ہے جس کی حلال اشیاء کی منڈی میں پاکستان کے لیے وسیع مواقع ہیں۔ یہ امید کی جارہی ہے کہ مئی میں ہونے والی حلال اشیاء کی بڑی نمائش میں شرکت پاکستان کے لیے حلال اشیاء کی تجارت کے راستے کھول دے گی۔ (ڈان، 5 مارچ، صفحہ10)

20 اپریل: یونیورسٹی آف ویٹنری اینڈ اینیمل سائنسیز (UVAS) کے وائس چانسلر پروفیسر طلعت پاشا نے لاہور میں کہا ہے کہ پچھلے سال حلال گوشت کی برآمد میں 34 فیصد اضافہ ہوا تھا جسے 55 فیصد تک بڑھایا جاسکتا ہے۔ پچھلے سال 120 ملین ڈالرز کا حلال گوشت برآمد کیا گیا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 21 اپریل، صفحہ5)

25 اپریل: وفاقی وزیر سائنس وٹیکنالوجی کامران علی قریشی نے کہا ہے کہ حلال فوڈ کی ٹریلین ڈالرز کی صنعت میں پاکستان کا صرف پانچ فیصد حصہ ہے جس کی نگرانی کے لیے حکومت حلال فوڈ اتھارٹی بنارہی ہے جو وزارت سائنس وٹیکنالوجی کے ماتحت ہوگی اور اسے بورڈ آف گورنرز چلائے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 26 اپریل، صفحہ10)

- پولٹری

3 جنوری: سعودی عرب نے پولٹری مصنوعات کے معیار اور سہولیات کا جائزہ لینے کے بعد پاکستان سے پولٹری مصنوعات کی درآمد پر پابندی اٹھالی ہے۔ سعودی عرب نے 2005 میں برڈ فلو کی وجہ سے پابندی عائد کی تھی۔ پولٹری پاکستانی زراعت کا 5.7 فیصد ہے جبکہ گوشت کی کل پیداوار میں پولٹری کا حصہ 26.8 فیصد ہے۔ نیشنل فوڈ سکیورٹی حکام کے مطابق پولٹری کی صنعت سالانہ 13 فیصد ترقی کر رہی ہے۔ (ڈان، 4 جنوری، صفحہ10)

18 فروری: تمام زندہ چڑیوں، انڈوں اور ایک دن کے چوزوں کی درآمد پر برڈ فلو کی وجہ سے 2006 میں کویت کی طرف سے لگائی گئی تجارتی پابندی ہٹا دی گئی ہے۔ (ڈان، 19 فروری، صفحہ 10)

- سمندری غذا

12 فروری: ایک مضمون کے مطابق فشریز کوآپریٹیو سوسائٹی (FCS) اور دیگر اداروں سے کراچی فشریز ہاربر اتھارٹی (KFHA) زمین کا کرایہ وصول کرنے میں ناکام رہی ہے جو 190 ملین روپے سے زیادہ بنتا ہے۔ ایکسپورٹ زون کی صفائی بھی جو بنیادی طور سے FCS (ایف سی ایس) کی ذمہ داری ہے نظر نہیں آتی باوجود اس کے کہ پاکستان کو یورپی یونین سے جی ایس پی پلس کا درجہ مل چکا ہے جس کے بعد پاکستان کی سمندری غذا کی برآمد میں بڑا اضافہ متوقع ہے۔ (سلیم قاضی، ڈان، 13 فروری، صفحہ 19)

8 مارچ: پاکستان فشریز ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن (PFEA) کے چیئرمین فیصل افتخار نے کراچی میں کہا ہے کہ مچھلی کی برآمدات کو جی ایس پی پلس سے کوئی خاص فائدہ نہیں ہوگا کیونکہ وہ یورپی ملک جن کو ہم سمندری غذا برآمد کرتے ہیں ان کی تعداد کم ہے اور یورپی یونین اور دیگر ممالک کی خریداری کی قیمت میں بہت کم فرق ہے۔ (ڈان، 9 مارچ، صفحہ 11)

3 اپریل: ٹی سی پی کے چیف ایگزیکٹو سے کراچی میں ملاقات کے دوران تھائی لینڈ سے سمندری غذا درآمد کرنے والے 12 رکنی وفد نے پاکستانی تاجروں سے چھوٹے اور لمبے عرصے کے معاہدوں اور پاکستانی سمندری غذا پروسیس کرنے والی فیکٹریوں کے ساتھ مل کر کام کرنے میں دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 4 اپریل، صفحہ 11)

## درآمدات

- گندم

25 جنوری: ایگری فورم آف پاکستان کے مطابق خدشہ ہے کے پاکستان رواں مالی سال گندم کی پیداوار کا 25 ملین ٹن کا ہدف حاصل نہیں کر سکے گا۔ کسانوں نے اکتوبر سے دسمبر 2013 کے درمیان 21 ملین ایکڑ پر گندم کاشت کی ہے جو کہ پچھلے سال کے زیر کاشت رقبے کے برابر ہے جس سے 24.21 ملین ٹن گندم کی پیداوار حاصل ہوئی تھی۔ حکومت کی طرف سے زرعی شعبے کو نظر انداز کیے جانے کی بدولت آج پاکستان گندم برآمد کرنے کے بجائے درآمد کرنے والا ملک بن گیا ہے۔ تاجروں کے مطابق حکومت نے 2014 کے لیے 480,000 ٹن گندم کی درآمد کا آرڈر جاری کیا ہے۔ (دی نیوز، 26 جنوری، صفحہ 15)

22 فروری: ایک مضمون کے مطابق گندم کی جولائی سے دسمبر 2013 تک کی درآمد بھی آٹے کی قیمت میں کمی نہیں لاسکی اس دوران مل مالکان کسی نہ کسی بہانے آٹے کی قیمت بڑھاتے رہے۔ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس (PBS) کے مطابق اس دوران جولائی 2013 سے جنوری 2014 تک 107.2 ملین ڈالرز کی گندم درآمد کی گئی جبکہ اس سے پہلے گندم کی درآمد نہیں ہوئی تھی۔ (ڈان، 22 فروری، صفحہ 10)

- خوردنی تیل

1 جنوری: پاکستان کسٹم حکام نے گھی اور خوردنی تیل بنانے والی 73 کمپنیوں کے خلاف تیل کی درآمد پر عائد فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی، سیلز ٹیکس اور ود ہولڈنگ انکم ٹیکس کی چوری پر تحقیقات شروع کردی ہیں۔ ذرائع کے مطابق 90 ملین روپے کی ٹیکس چوری سے قومی خزانہ کو بھاری نقصان پہنچایا گیا۔ (دی نیوز، 2 جنوری، صفحہ 15)

3 فروری: پاکستان بناسپتی مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (PVMA) نے حکومت سے کہا ہے کہ وہ بھارت کو تجارت میں پسندیدہ ملک (MFN) قرار دیتے وقت گھی اور کھانے کے تیل کو ان اشیاء کی فہرست میں

رہنے دے جن پر دونوں ملکوں کو آپس میں تجارت نہیں کرنی۔ پام آئل کی برآمد جو دونوں ملک کرتے ہیں، کی بھارت میں درآمدی قیمت کم ہے اور نقل وحمل کا خرچہ کم آتا ہے جس کی وجہ سے پاکستانی گھی اور تیل کی صنعت بھارتی گھی اور تیل کی قیمت میں مقابلہ نہیں کر پائے گی۔ (ڈان، 4 فروری، صفحہ 7)

19 فروری: زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے وائس چانسلر ڈاکٹر اقرار احمد خان نے اسلام آباد میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان 400 بلین روپے کا خوردنی تیل اور دالیں درآمد کرتا ہے۔ ہم اگر خوردنی تیل میں خودکفیل ہو جائیں تو اس سے بھاری زرمبادلہ بچا سکتے ہیں۔ پاکستان کے پاس چار موسم اور بہترین کاشت کاری کا نظام ہے لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ جدید زرعی طریقوں کے ذریعے ہم فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کریں۔ وائس چانسلر نے پاکستان میں پانی کی شدید کمی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ کاشت کاری کے لیے احتیاط کے ساتھ پانی استعمال کرنے کے بہتر طریقوں کو لوگوں میں عام کرنے کی ضرورت ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 20 فروری، صفحہ 11)

10 اپریل: ایک خبر کے مطابق پاکستان نو ممالک سے 70,000 ٹن خوردنی تیل درآمد کرتا ہے جس میں 20,000 ٹن مضر صحت استعمال شدہ تیل بھی شامل ہے۔ اس تیل کے استعمال پر پابندی عائد ہے لیکن یہ ''تیزابی تیل'' وغیرہ کے نام سے درآمد کیا جاتا ہے اور کھانے کے چھوٹے کاروبار میں بہت استعمال ہو رہا ہے۔ (ڈان، 11 اپریل، صفحہ 10)

- آلو

21 اپریل: وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے وزارت خزانہ کی میٹنگ میں غذائی اشیاء کی قیمتوں کا جائزہ لیتے ہوئے آلو کی قیمت کے حوالے سے ہدایت جاری کی کہ اگر آلو کی قیمت اگلے تین دنوں میں معمول کی سطح پر نہیں آئی تو تمام ٹیکس اور ڈیوٹی ختم کرکے آلو درآمد کیا جائے گا تاکہ آلو اپنی قیمت 30 روپے فی کلو کی سطح پر واپس آسکے۔ (ڈان، 22 اپریل، صفحہ 10)

25 اپریل: فارمرز ایسوسی ایٹس آف پاکستان (FAP)، اوکاڑہ پوٹیٹو، ویجیٹبل اینڈ فروٹ گروورز کوآپریٹیو سوسائٹی، کسان بورڈ پاکستان اور کسان اتحاد کی ایک میٹنگ میں کسانوں نے کہا کہ تمام مداخل اور مشینری پر سیلز ٹیکس، مزدوری، ڈیزل اور بجلی کی قیمت میں اضافے کی وجہ سے آلو کی قیمت میں اضافہ ہوا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت سے آلو درآمد کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ ملک میں آلو کا اسٹاک بہت ہے، 10-15 فیصد کھیتوں میں بھی موجود ہے بھارت سے آلو کی درآمد کی مخالفت کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ وہ حکومت کو پاکستانی کسانوں کو تباہ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ (دی نیوز، 26 اپریل، صفحہ 17)

- کپاس

24 فروری: کپاس کے تاجروں کے مطابق کپاس کی درآمدات میں پچھلے دنوں تیزی آئی ہے۔ ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر اچانک بڑھنے سے کپاس درآمد کرنا مہنگا پڑ رہا تھا لیکن اب جب دوبارہ روپے کی قدر میں کمی آئی ہے تو تاجر 81 سنٹس (cents) سے 88 سنٹس فی پاؤنڈ کے حساب سے کپاس درآمد کررہے ہیں۔ مالی سال 2013-14 میں 1.7 ملین گانٹھیں درآمد کی گئیں جس میں سے 1.2 ملین بھارت سے درآمد کی گئی ہے کیونکہ بھارت سے نقل وحمل کے اخراجات کم ہیں۔ (دی نیوز، 25 فروری، صفحہ 15)

6 مارچ: آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (APTMA) پنجاب کے چیئرمین ایس ایم تنویر نے واہگہ بارڈر سے ہونے والی کپاس کی تجارت پر ایک خصوصی کمیٹی بنائی ہے جو پاکستانی مسائل کا جائزہ لے گی۔ نقل وحمل کے کم اخراجات کی وجہ سے پاکستان ایک ملین گانٹھوں سے زیادہ کپاس بھارت سے درآمد کررہا ہے جس میں سے 40 فیصد واہگہ بارڈر کے راستے درآمد کی جائیں گی۔ (دی نیوز، 7 مارچ، صفحہ 17)

2 اپریل: اطلاعات کے مطابق کپاس کی بوائی میں کاشت کار جان بوجھ کر تاخیر کررہے ہیں کیونکہ انھیں حکومت کی طرف سے بھارت سے دھاگے کی درآمد پر پابندی کے اعلان کا انتظار ہے۔ پی سی جی اے کے نائب صدر پریم چند کیا تانی، نے اس حوالے سے کہا ہے کہ بھارت سے دھاگے کی ڈیوٹی فری درآمد

اور پاکستانی روپے کی ڈالر کے مقابلے میں بڑھتی ہوئی قدر سے کسانوں اور جنرز کا مجموعی طور پر تین بلین روپے کا نقصان ہوا ہے۔ (دی نیوز، 3 اپریل،صفحہ15)

3 اپریل: بھارت سے سستے دھاگے کی درآمد کے حوالے سے پاکستان میں دھاگہ بنانے والوں اور کپڑا بننے والوں کی مختلف آراء ہیں۔ کپڑا بننے والے سستے دھاگے کا خیرمقدم کررہے ہیں جبکہ دھاگہ بنانے والے اس کو اپنے لیے خطرہ سمجھ رہے ہیں۔ فیصل آباد سے دھاگہ بنانے والوں کے گروپ کے سربراہ کے مطابق اگر دھاگے کی ایک بوری پاکستانی دھاگہ بنانے والوں کو 10,000 روپے کی پڑتی ہے تو وہی بوری بھارت میں 7,200 میں دستیاب ہے۔ (ڈان، 4 اپریل،صفحہ11)

- کھاد

22 فروری: ایک خبر کے مطابق وفاقی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ 2014 کے خریف کے موسم کے لیے 125,000 ملین ٹن یوریا درآمد کی جائے گی۔ وزارت صنعت و پیداوار نے تقریباً 0.5 ملین ٹن کی کمی کا اندیشہ ظاہر کیا ہے۔ (دی نیوز،23 فروری،صفحہ15)

- بھیڑیں

15 اپریل: آسٹریلیا سے درآمد کی گئی بھیڑوں کا معاملہ ڈیڑھ سال پرانا ہے جس کی تفتیش کا نتیجہ اگرچہ پاکستان میں ابھی سامنے نہیں آیا لیکن آسٹریلین نیوز آرگنائزیشن کی ڈاکومنٹری مکمل شواہد سامنے لے آئی ہے جس کے تحت آسٹریلین کمپنی ویلارڈ رورل ایکسپورٹس (Wellard Rural Exports) کے مشرق وسطی کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر (CEO) نے بحرین سے بھیڑوں میں بیماری کی وجہ سے انہیں واپس کیا اور انہیں ایک پاکستانی کمپنی کے ذریعے پاکستان درآمد کیا گیا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون،16 اپریل،صفحہ1)

## ایگری بزنس

8 جنوری: ایگری بزنس سپورٹ فنڈ (ASF) نے ورکشاپس کے انعقاد کا آغاز کیا ہے جن کا مقصد زرعی شعبہ میں کام کرنے والوں کو پیشہ ورانہ معلومات فراہم کرنا ہے۔ (دی نیوز، 9 جنوری، صفحہ 11)

3 فروری: جڑی بوٹیوں اور شہد کی افادیت پر اسلام آباد میں ایک روزہ "صنعتی کانفرنس" ہوئی جس میں صوبہ کے پی کے کی حکومت، ماہرین، تاجروں اور دیگر افراد نے شرکت کی، کسانوں کی آمدنی میں اضافے کو مدنظر رکھتے ہوئے کانفرنس میں جڑی بوٹی اکھٹا کرنے والوں اور شہد کی مکھی رکھنے والوں کو کامیاب زرعی کاروباری صنعت کاروں سے ملوایا گیا۔ کانفرنس کے اختتام پر جڑی بوٹیوں کا کام کرنے والے پانچ کارخانوں کے مقامی طبیب کے ساتھ یو ایس ایڈ نے مفاہمت کی یاداشت پر دستخط کیے تاکہ ان کے کام کو فروغ دیا جاسکے۔ پاکستان میں 6,000 سے زیادہ ایسی جڑی بوٹیاں ہیں جن کی مالی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ کانفرنس کا مقصد ہربل (herbal) شعبے کو فروغ دینا تھا۔ (ڈان، 4 فروری، صفحہ 7)

17 فروری: ایک مضمون کے مطابق دی سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے 19 کمپنیوں کا کارپوریٹ ایگریکلچر فارمنگ میں اندراج کیا ہے۔ ان میں سے زیادہ تر کا بیج، پولٹری اور فیڈ (چارے) کے کاروبار سے تعلق ہے۔ (ناصر جمال، ڈان، 17 فروری، صفحہ 1، بزنس اینڈ فنانس)

26 فروری: سندھ کے وزیر زراعت سردار علی نواز خان مہر اور وزیر مال مویشی اور ماہی گیری جام خان شورو نے کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کراچی ایکسپو سینٹر میں 2-1 مارچ کو ہونے والی لائیو اسٹاک، ڈیری، فیشریز، پولٹری اور ایگریکلچر (2014) نمائش سے دو بلین روپے کا کاروباری فائدہ متوقع ہے۔ وزراء کے مطابق پچھلی نمائش سے ایک بلین روپے سے زیادہ کے سرمایہ کاری کے معاہدے مال مویشی، ماہی گیری اور دیگر شعبوں میں ہوئے تھے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 27 فروری، صفحہ 10)

4 اپریل: ایک خط کے ذریعے پاکستان فروٹ پروسسنگ ایسوسی ایشن (PFPA) نے وزیر اعظم نواز

شریف کو پنجاب میں فروٹ پروسسنگ کے کام میں حائل مشکلات سے آگاہ کیا ہے۔ دستور میں اٹھاویں ترمیم کے بعد پنجاب نے اپنی فوڈ اتھارٹی بنائی ہے جو خوراک سے متعلق کاروبار کے معیار کی نگرانی کرتی ہے۔ (دی نیوز، 5 اپریل، صفحہ15)

20 اپریل: ایس سی اے نے حیدرآباد میں ہونے والے اجلاس میں واضع کیا کہ یو ایس ایڈ نے آم کی پیداوار اور کھیت کی سطح پر ہونے والے کاموں میں بہتری پر صرف 25 ملین ڈالرز خرچ کیے ہیں جبکہ سندھ کے کاشت کاروں کے مختلف معاہدے منسوخ کردیے گئے ہیں خاص کر سبزیوں کی ٹنل فارمنگ کے منصوبے میں کسانوں کی طرف سے جمع کیے گئے پے آرڈرز بھی یہ کہہ کر واپس کردیے گئے کہ ٹنل فارمنگ سندھ کے لیے ضروری نہیں۔ ایس سی اے نے یو ایس ایڈ، آسٹریلیا، یورپ اور عالمی امدادی ایجنسیوں کی طرف سے زرعی اور مال مویشی کے شعبوں کو دی جانے والی امداد کا خیر مقدم کیا ہے خاص طور سے جو سندھ کے لیے تھیں۔ ایس سی اے نے یہ بھی کہا کہ پاکستان ہورٹی کلچر ڈیولپمنٹ اینڈ ایکسپورٹ کمپنی (PHDEC)، ASF (اے ایس ایف) اور اسمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز (SMEs) صرف کاغذی کارروائی کررہی ہیں بجائے اس کے کہ وہ پیداوار بڑھانے میں کسانوں کی مدد کریں۔ چیمبر نے حکومت سے کہا ہے کہ وہ ٹی ڈی اے پی میں آم کے موسم سے پہلے خاص ڈسک (desk) کراچی اور حیدرآباد میں قائم کریں تاکہ آم کے کاشتکاروں کو اس کی برآمد کے حوالے سے فوری معلومات مل سکیں۔ (ڈان، 21 اپریل، صفحہ17)

23 اپریل: PHDEC (پی ایچ ڈی ای سی) کے مطابق رس دار پھل کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے ان کی پیداوار اور پروسسنگ کے لیے بین الاقوامی تعاون سے نیا تربیتی پروگرام ٹیکنیکل اینڈ وکیشنل ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ (TVET) ریفارم سپورٹ پروگرام کے نام سے شروع کیا گیا ہے جسے یورپی یونین، نیدر لینڈز اور جرمنی کا تعاون حاصل ہے۔ (دی نیوز، 24 اپریل، صفحہ17)

## VI۔ کارپوریٹ شعبہ

### کھاد کمپنیاں

- فوجی فرٹیلائزر

17 جنوری: کراچی اسٹاک ایکسچینج کے مطابق فوجی گروپ کی دونوں کھاد کمپنیوں نے 2013 کی ٹاپ کمپنیوں کا اعزاز برقرار رکھا ہے۔فوجی فرٹیلائزر لمیٹڈ پہلے نمبر پر جبکہ فوجی فرٹیلائزر بن قاسم پانچویں نمبر پر رہی۔ (دی نیوز،18 جنوری،صفحہ16)

27 جنوری: فوجی فرٹیلائزرز بن قاسم لمیٹڈ نے دسمبر میں ختم ہونے والے سال 2013 میں 5.6 ارب روپے بعد از ٹیکس منافع کا اعلان کیا ہے۔ منافع میں اضافہ کی شرح گزشتہ سالوں کی نسبت 29 فیصد زیادہ رہی۔ تجزیہ کاروں کے مطابق منافع میں اضافے کی بنیادی وجہ پچھلے سال ڈیپ (DAP) کھاد کی پیداوار میں ہونے والا 26 فیصد اضافہ ہے۔ (ڈان،28 جنوری،صفحہ11)

29 اپریل: فوجی فرٹیلائزر کی سال 2014 میں 31 مارچ تک کی آمدنی میں سات فیصد کمی ہوئی ہے۔ پیداواری قیمت میں اضافہ اس کمی کی بنیادی وجہ ہے جس کی ایک وجہ حکومت کی طرف سے گیس پر جی آئی ڈی سی کا نفاذ ہے۔ (دی ایکسپریس ٹربیون،30 اپریل،صفحہ11)

- اینگرو فرٹیلائزر

2 جنوری: حکومت کی طرف سے گیس انفرا اسٹرکچر سرچارج میں اضافے کے بعد اینگرو فرٹیلائزر نے یوریا کی قیمتوں میں اضافہ کردیا ہے۔ 50 کلو کی بوری 1,722 سے بڑھ کر 1,900 کی ہوگئی ہے۔ اینگرو کا کہنا ہے کہ 178 روپے فی بوری کا اضافہ حکومت کی طرف سے عائد سرچارج اور مہنگائی کے تناسب سے کیا گیا ہے۔ جے ایس گلوبل کیپٹل (JS Global Capital) کے مطابق یوریا بنانے والے دوسرے ادارے فوجی فرٹیلائزر اور فاطمہ فرٹیلائزر بھی قیمتوں میں برابری کے لیے اینگرو کی پیروی کریں گی۔ تاہم اینگرو

نے حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ فیصلوں پر نظرثانی کرتے ہوئے جی آئی ڈی سی کو کم کرے اور درآمدی یوریا پر زرتلافی کو کم کرکے قومی آمدنی بڑھائے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 3 جنوری، صفحہ 11)

7 فروری: اینگرو فرٹیلائزر کارپوریشن لمیٹڈ نے 2013 کے بعد از ٹیکس منافع کا اعلان کردیا ہے جس کے تحت کمپنی نے پورے سال 5.5 بلین روپے کا منافع کمایا۔ یہ منافع جولائی 2013 سے گیس کی فراہمی میں 64 فیصد اضافے کے بعد یوریا کی فروخت میں اضافے سے پیدا ہوا جس کی بڑی وجہ اس کے انون (Enven) پلانٹ کا باقاعدگی سے چلنا ہے۔ (ڈان، 8 فروری، صفحہ 10)

29 اپریل: اینگرو کارپوریشن کی 31 مارچ، 2014 تک کی آمدنی میں 11 فیصد اضافہ دیکھا گیا ہے۔ یہ اضافہ اس کی تین کمپنیوں میں سے ایک اینگرو فرٹیلائزر لمیٹڈ کو گیس کی بہتر فراہمی اور بہتر کارکردگی کی وجہ سے ہوا جبکہ اینگرو فوڈز اور اینگرو پولیمر کی آمدنی میں 71 فیصد اور 44 فیصد کمی ہوئی۔ (دی نیوز، 30 اپریل، صفحہ 15)

- فاطمہ فرٹیلائزر

29 اپریل: فاطمہ فرٹیلائزر جو عارف حبیب کارپوریشن کا حصہ ہے کا 31 مارچ، 2014 تک کا منافع 1.63 بلین روپے رہا ہے جبکہ پچھلے سال اسی عرصے میں منافع 1.68 بلین روپے تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 30 اپریل، صفحہ 11)

## زرعی مشینری

- ملت ٹریکٹر

1 فروری: ملت ٹریکٹر کے پلانٹس 20 جنوری سے یکم فروری تک بند رہنے کے بعد 3 فروری سے دوبارہ ایک ہفتے کے لیے بند رہیں گے۔ یکم جنوری سے جی ایس ٹی میں سات فیصد اضافے کے بعد فروخت

میں نمایاں کمی آئی ہے۔ (ڈان، 2 فروری، صفحہ 10)

## غذائی کمپنیاں

20 جنوری: ایک خبر کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی حکومت سے درخواست کرے گی کہ اس کے اختیارات کو ضلع سے ڈویژن کی سطح تک بڑھایا جائے۔ اتھارٹی نے 2012 سے اب تک 1,185 فیکٹریوں کو سربمہر (سیل) کیا جو غیر معیاری تھیں جن میں مشہور دودھ، تیل اور کیچپ کے برانڈ شامل ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 21 جنوری، صفحہ 5)

7 اپریل: ایک مضمون کے مطابق پاکستان میں دودھ پروسیس کرنے کی صنعت نے پچھلے پانچ سالوں میں 700 ملین ڈالرز کی سرمایہ کاری کی ہے لیکن اب بھی دودھ کی منڈی میں صنعتی حصہ صرف سات فیصد ہے، باقی غیر رسمی شعبے کے ہاتھ میں ہے۔ پچھلے پانچ سالوں میں دودھ کی قیمت 200 فیصد بڑھی ہے۔ کسانوں سے دودھ 35 سے 50 روپے فی لیٹر لے کر منڈی میں 100-75 روپے فی لیٹر فروخت کیا جا رہا ہے۔ کسانوں کے مطابق وہ دودھ رکھ نہیں سکتے اس لیے دودھ اکھٹا کرنے کے مرکز پر جو بھی قیمت ملتی ہے اس پر انھیں بیچ دیتے ہیں۔ (افشاں صبوحی، ڈان، 7 اپریل، صفحہ 1، بزنس اینڈ فنانس)

- نیسلے

20 فروری: نیسلے پاکستان نے 2013 کے سالانہ نتائج کا اعلان کردیا ہے جس کے تحت کمپنی نے بعد از ٹیکس 5.87 بلین روپے کا منافع کمایا جو پچھلے سال کے مقابلے میں 0.04 فیصد زیادہ ہے۔ اگرچہ کمپنی کی آمدنی میں اس سال نو فیصد اضافہ ہوا۔ یعنی آمدنی 2012 میں 79 بلین روپے سے 2013 میں 86 بلین روپے ہوگئی لیکن اخراجات میں اضافے کی وجہ سے منافع میں خاطر خواہ اضافہ نہ ہوسکا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 21 فروری، صفحہ 11)

17 مارچ: نیسلے ٹیٹرا پیک دودھ کی قیمت 95 روپے سے چار روپے اضافے کے ساتھ 99 روپے ہوگئی ہے۔ دسمبر 2013 میں یہی نیسلے ایک لیٹر پیک 90 روپے تھا۔ جنرل سیکرٹری کراچی ریٹیل گروسرز گروپ (KRGG) فرید قریشی نے کہا کہ نیسلے پاکستان نے قیمت میں اضافہ کوئی وجہ بتائے بغیر کیا ہے۔ (ڈان، 18 مارچ، صفحہ 11)

- کے ایف سی

29 جنوری: پاکستان میں تقریباً دس سالوں سے قائم کے ایف سی (KFC) فرنچائز دبئی کے کپولا (Cupola) گروپ کے پاس تھی۔ کپولا نے کے ایف سی پاکستان کو یو اے ای کی ڈیلیشیس ہولڈنگز (Delicious Holdings) کو فروخت کردیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ معاہدہ دو کروڑ ڈالرز میں ہوا۔ دونوں کمپنیاں معاہدے کی تفصیلات بتانے سے گریز کررہی ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 30 جنوری، صفحہ 10)

- آئی سی آئی

1 فروری: ایک مضمون کے مطابق آئی سی آئی (ICI) پاکستان لمیٹڈ بھی غذائی کاروبار کے منافع کی لوٹ میں کود پڑی ہے۔ کمپنی نے جاپان کی موری ناگا ملک انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ کی درآمد اور تقسیم کے کاروبار میں شریک ہونے کے لیے سرل پاکستان گروپ کمپنی کی یونی برانڈز پرائیوٹ لمیٹڈ جو 1978 میں قائم ہوئی کے ساتھ مفاہمت کی یاداشت پر دستخط کیے ہیں۔ عارف حبیب کارپوریشن کے خرم شہزاد کے مطابق اشیاء کی تجارت میں غذائی کمپنیوں کی ترقی کی شرح سب سے تیز ہے۔ پاکستان میں چار سالوں کے دوران (2008-12) تک غذائی کمپنیوں کی ترقی کی شرح 20 فیصد تھی جو ایشیائی ممالک کی اوسط شرح سے چار گنا زیادہ ہے۔ اس کی وجہ پاکستان میں آبادی کے اضافے کے ساتھ مڈل کلاس کی تعداد میں اضافہ بھی بتایا جارہا ہے۔ (ڈان، 2 فروری، صفحہ 10)

- یونی لیور

6 مارچ: یونی لیور پاکستان فوڈز لمیٹڈ کا 31 دسمبر، 2013 تک کا بعد از ٹیکس منافع ایک بلین روپے تھا۔ (ڈان، 7 مارچ، صفحہ 11)

- اینگروفوڈ

24 جنوری: اینگروفوڈز نے دسمبر 2013 کوختم ہونے والے سال کے اعداد وشمار جاری کردیے ہیں۔ جس میں دسمبر 2013 تک 870 ملین روپے کا بعد از ٹیکس منافع ظاہر کیا گیا ہے جو کہ پچھلے سال 2.6 بلین روپے تھا یوں کمپنی کے منافع میں 66 فیصد کمی ہوئی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 جنوری، صفحہ 11)

- اینگرو ایکس امپ

14 اپریل: دی ایکسپریس ٹریبیون کو انٹرویو دیتے ہوئے اینگرو ایکس امپ (Eximp) کے CEO (سی ای او) عبدل محمد خان نے کہا کہ پاکستان میں چاول کی فی ایکڑ پیداوار بہت آہستہ بڑھ رہی ہے۔ اس میں بہتری لانے کے لیے حکومت کو نئے بیجوں پر تحقیق کو فروغ دینا چاہیے یا پھر نجی شعبے کو یہ کام کرنے کی اجازت دینی چاہیے۔ اینگرو ایکس امپ چاول کوخرید کر پروسیس کرتی ہے جس کے بعد اسے مشرق وسطیٰ اور یورپ برآمد کیا جاتا ہے۔ محمد خان نے کہا کہ ان کی کمپنی کسانوں کو بہتر معیار کے بیج، پانی کے کم استعمال اور کیمیائی کھاد کے مناسب استعمال کی تعلیم بھی دیتی ہے۔ (فرحان ظہیر، دی ایکسپریس ٹریبیون، 14 اپریل، صفحہ 11، بزنس اینڈ فنانس)

## VII۔ مال مویشی، ماہی گیری اور پولٹری

### مال مویشی

30 جنوری: یو ایس قونصل جنرل نے لانڈھی ویٹنری ہسپتال میں کراچی ڈیری فارمرز ایسوسی ایشن اور اقوام متحدہ کے ایف اے او کے ساتھ جانوروں میں منہ اور کھرُ کی بیماریوں کی ویکسینیشن کے لیے قیمت میں

شراکت کے معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ (ڈان، 31 جنوری، صفحہ 17)

30 جنوری: وفاقی وزیر خوراک سکندر حیات کے مطابق پاکستان اور برازیل کے درمیان زراعت کی ترقی کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ جدید مذبح خانے کی تعمیر، فارمنگ اور گوشت کی پیداوار بڑھانے کے لیے برازیل کے تعاون اور تجربات کو خوش آمدید کہا جائے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 31 جنوری، صفحہ 11)

18 فروری: تھرپارکر جہاں کی 80 فیصد آبادی مال مویشی رکھتی ہے، میں وائرل بیماری جسے مقامی زبان میں ''ماٹا'' کہا جارہا ہے پھیل رہی ہے۔ خشک سالی نے چارے کی کمی پیدا کردی جس سے جانور جلد بیماری کا شکار ہوجاتے ہیں۔ اس بیماری سے اب تک سیکڑوں جانور مرچکے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 19 فروری، صفحہ 11)

16 مارچ: ان ممالک سے جہاں میڈ کاؤ (mad cow) کی بیماری کا خدشہ نہیں، حکومت نے جانوروں کی درآمد پر سے پابندی ہٹانے کا فیصلہ کیا ہے جبکہ وہ ممالک جن میں میڈ کاؤ کی بیماری پائی جاتی ہے وہاں یہ پابندی عائد رہے گی۔ (ڈان، 17 مارچ، صفحہ 3)

17 مارچ: ایک مضمون کے مطابق کے پی کے بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ افغانستان میں گائے کی منڈی پر نظر رکھے ہوئے ہے جس سے صوبے میں سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع فراہم ہوں گے۔ مستقبل میں افغانستان سے وسطی ایشیاء کی منڈی تک رسائی ممکن ہوگی۔ افغانستان کی گوشت کی ضروریات کافی حد تک کے پی کے سے پوری ہوتی ہیں اسی لیے بورڈ کے وائس چیئرمین محسن عزیز نے ایک انٹرویو میں کہا کہ یہاں گوشت دوسرے صوبوں کے مقابلے میں مہنگا ہے۔ 2012 میں پشاور ہائی کورٹ نے اس پر ازخود نوٹس لیتے ہوئے جانوروں کی افغانستان برآمد پر پابندی لگادی تھی جو جنوری، 2013 میں اٹھالی گئی ہے مگر برآمدی کوٹے 7,000 جانور فی مہینے سے کم کرکے 3,000 کردیا گیا ہے۔ (انتخاب امیر، ڈان،

17 مارچ، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

18 مارچ: ایک رپورٹ کے مطابق مختلف صحرائی علاقے جن میں صالح پٹ، گھوٹکی اور نارا شامل ہے میں پراسرار بیماری کی وجہ سے بہت بڑی تعداد میں مال مویشی مرگئے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 19 مارچ، صفحہ15)

20 مارچ: ایک مضمون کے مطابق تھر میں خشک سالی کی وجہ سے لوگ اپنے خاندان کی کفالت اور اسپتالوں میں داخل بچوں کے اخراجات پورے کرنے کے لیے وہ گائے جو وہ 40,000 سے 60,000 میں بیچتے تھے، 8,000 سے 10,000 میں بیچ رہے ہیں۔ (جان خاصخیلی، دی نیوز، 20 مارچ، صفحہ15)

11 اپریل: لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سے آسٹریلیا کے ہائی کمشنر پیٹر ہیورڈ (Peter Heyward) نے پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے چھ رکنی آسٹریلوی کمپنیوں کے وفد کی صدارت کرتے ہوئے آسٹریلیا کی زراعت اور مال مویشی کی مہارت کو پاکستان کے لیے استعمال میں لانے کی پیشکش کی۔ (دی نیوز، 12 اپریل، صفحہ17)

27 اپریل: ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان دنیا کا تیسرا بڑا دودھ پیدا کرنے والا ملک ہے۔ 2012 کے اعداد و شمار کے مطابق دودھ کی سالانہ پیداوار 20 بلین لیٹر ہے۔ بھارت 54 بلین لیٹر کی پیداوار سے پہلے اور امریکہ 21 بلین لیٹر پیدا کرکے دوسرے نمبر پر ہیں۔ پاکستان کو ملکی ضروریات پوری کرنے میں چار بلین لیٹرز سالانہ کمی کی وجہ سے دودھ درآمد بھی کرنا پڑتا ہے۔ 95 فیصد بریڈرز پاکستان میں چھوٹے کسان ہیں جو تین یا اس سے کم مال مویشی رکھتے ہیں۔ (اسپیشل رپورٹ، دی ایکسپریس ٹریبیون، 28 اپریل، صفحہ10)

## ماہی گیری

2 جنوری: ٹھٹھ کے ماہی گیروں نے ٹھٹھ میں ممنوعہ جالوں کے مسلسل استعمال پر تشویش ظاہر کی ہے۔ ماہی گیروں نے بتایا کہ کچھ بااثر سیاسی افراد اپنے کارندوں کے ذریعے ممنوعہ جال سے مچھلی اور جھینگے کا شکار کررہے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ ٹھٹھ اور بدین میں ڈالے گئے جالوں کی وجہ سے ماہی گیروں کو ایک سے دوسری بستیوں میں آنے جانے میں مشکلات کا سامنا ہے اور وہ اپنی روزی کمانے سے محروم ہیں۔ ماہی گیروں نے مطالبہ کیا ہے کہ ممنوعہ جال کا استعمال بند کیا جائے اور ان کی کشتیوں کی روایتی گزرگاہوں کو بحال کیا جائے۔ (ڈان، 3 جنوری، صفحہ 19)

24 جنوری: بھارت اور پاکستان کے درمیان تبادلہ صرف گرفتار ماہی گیروں تک محدود نہیں رہا بلکہ اس نے اب ایک اور غیر انسانی موڑ لے لیا ہے۔ جیلوں میں مرجانے والے ماہی گیروں کی لاشیں بھی مہینوں اپنے وطن واپسی کے لیے منتظر رہتی ہیں۔ ورلڈ فورم آف فشر پیپل (WFFP) کے سیکریٹری جنرل کے مطابق ہم کئی بار درخواستیں پاکستان اور بھارتی وزارتوں کو بھیج چکے ہیں کہ وہ کوئی ٹھوس پالیسی بنائیں جس سے جیلوں میں مرجانے والے ماہی گیروں کی میتیں ان کے پیارے جلد از جلد وصول کرسکیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 جنوری، صفحہ 12)

4 فروری: لانڈھی جیل میں بھارتی ماہی گیر کشن جس کی عمر تقریباً 50 سال تھی ایک مہینے کی بیماری جھیلنے کے بعد چل بسا۔ ایک اور بھارتی ماہی گیر جس کی عمر تقریباً 35 سال تھی اسی جیل میں 19 دسمبر کو اپنی قید کے کچھ مہینوں بعد جاں بحق ہوگیا تھا جس کی لاش اب تک اس کے ورثا کو بھارت نہ پہنچائی جاسکی ہے کیونکہ سرحد کے دونوں طرف کی حکومتیں اس حوالے سے سفارتی کارروائی پوری کرنے میں دلچسپی کا مظاہرہ نہیں کررہی ہیں۔ (ڈان، 5 فروری، صفحہ 17)

5 فروری: وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ نے ماہی گیری کے محکمے سے کارکردگی پر ایک میٹنگ کی صدارت

کرتے ہوئے فشریز کے صوبائی محکمے کو ہدایت کی ہے کہ وہ متعلقہ وفاقی ایجنسیوں تک کورنگی فش ھاربر کو اٹھارویں ترمیم کے تحت صوبائی حکومت کو منتقل کرنے کا معاملہ اٹھائے اور کراچی فش ھاربر کو فش ایکسپورٹ ڈیولپمنٹ فنڈ سے مستثنیٰ قرار دے۔ انھوں نے کہا کہ اگر یہ معاملات طے نہیں ہوئے تو پھر انھیں کونسل آف کامن انٹرسٹ میں اٹھایا جائے۔ (ڈان، 6 فروری، صفحہ 5)

27 فروری: بھارت میں 17 ماہ قید کاٹنے کے بعد 16 پاکستانی ماہی گیروں کی وطن واپسی متوقع ہے۔ (ڈان، 28 فروری، صفحہ 17)

18 مارچ: وزیر صحت بلوچستان رحمت بلوچ کے مطابق حکومت اگلے ترقیاتی پروگرام میں ماہی گیری اور کھجور کی صنعت کو ترجیح دے گی جو کہ کافی عرصے سے نظر انداز ہورہی ہے۔ (ڈان، 19 مارچ، صفحہ 5)

27 اپریل: گوادر میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ریفارمز یونٹ اور UNDP (یو این ڈی پی) کی مشترکہ گول میز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر ڈاکٹر قیصر بنگالی نے ماہی گیری کے شعبے میں اصلاحات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کھلے سمندر میں ٹرالر مافیا اور باریک جال کے استعمال نے سندھ اور بلوچستان کی سمندری حیات اور ماحول کو تباہ کردیا ہے۔ (ڈان، 28 اپریل، صفحہ 5)

## پولٹری

10 فروری: سیکرٹری تجارت کو ایک خط میں پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن (PPA) کے نائب صدر، خلیل ستار نے مختلف اصلاحات کا ذکر کیا ہے جو حکومت کو کرنی چاہیے قبل اس سے کہ حکومت پولٹری کا شعبہ بھارت سے تجارت کے لیے کھولے۔ (دی نیوز، 11 فروری، صفحہ 17)

18 فروری: کراچی میں پریس کو دیے گئے بیان میں PPA (پی پی اے) نے کہا کہ حکومتی مداخلت کے

خاتمے کے بعد پولٹری کا کاروبار پھر سے 12-2011 کی سطح پر جارہا ہے۔ 2012 میں برائیلر کی پیداوار 1.2 بلین تھی جو 2013 میں 20 فیصد کم ہو کر صرف 816 ملین رہ گئی تھی۔ اس دوران بہت سے فارمز نقصانات کی وجہ سے بند ہوگئے تھے۔ (دی نیوز، 19 فروری، صفحہ 17)

## VIII۔ ماحول

17 جنوری: سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق نے تین رکنی سب کمیٹی تشکیل دی ہے جو رہائشی علاقوں میں قائم کارخانوں کے متعلق اور شہر میں ماحولیاتی مسائل پر شکایات وصول کرے گی۔ کمیٹی انوائر مینٹل پروٹیکشن ایجنسی کے ساتھ مل کر رہائشی علاقوں میں قائم اینٹوں کے بھٹے اور کارخانوں کو منتقل کرنے کا کام کرے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 18 جنوری، صفحہ 4)

24 جنوری: سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے ماحولیات میں پیش کی گئی عوامی شکایات پر توجہ دلائی گئی ہے کہ اسلام آباد میں متعدد صنعتی اور تجارتی اداروں کا قیام ماحولیاتی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ گولڑہ فاریسٹ رینج میں پانچ اسٹون کرشرز اور چار رہائشی کالونیاں سی ڈی اے کے قوانین کی خلاف ورزی کررہی ہیں۔ انوائرمینٹل پروٹیکشن ایجنسی کے مطابق نو فولادی بھٹیاں اور 98 اینٹوں کے بھٹے ماحول کو آلودہ کرنے کا سبب بن رہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 جنوری، صفحہ 4)

12 فروری: ایک مضمون کے مطابق سندھ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس مشیر عالم نے اپریل 2012 میں گرین کورٹس (Green Courts) ہائی کورٹ اور صوبے بھر کے ڈسٹرکٹ کورٹس میں قائم کرنے کا حکم دیا تھا تاکہ وہ لوگ جو ماحول سے متعلق جرائم کا ارتکاب کریں وہ سزا پائیں۔ 2013 میں بھوربن اعلامیہ جاری ہوا تھا جس میں پاکستان، بھوٹان، بھارت، مالدیپ، برازیل اور ملیشیاء کے نمائندوں نے ماحول کے حوالے سے خراب ہوتی ہوئی صورت حال پر عملی اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ اس اعلامیہ کے بعد سپریم کورٹ آف پاکستان اور ہائی کورٹ لاہور، پشاور اور کوئٹہ میں گرین بینچ قائم ہوئے لیکن سندھ میں

ایسا کوئی بینچ قائم نہیں ہوسکا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون،13 فروری،صفحہ15)

20 مارچ: ایک اخباری رپورٹ کے مطابق سپریم کورٹ آف پاکستان کے بعد اب سینیٹ کی سب کمیٹی برائے ماحولیات بھی اسلام آباد میں میٹرو بس منصوبہ کے ماحول پر منفی اثرات کا جائزہ لے گی اور نظر رکھے گی کہ کہیں یہ منصوبہ اسلام آباد کے ماسٹر پلان کی خلاف ورزی تو نہیں کررہا؟ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 21 مارچ،صفحہ4)

6 اپریل: ایک خبر کے مطابق صوبائی حکومت کی عدم دلچسپی کی وجہ سے سندھ انوائرمنٹل ٹریبونل، جسے پاکستان انوائرمنٹل پروٹیکشن ایکٹ (PEPA) کے تحت 1997 میں قائم کیا گیا تھا پچھلے کچھ مہینوں سے کام نہیں کررہا ہے۔ دستور میں اٹھارویں ترمیم کے بعد ٹریبونل کے کنٹرول کو صوبوں کے حوالے کردیا گیا ہے۔ (ڈان، 7 اپریل،صفحہ16)

## زمین

- ساحلی زمین

15 جنوری: کراچی میں انٹرنیشنل یونین فار کنزرویشن آف نیچر (IUCN) اور کلائمٹ چینج ڈویژن کے اشتراک سے ساحلی زمین پر ہونے والے ورکشاپ میں شرکاء نے بتایا کہ سندھ اور بلوچستان کے ساحلوں کی بندرگاہوں پر پلاننگ کے بغیر تعمیرات، ناکارہ فضلے اور گندے پانی کی نکاسی جیسے مسائل سے ساحلی زمین کو سائنسی اصولوں کو اپناتے ہوئے بچانے کی ضرورت ہے۔ (ڈان،16 جنوری،صفحہ17)

16 جنوری: بلوچستان کوسٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی اور ورلڈ وائڈ فنڈ (WWF) نے ایک مفاہمت کی یاداشت پر دستخط کیے ہیں جس کے تحت بلوچستان کے ساحلی علاقوں کا تحفظ، وہاں رہنے والوں کی بہبود اور معلومات کا تبادلہ کیا جائے گا۔ دونوں ادارے ماحول دوست سیاحت کے فروغ اور حفاظتی اقدامات کے لیے مشترکہ

کوشش کریں گے۔ WWF (ڈبلیو ڈبلیو ایف) کے ریجنل ڈائریکٹر رب نواز کے مطابق بلوچستان کے ساحلی علاقوں کو کئی مسائل کا سامنا ہے جو ماحولیات اور اس کی ترقی کو متاثر کر سکتے ہیں۔ (ڈان، 17 جنوری، صفحہ 7)

24 مارچ: ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان کے چند ساحلوں میں سے ایک گڈانی جو صاف چمکیلے پانی اور آبی حیات سے بھرا رہتا تھا، اب خطرے سے دوچار ہے۔ پرانے جہازوں کو توڑنے کی فیکٹریوں، مچھلی پکڑنے کے لیے غیر قانونی طریقے اور حکومت کے کوئلے کے ذریعے بجلی پیدا کرنے والے جیسے منصوبوں سے یہ علاقہ ماحولیاتی تباہی سے دوچار ہے۔ (دی نیوز، 24 مارچ، صفحہ 13)

8 اپریل: ضلع گوادر کے چھوٹے سے ساحلی شہر پیشکن (Peshkan) کی زمین پچھلے دو سالوں سے سمندری لہریں بہا لے جارہی ہیں۔ ایک حکومتی دفتر، ایک اسکول اور کئی گھر سمندر کی نظر ہوگئے ہیں۔ مقامی ماہی گیروں کے مطابق اس علاقے میں ایک جیٹی (jetty) پچھلے سات سالوں سے بن رہی ہے۔ کام کی سست رفتاری نے یہ صورت حال پیدا کی ہے۔ (ڈان، 9 اپریل، صفحہ 17)

نیوکلیئر پلانٹ:

29 جنوری: IUCN (آئی یو سی این)، پاکستان کے چیئرمین ملک امین نے مطالبہ کیا ہے کہ نئے نیوکلیئر پاور پلانٹ لگانے سے پہلے اس کے ماحولیات پر پڑنے والے اثرات کا جائزہ لیا جائے اور کسی بھی قسم کی ہنگامی صورتحال میں انخلا اور نیوکلیائی فضلے کو ٹھکانے لگانے کے عمل کو محفوظ بنانے کے لیے اسے گہرائی سے جانچا جائے۔ (دی نیوز، 30 جنوری، صفحہ 13)

2 فروری: اسلام آباد میں نیوکلیئر توانائی کے خلاف ماحولیات اور عوامی صحت پر کام کرنے والی تنظیم ''صبح نو'' نے ایک سیمنار کا انعقاد کیا جس سے خطاب کرتے ہوئے ماہر طبیعات ڈاکٹر پرویز ہود بھائی اور ڈاکٹر اے

ایچ نیر نے کہا کہ کراچی میں چینی کمپنیوں کو دو ایسے نیوکلیئر پلانٹ لگانے کی دعوت دینا جن کا ماڈل (ACP-1000) چین تک میں نہیں لگایا گیا ہے بہت بڑا خطرہ مول لینے کے برابر ہے۔ پاکستان پر عالمی پابندیوں کی وجہ سے ان پلانٹس کے ضروری پرزہ جات فرانس یا جرمنی سے خریدے نہیں جاسکتے۔ چین کو انھیں خود پہلے بنانا ہوگا اور پھر ان کا تجربہ پاکستان میں کیا جائے گا۔ یہ خود بہت بڑا خطرہ ہے۔ ری ایکٹر 1,200 میگاواٹ بجلی پیدا کریں گے۔ اس میں بم بنانے والے پلانٹ کے مقابلے میں کہیں زیادہ تیل درکار ہوگا اور کسی حادثے کی صورت میں (تخریب کاری، سونامی، زلزلہ وغیرہ) اس سے خارج ہونے والی تابکاری جس بڑے پیمانے پر ہوگی اس کا اندازہ لگانا بھی مشکل ہے۔ (ڈان، 3 فروری، صفحہ 4)

2 فروری: روزنامہ ڈان کے مطابق کراچی پیراڈائز پوائنٹ پر بننے والے دو نیوکلیئر پلانٹس سے ماحول پر پڑنے والے اثرات پر تحقیق، پاکستان اٹامک انرجی کمیشن (PAEC) نے پچھلے سال ہی مکمل کرلی تھی اور سندھ انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی (SEPA) نے بھی اس تحقیق پر اپنا این او سی چار پانچ مہینے پہلے جاری کردیا تھا لیکن اس پر عوامی رائے لینے سے PAEC (پی اے ای سی) نے SEPA (سیپا) کو روک دیا تھا۔ سیپا کے ایک افسر نے بتایا کہ انوائرمنٹل پروٹیکشن ایکٹ (EPA) 1997 کی ایک شق کے تحت اگر کوئی منصوبہ قومی اہمیت کا ہوتو اس پر عوامی رائے لینا ضروری نہیں۔ (ڈان، 3 فروری، صفحہ15)

12 فروری: پی اے ای سی نے کراچی نیوکلیئر منصوبہ 2 کی انوائرمنٹل امپیکٹ اسسمنٹ (EIA) رپورٹ سیپا کو دے دی ہے جس کے مطابق اس ری ایکٹر کے حفاظتی نظام کا نمونہ ایسے تیار ہوا ہے کہ وہ ایک جہاز کے گرنے کا وزن بھی برداشت کرسکے گا اور علاقائی ماحول یا سمندری حیات پر اس کے بننے اور تیار ہوکر چلنے سے کسی طرح کے غیر معمولی اثرات مرتب نہیں ہوں گے۔ (ڈان، 12 فروری، صفحہ18)

ڈیپ سی کنٹینرز (deep sea containers) پورٹ:

5 فروری: سندھ ہائی کورٹ (SHC) نے کے پی ٹی اتھارٹیز سے زیرتعمیر ڈیپ سی کنٹینرز پورٹ کی وجہ سے

قدرتی ماحول پر پڑنے والے اثرات کی تفصیلی وضاحت، منصوبے کے خلاف ایک درخواست پر کارروائی کے دوران مانگ لی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 6 فروری، صفحہ 1)

- پہاڑ

میاچھر وادی:

8 فروری: جیولوجیکل سروے آف پاکستان کا ایک وفد گلگت بلتستان کی میاچھر وادی میں پہاڑوں پر پڑنے والے دراڑوں کا معائنہ کرنے کے لیے پہنچ گیا ہے۔ چوڑی ہوتی ہوئی یہ دراڑیں عطا آباد سے 10 گنا زیادہ خطرناک حادثے کا سبب بن سکتی ہیں۔ وفد حادثے کی نوعیت کا اندازہ لگا کے ان لوگوں کی تعداد کا تعین کرے گی جنہیں محفوظ مقامات پر منتقل کرنا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 9 فروری، صفحہ 3)

12 فروری: نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (NDMA) کے چیئرمین میجر جنرل سعید علیم نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کی میاچھر وادی میں پہاڑوں پر پڑنے والے شگاف سے مقامی آبادی کو کوئی فوری خطرہ نہیں ہے۔ انھوں نے وہاں کے لوگوں کو ہنگامی حالات میں مدد کی یقین دہانی بھی کرائی۔ پاکستان جیولوجیکل سروے کا وفد بھی میاچھر وادی کا دورہ کررہا ہے۔ وہ اپنے دورے کے بعد پہاڑوں پر پڑنے والے شگافوں پر اپنی رپورٹ حکومت کو دے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 فروری، صفحہ 2)

مرگلہ ہلز پارک:

11 فروری: اسلام آباد کیپٹل ٹریٹری (ICT) نے یہ وعدہ کیا ہے کہ وہ پتھر توڑنے کے یونٹ (units) اپنے علاقے اور مرگلہ ہلز نیشنل پارک سے 15 دن کے اندر اندر مسمار کردے گی۔ یہ بات سی ڈی اے کے ممبر انوائرنمنٹ ثنااللہ امان نے سینیٹ کی سب کمیٹی کو بتایا۔ یہ کام انسانی حقوق کے ساتھ ماحول کو ناتلافی نقصان پہنچارہا ہے جس سے علاقے کے مکین بھی ہوا میں مٹی کی زیادتی سے صحت کے مسائل میں گرفتار ہیں۔ (ڈان، 12 فروری، صفحہ 4)

● جنگلات

18 جنوری: دریا اور نہروں کے کنارے لگے ''سرکنڈے'' ماہی گیروں اور کسانوں کے لیے اہم متبادل روزگار ہیں۔ سرکنڈوں سے ہنرمند آرائشی اشیاء، چٹائی اور رسی بناتے ہیں۔ سندھ کے 1,209 نم علاقوں (wetlands) میں سے زیادہ تر تازہ پانی نہ آنے کی وجہ سے تباہ ہو گئے ہیں جبکہ صنعتی اور شہری فضلہ بھی مچھلیوں کی اقسام اور سرکنڈوں کے پودوں کو ختم کر رہا ہے۔ (دی نیوز، 19 جنوری، صفحہ 15)

18 جنوری: اقوام متحدہ انٹر گورنمنٹل پینل آن کلائمٹ چینج (IPCC) کے مطابق دنیا میں سالانہ 12 سے 20 فیصد کے درمیان گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کی وجہ جنگلات کی کٹائی ہے۔ پاکستان فاریسٹ انسٹیٹیوٹ کے مطابق ملک میں 5.02 فیصد پر جنگلات ہیں جبکہ ایف اے او کے مطابق 2.2 فیصد یا 1.1687 ملین ہیکٹر پر جنگلات ہیں۔ پاکستان میں سالانہ 42,000 ہیکٹرز رقبہ پر جنگلات ختم ہو رہے ہیں۔ (رینا سعید خان، ڈان، 19 جنوری، صفحہ 5، امیجز)

26 فروری: ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان کے احمد خان کے مطابق پاکستان میں 2000 سے 2013 تک 10,022 ہیکٹرز پر درخت ختم ہوگئے اور صرف 847.3 ہیکٹرز پر لگائے گئے۔ سب سے زیادہ کمی صوبہ کے پی کے اور آزاد جموں اور کشمیر میں ہوئی۔ جنوبی ایشیاء میں جنگلات بھوٹان میں 72 فیصد زمین پر موجود ہیں، نیپال میں 39.6 فیصد، بھارت میں 23 فیصد اور پاکستان میں صرف 2.2 فیصد زمین پر جنگلات ہیں۔ (رینا سید خان، دی ایکسپریس ٹریبیون، 26 فروری، صفحہ 7)

21 مارچ: SDPI (ایس ڈی پی آئی) کے زیر اہتمام سیمنار بعنوان ''سیو دی فارسٹ'' انٹرنیشنل ورلڈ فارسٹ ڈے منانے کے لیے اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ سیمنار سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جنگلات کے تحفظ پر حکومت کی کارکردگی واضح نہیں جس کے نتیجے میں حرارت کا بڑھنا، سیلاب، قحط سالی اور دیگر قدرتی آفات میں اضافہ ہوا ہے۔ (ڈان، 22 مارچ، صفحہ 4)

9 اپریل: سندھ کے وزیر جنگلات اور جنگلی حیات گیان چند اسرانی نے دیہہ شاہ بخاری، قاسم آباد اور حیدرآباد میں 15,000 ایکڑ جنگلات کی زمین پر دوبارہ قبضے کی اخباری خبر کی انکوائری کا حکم دے دیا ہے۔ حیدرآباد کے قریب جنگلات کا یہ علاقہ پچھلے سال مئی میں سپریم کورٹ کے حکم پر خالی کرایا گیا تھا۔ (دی نیوز،10 اپریل،صفحہ3)

9 اپریل: ایک مضمون کے مطابق اے ڈی بی نے سندھ کوسٹل کمیونٹی ڈیولپمنٹ اسکیم کے مکمل ہونے پر اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ منصوبے نے اہداف سے بڑھ کر کامیابی حاصل کی ہے۔ اس منصوبے کے لیے اے ڈی بی نے 32.7 ملین ڈالرز کی امداد دی تھی جس کے تحت سندھ کے ساحلی علاقوں میں مینگروز کے جنگلات کی بحالی کے لیے پودے لگائے گئے اور مقامی آبادی کو شدید غربت سے نکالنے کے لیے اقدامات کیے گئے۔ (شبانہ رضاء، دی ایکسپریس ٹریبیون، 9 اپریل،صفحہ10)

13 اپریل: پورٹ قاسم کے علاقے میں ایک نجی کمپنی کوئلے سے چلنے والا پاور پلانٹ لگانا چاہتی ہے۔ ایک اطلاع کے مطابق اس علاقے سے مینگروز کے جنگلات کو محکمہ جنگلات کی اجازت کے بغیر صاف کرنا شروع کردیا گیا ہے۔ صوبائی حکومت مینگروز کے جنگلات کو کچھ عرصے پہلے محفوظ علاقہ قرار دے چکی ہے اور وہ جنگلات پورٹ قاسم میں آتے ہیں۔ یہ محفوظ علاقے 1950 سے ہیں۔ (ڈان،14 اپریل،صفحہ15)

14 اپریل: سندھ اسمبلی میں جنگلات اور جنگلی حیات کے پارلیمانی سیکرٹری ناصر شاہ نے بتایا کہ چونکہ سندھ کو اکثر اپنے حصے کا پانی دریائے سندھ سے نہیں ملتا اس وجہ سے صوبہ عام طور سے اور انڈس ڈیلٹا میں مینگروز خاص طور سے کئی دہائیوں سے متاثر ہورہے ہیں۔ (ڈان،15 اپریل،صفحہ17)

جنگلی حیات:

25 فروری: ناپید ہوتی ہوئی چڑیوں جن کا نام ہوبارا بسٹرڈز (houbara bustards) ہے کے شکار کے

لیے وزارت خارجہ مشرق وسطیٰ کی اعلیٰ شخصیات کو غیرقانونی طور پر پرمٹ جاری کررہی ہے۔ یہ بات کراچی پریس کلب میں ہم خیال ماحول دوست شہریوں کے گروپ کی طرف سے کہی گئی۔ اٹھارویں ترمیم کے بعد وفاقی حکومت اب ایسے پرمٹ نہیں جاری کرسکتی، صرف جنگلی حیات کا صوبائی محکمہ ہی ایسے معاملات کا مجاز ہے۔ (دی نیوز، 26 فروری، صفحہ 13)

2 مارچ: وفاقی کلائمٹ چینج ڈویژن نے وزارت خارجہ کی توجہ شکار کی گئی چڑیوں کی اقسام ہوبارا بسٹرڈز جو اب ختم ہورہی ہے، کی طرف دلاتے ہوئے کہا کہ عرب حکمران خاندانوں کو ہر سال شکار کے لیے چڑیاں درآمد اور برآمد کرنے کے لیے پرمٹ جاری ہوتے ہیں جن سے جنگلی حیات کے غیر قانونی کاروبار کو فروغ ملتا ہے۔ اس حوالے سے متحدہ عرب امارات کے ایک ایسے حکومتی اہلکار کا بھی ذکر کیا گیا جنہیں ان کے بیٹے سمیت 2038 تک کے لیے پرمٹ جاری کیا گیا ہے۔ کلائمٹ چینج ڈویژن نے اس پرمٹ پر فوری نظرثانی پر زور دیا ہے۔ (ڈان، 3 مارچ، صفحہ 17)

16 مارچ: ایک اخباری خبر کے مطابق سندھ وہ واحد صوبہ ہے جس میں 87 سال پرانے ''سندھ فوریسٹ ایکٹ'' اور 40 سال پرانے ''سندھ وائلڈ لائف ایکٹ'' کی جگہ نئی قانون سازی نہیں کی گئی ہے۔ غیر سرکاری تنظیموں کی کوشش سے جنگلات اور جنگلی حیات پر تین سال پہلے نئی دستاویزات تیار ہوئی تھیں لیکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے ان پر کارروائی تعطل کا شکار ہے۔ (ڈان، 17 مارچ، صفحہ 16)

20 اپریل: ایک رپورٹ کے مطابق سعودی شہزادے اور ان کے ساتھیوں نے چاغی، بلوچستان ''محفوظ'' علاقے میں 11 تا 31 جنوری تک 2,100 چڑیوں کا شکار کیا۔ ان چڑیوں کے شکار پر حکومت پاکستان کی طرف سے پابندی عائد ہے کیونکہ عالمی سطح پر یہ ان چڑیوں میں سے ہیں جن کو تحفظ دیے جانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ (ڈان، 21 اپریل، صفحہ 15)

• فضلہ

12 جنوری: 17 ارب روپے کی لاگت سے لاہور کا پہلا لینڈ فل سائٹ مکمل کرلیا گیا ہے۔ لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے مطابق توقع ہے کہ آٹھ سے دس سال تک روزانہ 2,000 ٹن کچرا ٹھکانے لگایا جاسکے جبکہ گزرتے وقت کے ساتھ نئی ٹیکنالوجی کے ذریعے کچرے کے استعمال کے ذرائع دریافت کیے جاسکیں گے۔ (ڈان،13 جنوری،صفحہ 2)

21 فروری: وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے متعلقہ افسروں کو ہدایت کی ہے کہ 2009 میں اے ڈی بی کی 4,000 ملین ڈالرز کی امداد سے شروع کیے جانے والے شہری بہتری کے پروگرام کو جلد مکمل کیا جائے۔ اس پروگرام کے تحت پانی کی سپلائی، نکاسی اور فضلے کو ٹھکانے لگانے کا کام شمالی سندھ کے نو شہروں میں کیا جانا تھا۔ (دی نیوز،22 فروری،صفحہ20)

8 اپریل: ایک خبر کے مطابق پلاسٹک کے تاجروں اور حکومتی اداروں کے درمیان پلاسٹک اسکریپ کی درآمد کو کنٹرول کرنے پر اتفاق رائے پیدا ہو گیا ہے۔ (دی نیوز، 9 اپریل،صفحہ17)

## پانی

7 جنوری: اسپیس اینڈ اپر ایٹموسفیر ریسرچ کمیشن (SUPARCO) کی رپورٹ کے مطابق 2013 میں پہاڑوں پر برف زیادہ پڑی ہے۔ امکان ہے کہ اس سال دریاؤں میں پانی کا بہاؤ پچھلے سال کی نسبت تیز ہوگا۔ (ڈان، 8 جنوری،صفحہ 3)

19 جنوری: ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن ڈیولپمنٹ سوسائٹی (HANDS) اور آغا خان یونیورسٹی کے تحت ہونے والے سروے کے مطابق گڈاپ، بن قاسم اور ملیر کے ستر فیصد لوگوں کو صاف پانی کی سہولت میسر نہیں ہے۔ ہر دسواں شخص ہیپاٹائٹس میں مبتلا ہے جس کی وجہ آلودہ پانی ہے۔ تین سابق یونین کونسل ناظم سمیت درجنوں

افرادمہلک بیماریوں سے ہلاک ہو چکے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون،20 جنوری،صفحہ13)

13 اپریل: سوسائٹی فار انوائرمنٹل ایکشنز، ریکنسٹرکشن اینڈ ہیومنیٹرین رسپونس (SEARCH) کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر وحید جمیل نے کہا کہ فلورائڈ کی زیر زمین پانی میں ملاوٹ سے ضلع تھر کے چھاچھرو اور دیگر علاقوں میں صحت کے مسائل پیدا ہورہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون،14 اپریل،صفحہ15)

15 اپریل: پاکستان کونسل آف ریسرچ ان واٹر ریسورسیز (PCRWR) کی رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں 99 فیصد پانی کے نمونے، کے پی کے میں 93 فیصد، پنجاب میں 21 فیصد اور سندھ میں 28 فیصد پینے کے لیے محفوظ نہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون،16 اپریل،صفحہ9)

- دریائے سندھ

11 جنوری: ڈائریکٹر آف کلائمٹ چینج ڈویژن پاکستان کے مطابق فراہمی آب و نکاسی پر پیسہ خرچ کرنا سماجی بہبود کے لیے انتہائی اہم ہے۔حکومت کو اسے ترجیح دینا چاہیے۔ وزارت ماحولیات کی طرف سے کی گئی تحقیق کے مطابق فراہمی آب و نکاسی کی سہولیات نہ ہونے سے پاکستانی معیشت کو چار فیصد سالانہ نقصان ہو رہا ہے۔ ملکی اور صوبائی سطح پر اس مد میں مختصر بجٹ نکاسی و آب کی سہولیات کی فراہمی میں رکاوٹ ہے۔صوبہ سندھ دریائے سندھ پر انحصار کرتا ہے جو بتدریج کم ہو رہا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 جنوری،صفحہ14)

3 فروری: دریائے سندھ میں زہریلے کیمیکلز کی آلودگی کی وجہ سے NSUSC (این ایس یو ایس سی) نے سکھر اور روہڑی کے شہریوں سے کہا ہے کہ وہ نلکے کا پانی نہ پئیں۔ ماہی گیر زہریلے کیمیکلز پانی کے تالابوں میں ڈالتے ہیں تاکہ مچھلی جلدی پکڑی جاسکے۔ یہ زہریلا پانی دریائے سندھ میں مل کر دریا کے پانی کو زہریلا کرتا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 4 فروری،صفحہ14)

کینجھر جھیل:

18 جنوری: ماحولیاتی، سماجی اداروں اور مقامی لوگوں نے نائی گج ڈیم سے کینجھر جھیل کو 40 کیوسک تازہ پانی کی فراہمی کے منصوبہ کو ختم کرنے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ منصوبہ کو بحال کیا جائے۔ ماہرین کے مطابق اگر جھیل میں تازہ پانی نہیں چھوڑا گیا تو اس میں کثافت بڑھ جائے گی اور جھیل کے پانی کی وجہ سے زمینوں پر آبپاشی نقصان دہ ہوگی۔ (ڈان، 19 جنوری، صفحہ 19)

2 فروری: مرطوب یعنی دلدلی زمینوں کے عالمی دن (Worlds Wetland Day) کے موقع پر پاکستان فشر فورک فورم (PFF) نے کینجھر جھیل پر ایک پروگرام منعقد کیا جس میں متعلقہ اداروں سے کہا گیا کہ وہ تازہ پانی کے ذخیروں اور دلدلی زمینوں کے تحفظ کو یقینی بنائیں جو سینکڑوں گھرانوں کو روزگار اور جنگلی اور آبی حیات کی قیام گاہ ہے۔ پروگرام میں سندھ کے آبی ذخیروں اور جھیلوں کی آلودگی اور پانی نہ ہونے کی وجہ سے جنگلی اور آبی حیات کے خاتمے کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا گیا۔ (ڈان، 3 فروری، صفحہ 17)

12 فروری: ڈپٹی کمشنر جامشورو سہیل ادیب باچانی نے کوٹری کی صنعتوں کے آلودہ پانی کی صفائی کے کام کی سست رفتاری پر متعلقہ افسران کو یاد دہانی کرائی کہ سپریم کورٹ نے اس مسئلے کا نوٹس لیا ہوا ہے اور پانی کلری بگہار (کے بی) فیڈر میں داخل ہورہا ہے۔ سائٹ پر کام کے ذمہ دار افسران نے یقین دہانی کرائی کے کام دو سے تین ہفتوں میں مکمل کرلیا جائے گا اور پھر گندے پانی کی صفائی کا پلانٹ باقاعدہ کام شروع کردے گا۔ (ڈان، 13 فروری، صفحہ 19)

22 فروری: ایک خبر کے مطابق چیف سیکریٹری سندھ نے کوٹری سائٹ پر ''کامن افلوئنٹ ٹریٹمنٹ پلانٹ'' (CETP) پر انکوائری رپورٹ دینے کے لیے ایک ٹیکنکل کمیٹی 19 فروری کو تشکیل دی ہے۔ کوٹری سائٹ ایریا سے آلودہ صنعتی پانی کنجھر جھیل میں بہہ کر جاتا ہے۔ اس جھیل سے کراچی کو پانی کی سپلائی کا بڑا حصہ ملتا ہے۔ (دی نیوز، 23 فروری، صفحہ 19)

منچھر جھیل:

24 جنوری: حکومت سندھ نے فیصلہ کیا ہے کہ فروری میں ہونے والی مشترکہ مفادات کونسل کی میٹنگ میں منچھر جھیل کے آلودہ ہونے کا معاملہ اٹھائے گی۔ وزیراعلی نے سیکرٹری آبپاشی کو ہدایت کی ہے کہ مسئلہ کے حل کے لیے پالیسی وضع کرے۔ سیکرٹری آبپاشی نے بتایا کہ سپریم کورٹ کی ہدایت کے مطابق واپڈا کو 50 کیوسک صلاحیت کے چار واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ مین نارا ویلی ڈرین (Main Nara Valley Drain) پر لگانے تھے جس کے بعد پانی منچھر جھیل میں چھوڑا جانا تھا لیکن واپڈا نے اب تک صرف ایک پلانٹ پر کام شروع کیا ہے۔ ایک ٹریٹمنٹ پلانٹ پر 3.7 ارب روپے لاگت آئیگی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 جنوری، صفحہ 14)

- دریائے چناب

21 جنوری: ایک مضمون کے مطابق بھارت مقبوضہ کشمیر میں دریائے چناب پر 1,380 میگاواٹ کا کرتھائی پن بجلی منصوبہ بنا رہا ہے۔ بھارت نے اس منصوبے کے لیے اقوام متحدہ سے کاربن کریڈٹ حاصل کرنے کی درخواست بھی دے دی ہے۔ اس کی پہلی قسط اقوام متحدہ کی طرف سے بھارت کو جلد مل جائے گی۔ دریائے چناب کے چھوٹے سے بیسن میں بھارت نے بے تحاشہ پن بجلی منصوبے اور ڈیم بنائے ہیں جو پاکستان کے ماحولیاتی مسائل پیچیدہ کرنے کے ساتھ پانی کے تحفظ کی صورت حال کو متاثر کررہے ہیں۔
(خالد مصطفیٰ، دی نیوز، 21 جنوری، صفحہ 2)

- دریائے راوی

18 جنوری: لاہور میں دریائے راوی کا پانی فضلہ میں تبدیل ہوگیا ہے۔ بلدیہ کی وجہ سے ہزاروں کیوسک فضلہ دریا میں ڈالا جارہا ہے۔ آبادیوں کے فضلے کے علاوہ انتہائی خطرناک صنعتی فضلہ بھی لاہور کی زرعی زمینوں کو آلودہ کرتا ہے۔ (ڈان، 19 جنوری، صفحہ 16)

3 اپریل: راوی ریور کمیشن (RRC) کے کامل خان ممتاز نے لاہور میں کہا ہے کہ راوی ریورفرنٹ اربن ڈیولپمنٹ پروجیکٹ (RRUDP) دریائے راوی کو مار ڈالے گا۔ کمیشن کے ممبران نے اس حوالے سے لاہور ڈیولپمنٹ اتھارٹی جو اس منصوبے کی ذمہ دار ہے سے رجوع کرنے پر اتفاق کیا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 4 اپریل، صفحہ 5)

21 اپریل: RRC (آر آر سی) نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ RRUDP (آر آر یو ڈی پی) کو آلودہ پانی کو صاف کرنے اور راوی کے قدرتی راستوں کی بحالی کے کاموں میں رکاوٹ تصور کرتے ہوئے اس کے خلاف لاہور ہائی کورٹ سے رجوع کرے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 22 اپریل، صفحہ 5)

- آبی حیات

11 فروری: سندھ کے فشریز کے وزیر جام خان شورو نے سندھ اسمبلی کو بتایا کہ چونکہ 1991 کے معاہدہ آب کے مطابق دریائے سندھ سے، سندھ کو اپنے حصے کا پورا پانی نہیں مل رہا ہے اس لیے کوٹری بیراج سے پانی نہیں چھوڑا جاسکتا۔ اسی لیے اس پانی میں پائی جانے والی پلا مچھلی کی تعداد میں کمی واقع ہورہی ہے۔ (ڈان، 12 فروری، صفحہ 19)

11 فروری: بلائنڈ ڈالفن (Blind Dolphin) جو صرف دریائے سندھ میں جناح بیراج اور کوٹری بیراج کے درمیان پائی جاتی ہے آلودگی، موسمی تبدیلی، زیادہ مچھلی پکڑنے، زہریلی ادویات کے استعمال اور پانی کی کمی کی وجہ سے ختم ہورہی تھی لیکن اب اس کی تعداد آہستہ آہستہ دوبارہ بڑھ رہی ہے۔ محکمہ جنگلات سکھر کے افسر کے مطابق آگہی پھیلانے کی کوشش کچھ رنگ لائی ہے۔ (سرفراز میمن، دی ایکسپریس ٹریبیون، 11 فروری، صفحہ 14)

## IX۔ موسمی تبدیلی

15 جنوری: موسمی تبدیلیاں پاکستانی زراعت اور غذائی تحفظ کے لیے بڑا خطرہ ہیں۔ درجہ حرارت بڑھنے سے گندم 1.5 سے 2.5 فیصد جبکہ چاول کی پیداوار میں 2 سے 4 فیصد کمی آسکتی ہے۔ (دی نیوز،16 جنوری، صفحہ15)

25 جنوری: دنیا بھر میں جاری موسمی تبدیلیوں سے پاکستان کو بھی متعدد قسم کے نقصانات کا سامنا کرنا پڑے گا جن میں شدید پانی کی قلت بھی شامل ہے۔ ''ماحولیاتی تبدیلیاں مقامی تناظر میں'' کے عنوان سے کانفرنس میں شرکاء نے بتایا کہ ''گلوبل وارمنگ'' کی وجہ سے پاکستان میں گلیشئر مزید تیزی سے پگھل رہے ہیں جو جلد پانی کے ذخائر ختم ہونے کا سبب بن سکتے ہیں جبکہ مون سون کے نظام میں غیر معمولی تبدیلیاں ہورہی ہیں کبھی مون سون میں تاخیر ہوتی ہے اور کبھی آتا ہی نہیں جو پاکستان میں اجناس کی قلت کا سبب بن سکتا ہے۔ (دی نیوز،26 جنوری،صفحہ20)

3 فروری: ایک مضمون کے مطابق سندھ میں شدید سردی کی اچانک لہر نے ٹماٹر، دیگر موسمی سبزیوں اور پھلوں کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ سبزیوں کی فصل 70 فیصد تک اور پھلوں کی فصل 80 فیصد تک متاثر ہوئی ہے۔ اس طرح کے شدید موسم کا تجربہ 2005 میں بھی موسمی تبدیلی کی وجہ سے ہوا تھا۔ موسمی تبدیلی کی وجہ سے بوائی اور کٹائی کا وقت بدل رہا ہے اور جو کسان موسمی تبدیلی سے مطابقت نہیں پیدا کر پا رہے وہ شدید نقصان اٹھا رہے ہیں۔ (اشفاق بخاری، ڈان، 3 فروری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

24 فروری: ایک خبر کے مطابق سینیٹ کی انسانی حقوق کی ماحولیات پر سب کمیٹی کے کنوینر سینٹر مشاہد حسین نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ماحولیات پر پہلی پبلک ہیرنگ (public hearing) کے دوران موسمی تبدیلی کی وزارت کی بحالی کا مطالبہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ ماحول اور موسمی تبدیلی اہم ترین مسائل ہیں جن پر عوامی بقا کا دارو مدار ہے۔ (دی نیوز،25 فروری،صفحہ 5)

16 مارچ: ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ فاؤنڈیشن کی تھر پر ایک تحقیق کے مطابق موسمی تبدیلیوں کی وجہ سے زیادہ گرمی اور کم بارشوں سے موجودہ پانی کی کمی اگلے تین سالوں میں مزید بڑھ جائے گی۔ (ڈان، 17 مارچ، صفحہ15)

1 اپریل: کلائمٹ چینج ڈویژن نے مونٹری آل پروٹوکول کے مطابق پاکستان میں ہائیڈروکلوروفلوروکاربنز (HCFCs) کا درآمدی کوٹہ 10 فیصد کم کردیا ہے۔ HCFCs (ایچ سی ایف سیز) کو ریفریجریٹرز، فریزر، ایئرکنڈیشن اور آگ بجھانے والے آلات میں استعمال کیا جاتا ہے جو اوزون کی تہہ کو نقصان پہنچانے کے حوالے سے جانے جاتے ہیں۔ (ڈان، 2 اپریل، صفحہ10)

11 اپریل: پاکستان کے ساحلی علاقوں پر فرینڈز آف انڈس فورم (FIF) اور ڈبلیو ڈبلیو ایف کے سیمنار ''بلڈنگ کیپسٹی آن کلائمٹ چینج اڈاپٹیشن ان کوسٹل ایریاز'' میں مقررین نے کہا کہ اس حوالے سے بڑا مسئلہ سمندری حیات اور ساحلی ماحول پر کسی قسم کی قانون سازی کا نہ ہونا ہے۔ انھوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت ساحلی زمین ریل اسٹیٹ کو بیچنا فوراً بند کرے اور کوٹری سے 30 ملین ایکڑ فٹ تازہ پانی ساحلی ڈیلٹا کو فراہم کرے۔ ساحلی ماحول انڈس ڈیلٹا پر انحصار کرتا ہے جہاں مینگروز کے جنگلات جو کراچی کو سونامی جیسے بحران سے بچا سکتے ہیں ختم ہورہے ہیں۔ (دی نیوز، 12 اپریل، صفحہ20)

## سبز معیشت

17 جنوری: اقوام متحدہ کی رپورٹ کے مطابق دنیا بھر کی حکومتیں متبادل توانائی کے ذرائع استعمال کرنے کے بجائے اب تک ایندھن ( fossilfuel) پر زرتلافی دینے کے لیے پیسہ خرچ کر رہی ہیں اور کوئلے سے چلنے والے پاور پلانٹ پر سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کررہی ہیں جس سے ماحول کو خطرہ لاحق ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 18 جنوری، صفحہ 1)

27 جنوری: قائداعظم یونیورسٹی کی ورکشاپ میں شرکاء نے کہا کہ تیل کی کمی اور توانائی کے متبادل ذرائع نہ ہونے کی وجہ سے پاکستان جیسے ممالک شدید متاثر ہورہے ہیں۔ اشد ضرورت ہے کہ توانائی کے حصول کے لیے متبادل ذرائع تلاش کیے جائیں اور توانائی کی بچت کی جائے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 28 جنوری، صفحہ 11)

10 فروری: ڈبلیو ڈبلیو ایف نے ''گرین اسکلز منصوبہ'' کا افتتاح کیا ہے جس میں متبادل توانائی، مال مویشی اور فصل کی دیکھ بھال پر دیہی نوجوانوں کو تربیت دی جائے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 11 فروری، صفحہ 4)

15 فروری: یورپین انوسٹمنٹ بینک (EIB) نے پاکستان میں متبادل توانائی کے منصوبوں میں سرمایہ کاری کی پیشکش کی ہے۔ اس سلسلے میں بینک کے نائب صدر نے وزیر خزانہ اسحاق ڈار سے اسلام آباد میں بات چیت کی ہے۔ (ڈان، 16 فروری، صفحہ 10)

1 مارچ: ایس بی پی کی 2014 کی پہلی سہ ماہی رپورٹ کے مطابق ملک کی بڑی صنعتیں توانائی کے بحران کے پیش نظر اب متبادل توانائی کے ذرائع کو اپنا رہی ہیں کیونکہ وہی اس بحران سے سب سے زیادہ متاثر ہورہی ہیں۔ (ڈان، 2 مارچ، صفحہ 10)

- شمسی توانائی

13 جنوری: پنجاب میں قائداعظم سولر پارک منصوبہ کی تعمیر کے لیے 12 کمپنیوں کو بولی کے لیے منتخب کرلیا گیا ہے۔ وزیر اعلی نے کہا ہے کہ اس منصوبے سے 1,000 میگاواٹ بجلی پیدا کی جاسکتی ہے۔ منصوبے کے پہلے مرحلے میں 100 میگاواٹ بجلی پیدا کی جائے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 14 جنوری، صفحہ 5)

2 فروری: ایک اخباری رپورٹ کے مطابق پنجاب حکومت نے پنڈی ڈویژن کے بارانی علاقوں میں 20 سولر انرجی اریگیشن سسٹمز (SEISs) لگانے کے لیے پی سی 1 کی منظوری دے دی ہے۔ پوٹھوہار کے

علاقے میں سطح زمین ایسی ہے کہ وہاں بارش کا پانی اکٹھا کرنے کے لیے 900 چھوٹے ڈیم بنائے جا چکے ہیں لیکن ان میں سے تقریباً 400 میں باریک مٹی کی تہہ جم چکی ہے۔ SEIS (ایس ای آئی ایس) کا منصوبہ ایجنسی فار بارانی ایریاز ڈیولپمنٹ (ABAD) نے بنایا ہے۔ اس منصوبے کے تحت ڈیموں سے پانی نکال کر کھیتوں تک لے جایا جائے گا۔ اس کام کے لیے علاقے کو 20 سولر پاور سسٹم قرعہ اندازی کے ذریعے فراہم کیے جائیں گے۔ ہر کسان کو سسٹم لگانے پر 60 فیصد تک زرتلافی بھی دی جائے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 3 فروری، صفحہ 4)

4 فروری: خوشحالی بینک جو پاکستان کا سب سے بڑا مائیکرو فنانس بینک ہے، نے اسمارٹ اینڈ رینوایبل سلوشنز پرائیوٹ لمیٹڈ کے ساتھ معاہدہ کیا ہے جس کے تحت، سولر میجک بکس (SMB) کو فروغ دینے کے لیے بینک قرض فراہم کرے گا۔ (دی نیوز، 5 فروری، صفحہ 17)

14 فروری: ایک مضمون کے مطابق بجلی کا زیادہ استعمال کرنے والے امیر گھرانوں کے لیے بجلی کے لمبے چوڑے بلوں کے مقابلے میں شمسی توانائی سستی ہے۔ ایک بڑے گھر کی ضروریات کے لیے شمسی توانائی پلانٹ لگانے میں دس لاکھ روپے خرچ ہوتے ہیں۔ اس پیسے کی چند سالوں میں وصولی کے بعد بجلی تقریباً مفت ہوجاتی ہے۔ (منصور احمد، دی نیوز، 15 فروری، صفحہ 17)

20 فروری: وزیر مملکت برائے پانی و بجلی عابد شیر علی نے ملتان میں کہا ہے کہ تقریباً تمام سرکاری اور نیم سرکاری محکموں میں بجلی شمسی توانائی کے ذریعے جلد فراہم کی جائے گی۔ (دی نیوز، 21 فروری صفحہ 3)

23 مارچ: پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ حکومت سندھ 683 شمسی توانائی سے چلنے والے پانی کے پلانٹ تھر اور دیگر بارانی قحط زدہ علاقوں میں لگائے گی جس سے 10,000 گیلن صاف پینے کا پانی حاصل کیا جاسکے گا۔ (ڈان، 24 مارچ، صفحہ 17)

13 اپریل: ایک اخباری رپورٹ کے مطابق چھ مہینے پہلےICT (آئی سی ٹی) نے اعلان کیا تھا کہ اسلام آباد کے دیہی علاقوں کے اسکولوں میں تیل کی دو کمپنیوں کے تعاون سے شمسی پینلز لگائے جائیں گے۔ علاقے میں275 کے قریب اسکول ہیں لیکن ابھی تک اس میں کوئی پیش رفت نہیں ہوئی۔ سپریم کورٹ کے حکم کے مطابق اسلام آباد کے دیہی علاقوں میں تیل اور گیس کی کمپنیوں کو (آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی {OGDC} اور ہنگری کی کمپنی ایم او ایل{MOL}) ذخائر کا پتہ لگانے کے بعد علاقے کی مقامی آبادی کی فلاح کے لیے اپنی آمدنی کا20 فیصد خرچ کرنا ہوگا۔ (عبید عباس، دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 اپریل، صفحہ 4)

- ہوائی توانائی

23 اپریل: ایک خبر کے مطابق سندھ کے ضلع ٹھٹھہ میں جھمپیر ونڈ کوریڈور میں سرمایہ کاری کے لیے چینی بینکوں اور بیمہ کمپنیوں نے ایک بلین ڈالرز دینے کی منظوری دے دی ہے۔ این بی ٹی ونڈ پاور کمپنی جو ناروے اور مقامی پارٹنرز کی مشترکہ کمپنی ہے اس رقم سے 650 میگاواٹ تک بجلی پیدا کرے گی۔ (ڈان، 24 اپریل، صفحہ18)

- بائیوگیس

24 جنوری: پاکستان نیپال کے بائیوگیس تجربات سے فائدہ اٹھا سکتا ہے اور پاکستان کی مدد سے نیپال اپنی زرعی پیداوار میں اضافہ کرسکتا ہے۔ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں میٹنگ سے خطاب کے دوران نیپالی سفیر نے کہا کہ بائیوگیس ٹیکنالوجی نیپال میں بڑے پیمانے پر استعمال ہو رہی ہے جس سے پاکستان استفادہ حاصل کرسکتا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 جنوری، صفحہ 5)

- بائیوماس

19 فروری: ملتان الیکٹرک پاور کمپنی میں پریس کانفرنس کے دوران وزیرمملکت برائے پانی وبجلی عابد شیر علی نے کہا کہ حکومت 25 شوگر ملوں سے گنے کے پھوک (bagasse) سے 2,000 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے

پر بات چیت کر رہی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 20 فروری، صفحہ 11)

## x۔ قدرتی بحران

### خشک سالی

6 مارچ: سندھ میں ضلع تھرپارکر کے زیادہ تر علاقے قحط جیسی صورت حال کا شکار ہیں۔ خوراک کی کمی اور بیماری کی وجہ سے 32 بچے جاں بحق ہو چکے ہیں اور 175,000 خاندان خشک سالی سے متاثر ہیں جن میں سے کچھ بیراج کے علاقوں میں نقل مکانی کر رہے ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سندھ حکومت کو فوری امدادی آپریشن شروع کرنے کی ہدایت کی ہے۔ (ڈان، 7 مارچ، صفحہ 1)

7 مارچ: تھرپارکر ضلع میں 32 بچوں کی خوراک کی کمی اور بیماری کی وجہ سے موت کا نوٹس لیتے ہوئے چیف جسٹس تصدق حسین جیلانی نے کہا کہ یہ دستور کے آرٹیکل 9 کی خلاف ورزی ہے۔ انھوں نے چیف سیکرٹری سندھ سے اس حوالے سے رپورٹ طلب کی ہے۔ (ڈان، 8 مارچ، صفحہ 5)

7 مارچ: تھرپارکر کے آدھے حصے کو سندھ حکومت نے آفت زدہ علاقہ قرار دے دیا ہے۔ NDMA (این ڈی ایم اے) کے مطابق تھر کے کچھ علاقوں کے ساتھ خشک سالی جنوبی پنجاب اور سندھ کے کچھ دوسرے حصوں میں برقرار رہے گی۔ (ڈان، 8 مارچ، صفحہ 5)

7 مارچ: خوراک کی کمی کی وجہ سے بچوں کے ہلاک ہونے کے بعد سندھ کے وزیر اعلیٰ قائم علی شاہ نے 100 ملین روپے کے امدادی پیکیج کے اعلان کے ساتھ متاثرہ افراد میں 60,000 ٹن گندم تقسیم کرنے کا حکم دیا ہے اور جاں بحق ہونے والے بچوں کے خاندان کو 200,000 روپے بطور معاوضہ دینے کا اعلان کیا ہے۔ پاکستان آرمی نے بھی حیدرآباد سے امدادی سامان تھر کے متاثرہ علاقوں کو روانہ کیا ہے۔ (ڈان، 8 مارچ، صفحہ 1)

7 مارچ: ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (WHO) اور ڈبلیو ایف پی کے نمائندوں نے کراچی میں کہا ہے کہ تھر میں بچے غذا کی کمی سے نہیں بلکہ دست، نمونیہ اور دیگر بیماریوں سے مر رہے ہیں۔ اس سے پہلے ڈبلیو ایف پی نے ٹھٹھہ اور سجاول کے اضلاع میں بچوں کی نشو ونما کو روکنے سے بچانے کے تین سالہ پروگرام کا اعلان کیا جس کے تحت خوراک کی کمی کے شکار 350,000 عورتوں، حاملہ عورتوں اور بچوں کو پانچ سال تک خوراک فراہم کی جائے گی۔ (دی نیوز، 8 مارچ، صفحہ 14)

9 مارچ: پاکستان پیپلز پارٹی کے تھر سے قومی اسمبلی کے ممبر فقیر محمد شاہ اور قومی اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر خورشید احمد شاہ نے میڈیا پر الزام لگایا کہ وہ سندھ کے تھرپارکر کے علاقے میں خشک سالی اور قحط کی صورتحال کو بڑھا چڑھا کر پیش کر رہے ہیں جبکہ علاقے کے لیے یہ "معمول کی بات ہے۔" (ڈان، 10 مارچ، صفحہ 3)

9 مارچ: تھرپارکر میں چھاچھرو تحصیل میں نو بچے خوراک کی کمی کی وجہ سے ہلاک ہوئے ہیں جبکہ 2,500 مریض ڈسٹرکٹ اسپتال میں زیر اعلاج ہیں۔ (دی نیوز، 10 مارچ، صفحہ 1)

10 مارچ: ایک خبر کے مطابق سپریم کورٹ آف پاکستان نے تھر کے واقعے کا ذمہ دار سندھ حکومت کو ٹھہرایا ہے۔ سپریم کورٹ کے مطابق اگر میڈیا بروقت اس مسئلے کو منظر عام پر نہیں لاتا تو یہ مسئلہ نظر انداز کر دیا جاتا۔ (ڈان، 11 مارچ، صفحہ 1)

10 مارچ: وزیر اعظم میاں نواز شریف نے مٹھی تھرپارکر کا دورہ کرتے ہوئے امدادی کاموں کا جائزہ لیا اور غیر ذمہ داری برتنے والوں کے خلاف سختی سے نمٹنے کا حکم دیا ہے۔ وزیر اعظم نے ایک ارب روپے کے ریلیف پیکیج کا بھی اعلان کیا۔ (ڈان، 11 مارچ، صفحہ 1)

11 مارچ: سندھ ہائی کورٹ نے تھرپارکر کے جوڈیشل آفیسرز کو ہدایت کی ہے کہ وہ امدادی کاموں کا معائنہ اورنگرانی کرتے ہوئے قحط سے مرنے والوں کی تعداد اور بیماریوں کی وباء پر اپنی معلومات اکھٹی کریں۔ (ڈان،12 مارچ،صفحہ17)

11 مارچ: وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ نے سیکرٹری سندھ کو ہدایت کی ہے کہ وہ خشک سالی سے متاثر افراد کے لیے امدادی اشیاء کی سپلائی اورتقسیم میں تاخیر کی انکوائری اور ذمہ دار افراد یا محکموں کی نشاندہی کرتے ہوئے اپنی رپورٹ تین دن میں پیش کریں۔ (ڈان،12 مارچ،صفحہ18)

11 مارچ: ایک خبر کے مطابق محکمہ ذکوۃ وعشر سندھ نے سول اسپتال مٹھی کو 2.5 ملین روپے اکتوبر 2013 میں اور اتنے ہی جنوری 2014 میں دے دیے تھے جس سے ہر مریض کو 5,000 روپے اور ہر ضرورت مندشخص کو 3,000 روپے ملنے تھے۔ اس رقم میں سے اب تک صرف 0.5 ملین روپے خرچ کیے گئے ہیں۔ نومبر 2013 میں جب بچوں کی اموات واقع ہونا شروع ہوئیں اس وقت یہ رقم اسپتال کو ملنا شروع نہیں ہوئی تھی۔ پیپلز پارٹی کے بحالی وزیر مخدوم جمیل کو اسی وجہ سے ان کے عہدے سے ہٹا دیا گیا۔ (دی نیوز،12 مارچ،صفحہ1)

11 مارچ: حیدرآباد پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران نیشنل ہیومینیٹرین نیٹ ورک (NHN) کے نمائندوں نے کہا کہ تھر کا حالیہ بحران قدرتی سے زیادہ حکومتی نااہلی ہے کیونکہ حکومت کے گوداموں میں ٹنوں گندم پڑا ہے دوسری طرف بچے بھوک سے مررہے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ تھر کی 1.5 ملین کی آبادی میں سے 18,000 خشک سالی سے شدید متاثر ہوئے ہیں۔ (ڈان،12 مارچ،صفحہ19)

12 مارچ: حکومت سندھ کے اعداد وشمار کے مطابق تھر کی آبادی 175,000 خاندانوں کے بجائے 259,94 خاندانوں پر مشتمل ہے۔ پچھلی گنتی 1998 کی مردم شماری کے مطابق تھی۔ سندھ حکومت اس وقت 50 کلو فی

خاندان کے حساب سے گندم کی120,000 بوریاں منڈی سے آدھی قیمت پر فروخت کررہی ہے۔ وزیر اعلیٰ کے مطابق48,000 بوریاں تقسیم کی جاچکی ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 مارچ، صفحہ 12)

13 مارچ: وفاقی حکومت کی طرف سے تھر میں قحط سے متاثرہ لوگوں کے لیے 10,000 روپے کی مالی امداد بذریعہ انکم سپورٹ کارڈ، دو قسطوں میں مارچ تک دی جائے گی۔ واضح رہے کہ تھر میں پہلے سے ہی 77,000 لوگوں کو بی آئی ایس پی کے تحت ہر چار مہینے بعد 3,600 روپے ملتے ہیں جبکہ وفاقی حکومت کی طرف سے کیے جانے والے فیصلے کے بعد یہ لوگ ہر چار مہینے بعد 10,000 روپے وصول کریں گے۔ (دی نیوز، 14 مارچ، صفحہ 5)

13 مارچ: ایک خبر کے مطابق سندھ حکومت وتھر ڈیولپمنٹ اتھارٹی بنانے کی منصوبہ بندی کررہی ہے تاکہ بنیادی ڈھانچے کے ساتھ تھر کے عوام کو شہری سہولیات میسر ہوں۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے کہا کہ یہ دوسری ڈیولپمنٹ اتھارٹیز کی طرح بنائی جائے گی۔ قحط سالی پر بات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ حکومت نے 70,000 گندم کی بوریاں تقسیم کی ہیں۔ مہلک بیماریوں کی روک تھام کے لیے موبائل ڈسپنسریاں اور صحت کی دوسری سہولتیں بھی مہیا کی جارہی ہیں۔ (دی نیوز، 14 مارچ، صفحہ 5)

14 مارچ: ایک خبر کے مطابق تھرپارکر میں خشک سالی سے مزید سات بچے جاں بحق ہوگئے ہیں جبکہ ہیلتھ آفیسر نے صرف دو ہلاکتوں کی تصدیق کی ہے۔ دسمبر 2013 سے اب تک ریکارڈ کے مطابق 146 بچوں کی ہلاکت ہوئی ہے۔ کچھ غیر سرکاری اندازے کے مطابق ہلاکتوں کی تعداد 200 سے بھی تجاوز کرچکی ہے جبکہ محکمہ صحت کے مطابق 72 ہلاکتیں ہوئی ہیں جو خون کے انفیکشن، پھپھڑوں کی بیماری اور ہیضے کا شکار کی وجہ سے ہوئیں۔ سندھ کے وزیر خوراک جام مہتاب ڈہر کے مطابق حکومت 1,26,000 خاندانوں کو کم قیمتوں پر گندم فراہم کرے گی۔ اس وقت گندم کے پانچ گوداموں سے 24 گھنٹے گندم کی ترسیل جاری ہے۔ سندھ ہائی کورٹ کی مانیٹرنگ ٹیم تھرپارکر کے اعلیٰ سول جج میاں فیاض ربانی کے مطابق گندم تقسیم کا

طریقہ کار بہت سست ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 15 مارچ، صفحہ 9)

15 مارچ: وزیر اعلیٰ سندھ نے خیر پور اور سانگھڑ اضلاع کے 14 مختلف علاقوں کو آفت زدہ قرار دیتے ہوئے امدادی کاموں کی نگرانی کے لیے اپنے رابطہ کار تاج حیدر کو ہدایات جاری کردی ہیں۔ (ڈان، 16 مارچ، صفحہ 8)

17 مارچ: حکومت سندھ کی تھر میں خشک سالی پر رپورٹ کو مسترد کرتے ہوئے سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ آفت صرف اور صرف متعلقہ حکام کی لاپرواہی کی وجہ سے پیش آئی ہے انھیں کسی بھی صورت معافی نہیں دی جائے گی۔ (دی نیوز، 18 مارچ، صفحہ 1)

18 مارچ: سندھ ہائی کورٹ نے صوبائی حکومت کو فوری طور پر تھر کے متاثرہ علاقوں میں خوراک کی ترسیل اور صحت کی سہولیات کو بڑھانے کا حکم دیا ہے۔ (ڈان، 19 مارچ، صفحہ 17)

19 مارچ: ایک خبر کے مطابق تھرپارکر میں مزید پانچ بچوں کی ہلاکت ہوئی ہے۔ ایک غیر سرکاری ذرائع کے مطابق تھر میں ہلاکتوں کی تعداد 160 سے تجاوز کرگئی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 20 مارچ، صفحہ 3)

21 مارچ: اقوام متحدہ کے ریزڈنٹ اینڈ ہیومینیٹرین کوآڈینیٹر ٹیموپکالا کے مطابق تھرپارکر ڈسٹرکٹ میں بچوں کی حالیہ ہلاکتیں خشک سالی سے زیادہ، بہت بڑی تعداد میں خسرہ کی وبا سے ہوئیں۔ ان کے مطابق پاکستان میں غذائیت کی کمی خاموش خطرے کی علامت ہے۔ (ڈان، 22 مارچ، صفحہ 16)

21 مارچ: ایک خبر کے مطابق تھرپارکر میں خشک سالی کے بعد سندھ حکومت نے عارضی طور پر 49 ڈاکٹروں اور 43 پیرا میڈیکل اسٹاف بھرتی کیے تھے لیکن اب تک وہاں ایک ڈاکٹر نے بھی حاضری نہیں

دی۔ جبکہ چھ ضلعوں میں 128 ڈاکٹر مزید بھرتی کیے جارہے ہیں۔ حکومت سندھ نے 24 مرد و عورت ڈاکٹروں کو سندھ کے مختلف ہسپتالوں سے سول ہسپتال مٹھی بھیجا تھا لیکن اب تک صرف 10 ڈاکٹروں نے حاضری دی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 22 مارچ، صفحہ 15)

24 مارچ: وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے سندھ اسمبلی میں اپنی تقریر کے دوران تھر کے واقعے کو رد کرتے ہوئے کہا کہ یہ سندھ حکومت کے خلاف ایک سازش ہے۔ اس سازش میں پس پردہ جو بھی ہاتھ ہے وہ بے نقاب کریں گے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 مارچ، صفحہ 13)

24 مارچ: وزیر اطلاعات سندھ شرجیل میمن نے اسمبلی اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تھرپارکر کے عوام کے لیے وفاقی حکومت کی طرف سے اعلان کردہ ایک بلین میں سے ایک روپیہ بھی نہیں ملا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ محض اعلانات اور عمل کر کے دکھانے میں بہت فرق ہے۔ (ڈان، 25 مارچ، صفحہ 17)

24 مارچ: تھرپارکر میں سرکاری ہسپتال میں سہولتوں کی کمی کے وجہ سے بچوں کی ہلاکتوں میں اضافہ ہورہا ہے۔ مٹھی، اسلام کوٹ اور چھاچھرو میں مزید سات بچے ہلاک ہوگئے ہیں۔ اس طرح صرف چار مہینوں میں شیر خوار بچوں کے ہلاکت کی تعداد 180 ہوگئی جبکہ حکومت صرف 100 ہلاکتوں کو قبول کررہی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 مارچ، صفحہ 13)

1 اپریل: کراچی پریس کلب میں ایک بریفنگ کے دوران صوبائی سیکرٹری سندھ اقبال حسین درانی نے کہا کہ بنیادی ڈھانچے کی کمی کی وجہ سے خشک سالی سے متاثر تھر کے تقریباً 55 فیصد تک علاقے میں سندھ حکومت کو رسائی حاصل نہیں ہے۔ انھوں نے یہ بھی اعتراف کیا کہ تھر کے بچے اور مائیں غذائی کمی کا شکار ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 اپریل، صفحہ 12)

3 اپریل: ڈی آئی جی حیدرآباد کی پولیس رپورٹ کے مطابق سندھ حکومت کے افسران تھر میں انسانی بحران کے ذمہ دار ہیں۔ دفتری فائلوں اور خلاصوں کو پیش کرنے میں دیر، افسران کا جلدی جلدی تبادلہ، ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کی طرف سے بچوں کی بڑھتی ہوئی اموات کا نوٹس نہ لینے سے بحرانی کیفیت پیدا ہوئی ہے۔ (ڈان، 4 اپریل، صفحہ16)

4 اپریل: پارٹیسپٹری ڈیولپمنٹ انسٹیٹیوٹ (PDI) کی رپورٹ کے مطابق تھرپارکر میں جہاں بہت سی چیزوں کی ضرورت ہے وہاں ایک جامع پلان کی بھی ضرورت ہے تاکہ ہر سال آنے والی خشک سالی سے فوری طور سے نمٹا جاسکے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 5 اپریل، صفحہ13)

9 اپریل: سابق وزیر اعلیٰ سندھ ارباب غلام رحیم نے سپریم کورٹ سے تھر کی خشک سالی کی وجوہات پر ایک جوڈیشل کمیشن قائم کرنے کی درخواست کی ہے۔ ان کے مطابق نا صرف خشک سالی کا اعلان دیر سے دسمبر میں ہوا بلکہ علاقوں کو گندم کی سپلائی فروری تک شروع نہیں کی گئی۔ اس وقت پیپلز پارٹی کے اسمبلی ممبروں کی آٹا ملوں سے تھر میں 1,800 روپے فی 40 کلو آٹا بیچا جارہا ہے جب کہ اس کی قیمت 1,100 روپے فی 40 کلو ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 اپریل، صفحہ3)

11 اپریل: ایک خبر کے مطابق ہزاروں من چاول، بسکٹ، پانی کے فلٹرز، کمبل اور دیگر امدادی سامان جو حکومت سندھ نے 2011 کے سیلاب میں ضلع تھرپارکر کو بھیجے تھے وہ سامان ضلعی حکومت کے گودام میں پڑا سڑ رہا ہے۔ یہ بات مٹھی میں سندھ ہائی کورٹ کے حکم پر امدادی کاموں کی نگرانی پر مامور جج میاں فیاض ربانی کے گودام پر چھاپے کے دوران معلوم ہوئی۔ (ڈان، 12 اپریل، صفحہ19)

13 اپریل: ایک مضمون میں پاکستان ریلیف فاؤنڈیشن (PRF) کے سروے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ تحصیل جھمپیر اور کوہستان کے علاقوں میں بھی تھر جیسی خشک سالی ہے (اگرچہ سرکاری طور پر ان

علاقوں کا خشک سالی سے متاثرہ علاقے ہونے کا اعلان نہیں ہوا ہے)۔ یہاں پر بہت سے بچوں کی نشو و نما شدید طریقے سے متاثر ہورہی ہے اور کئی بچوں کی اموت بھی واقع ہوئی ہیں۔ (زید علی، دی ایکسپریس ٹریبیون،13 اپریل،صفحہ15)

13 اپریل: وزیر اعلیٰ سندھ نے متعلقہ محکموں کو ضلع تھرپارکر میں انفرا اسٹرکچر کی ترقی کے لیے ماسٹر پلان بنانے کا حکم دیا ہے تاکہ ضلع کو صحت، تعلیم، آمد و رفت اور روزگار کی سہولتیں حاصل ہوں۔ (ڈان، 14 اپریل،صفحہ15)

17 اپریل: HANDs (ہینڈز) کے سروے کے مطابق غذائی کمی کے باعث تھر میں دودھ پلانے والی مائیں 38 فیصد سے کم ہوکر 28 فیصد رہ گئی ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون،18 اپریل،صفحہ3)

17 اپریل: چیف جسٹس سندھ مقبول باقر کو جو تھر میں خشک سالی سے متاثرہ افراد کے حوالے سے سندھ ہائی کورٹ میں دائر تین مختلف درخواستوں پر بینچ کی صدارت کررہے ہیں، کو بتایا گیا کہ تھر میں انسان اور جانور دور دراز علاقوں میں اب بھی بارش کا جمع زہریلا پانی جسے مقامی زبان میں ''ترائی'' کہا جاتا ہے، پی کر بیمار ہورہے ہیں۔ (ڈان،18 اپریل،صفحہ17)

29 اپریل: سندھ ہائی کورٹ نے صوبائی حکومت کی طرف سے قائم جوڈیشل کمیشن جو تھر میں بحالی کے کاموں کی نگرانی پر مامور تھا کو کام روکنے کا حکم دے دیا ہے۔ (دی نیوز،30 اپریل،صفحہ13)

## زلزلہ

22 جنوری: ڈبلیو ایف پی کی جانب سے بلوچستان کے زلزلہ متاثرین کے لیے پاسکو سے چھ ہزار ٹن گندم کی خریداری پر وفاقی حکومت نے زرتلافی دینے سے انکار کردیا ہے۔تفصیلات کے مطابق ڈبلیو ایف پی

نے 310 ڈالرز فی ٹن پیشکش کی تھی جو پاسکو کی گندم خریداری کی قیمت سے 35 ڈالرز فی ٹن کم تھی۔ اگر زرتلافی دی جاتی تو فنانس ڈویژن کو یہ فرق پورا کرنے کے لیے 210,000 ڈالرز درکار ہوتے۔ (دی ایکسپریس ٹربیون،23 جنوری،صفحہ10)

11 اپریل: بلوچستان میں آوران کے زلزلہ متاثرین کے لیے گھر تعمیر کرنے کے لیے پلاننگ کمیشن آف پاکستان (PCP) نے چار بلین روپے کی منظوری دے دی ہے۔ (ڈان،12 اپریل،صفحہ1)

## سیلاب

6 جنوری: حکومت پنجاب نے مظفرگڑھ کے سیلاب سے متاثرہ 1,850 خاندانوں میں 54 ملین روپے کے چیک تقسیم کیے ہیں۔ پندرہ سے تیس ہزار روپے کے چیک سیلاب متاثرین کو گھروں کی مرمت کے لیے دیئے گئے جبکہ مظفرگڑھ کے تقریبا300 کسانوں نے ضلع کونسل چوک پر احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ وہ سیلاب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ وزیر اعلی نے وعدہ کیا تھا کہ چھوٹے کسانوں کو مفت بیج اور یوریا فراہم کیا جائے گا۔ کسانوں نے مزید کہا کہ یہ سب دکھاوا تھا ان میں سے کوئی بھی چیز فراہم نہیں کی گئی جبکہ راجن پور میں انتخابی مہم میں مدد کے لیے کروڑوں روپے تقسیم کیے گئے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹربیون، 7 جنوری،صفحہ5)

11 جنوری: کراچی میں ساؤتھ ایشین سٹیز (SAC) کانفرنس میں ماہرین نے بتایا کہ کراچی میں بارشوں کی سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے نکاسی کے تمام راستے بند ہیں یا ان پر تجاوزات ہیں۔شہری اداروں کے درمیان تعاون نہیں ہے، ہنگامی حالت میں فائر بریگیڈز شہر کی تنگ گلیوں میں پھنس جائیں گے اور امدادی عملہ بھی نہیں پہنچ سکے گا۔ ہمارے ہاں بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی تو موجود ہے لیکن شاید ہی کوئی عمارت تعمیراتی قوانین کے مطابق بنائی گئی ہو۔ (دی ایکسپریس ٹربیون،12 جنوری،صفحہ14)

16 فروری: 12-2010 کے سیلاب پر نصیر میمن کی کتاب کی تقریب رونمائی اسلام آباد میں ہوئی۔ کتاب کے مصنف نے یہ ثابت کیا کہ سیلاب کی روک تھام کے لیے اور چیزوں کے علاوہ ہمیں ڈیموں کی نہیں بلکہ ان رکاوٹوں کو دور کرنے کی ضرورت ہے جو دریائی پانی کے قدرتی راستے میں حائل ہیں۔ (ڈان، 17 فروری، صفحہ 4)

17 اپریل: تباہ کن سیلاب سے متاثر 80,000 افراد کو اب بھی 20,000 روپے امداد کی دوسری قسط نہیں ملی ہے۔ سیلاب کے بعد حکومت نے اعلان کیا تھا کہ 1.2 ملین خاندانوں میں 40,000 روپے دو قسطوں میں تقسیم کیے جائیں گے۔ پہلی قسط وفاقی حکومت نے خود دینی تھی اور دوسری قسط عالمی اداروں اور ممالک کی طرف سے ملنے والی امداد سے دی جانی تھی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 18 اپریل، صفحہ 1)

## XI۔ مزاحمت

18 مارچ: سیکورٹی فورسز کی طرف سے فصل کو منڈی لے جانے سے روکنے کے بعد ڈیرہ مراد جمالی کے کئی کسان خاندانوں نے مظاہرے کیے ہیں۔ کسانوں کے مطابق انھوں نے ربیع کنال کے علاقے میں چاول، گندم، چنے اور دیگر فصل اگائی تھی جو منڈی لے جانے کے لیے تیار تھی لیکن سیکورٹی فورسز نے انھیں ایسا نہیں کرنے دیا۔ (ڈان، 19 مارچ، صفحہ 5)

### واجبات

12 جنوری: کمالیہ کسان کونسل کے صدر احمد شیراز نے کہا ہے کہ وہ کمالیہ شوگر ملز ٹوبہ ٹیک سنگھ پر پچھلے دو ماہ کے گنے کے واجبات نہ ملنے پر احتجاج اور بھوک ہڑتال کریں گے۔ انھوں نے بتایا کہ انھیں 15 سے 20 روپے فی من کم قیمت پر گنا بیچنے پر مجبور کیا جارہا ہے جبکہ گنے کی خریداری مراکز پر حکومت نے قیمت 170 روپے من مقرر کی ہے پھر بھی انھیں ادائیگی میں تاخیر کی جارہی ہے اور اگر انھیں واجبات نہ ملے تو وہ گنے کی سپلائی روک دیں گے۔ (دی نیوز، 13 جنوری، صفحہ 3)

## مراعات

19 جنوری: پنجاب بھر کے ہزاروں کسانوں نے زرتلافی نہ دینے پر خانیوال میں حکومت کے خلاف مظاہرہ کیا۔ پاکستان کسان اتحاد (PKI) کے صدر چودھری انور نے بتایا کہ یہاں تیس لاکھ سے زیادہ ٹیوب ویل ہیں۔ 1997 سے 2007 تک کسانوں کو بجلی تین روپے فی یونٹ ملتی تھی۔ 2008 میں حکومت نے اسے بڑھا کر 12 روپے فی یونٹ کردیا جو اب مزید بڑھ کر 15 روپے فی یونٹ ہوگئی ہے۔ کسانوں نے فیصلہ کیا ہے کی وہ لانگ مارچ کریں گے اور زرعی ترقیاتی بینک کو قرض واپس نہیں کریں گے۔ PKI (پی کے آئی) کے مطابق کسانوں پر چالیس ارب روپے واجب ادا ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 20 جنوری، صفحہ 5)

10 مارچ: وفاقی حکومت کی طرف سے گندم پر گلگت بلتستان میں زرتلافی ختم کرنے کے اعلان کے بعد پورے گلگت بلتستان میں مکمل شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال رہی۔ (ڈان، 11 مارچ، صفحہ 7)

18 اپریل: گلگت بلتستان میں گندم کی زرتلافی ختم کرنے کے خلاف مزاحمتی کمیٹی، عوامی ایکشن کمیٹی (ACC) اور گلگت بلتستان کی حکومت کے مابین بات چیت ناکام ہوگئی ہے۔ 22 مذہبی اور سیاسی جماعتوں کے اتحاد نے اپنے مظاہرے تمام ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز کے علاوہ دارالحکومت گلگت تک بڑھا دیے ہیں۔ مظاہرین بڑی شاہراؤں پر بیٹھ کر گلگت، اسکردو، ہنزہ اور دیگر علاقوں کے درمیان آمد و رفت میں رکاوٹ کا باعث بنے ہوئے ہیں۔ (ڈان، 19 اپریل، صفحہ 3)

27 اپریل: گلگت بلتستان میں 12 دن کے دھرنوں کے بعد ACC (اے سی سی) اور وفاقی حکومت کے درمیان اسلام آباد میں بات چیت کے نتیجے میں علاقے کو گندم پر مراعات کی بحالی کا معاہدہ طے پا گیا اور اے سی سی کے چیئرمین احسان علی کی طرف سے ہڑتال کے خاتمے کا بھی اعلان کیا گیا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 28 اپریل، صفحہ 2)

## جبری مشقت

20 جنوری: کنری عمر کوٹ میں کسانوں نے دس سالہ لڑکے نارائن کی لاش کے ہمراہ اللہ والا چوک پر سرکاری ہتھیاروں کے باوجود حملہ آوروں کو روکنے میں ناکامی پر پولیس کے خلاف احتجاج کیا۔ تفصیلات کے مطابق عدالت کے حکم پر پولیس نے حبیب اللہ جاٹ کی زمینوں پر دس جبری مشقت کے شکار کسانوں کو رہا کرانے کے لیے چھاپہ مارا تھا جس پر زمیندار کے کارندوں نے مزاحمت کرتے ہوئے فائرنگ کی جس سے ایک دس سالہ بچہ جاں بحق اور تین لوگ زخمی ہو گئے۔ پولیس نے تین میں سے دو لوگوں کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کرلیا اور نو کسانوں کو عدالت میں پیش کیا۔ جن کو بیان ریکارڈ کرنے کے بعد رہا کر دیا گیا۔ (ڈان، 21 جنوری، صفحہ 19)

## ماہی گیری

20 فروری: گوادر میں پریس کلب کے باہر مچھیروں کا تین روز سے جاری دھرنا آج ڈپٹی کمشنر گوادر اور محکمہ فشریز کی اس یقین دہانی کے بعد ختم ہو گیا کہ سندھ کے مچھلی پکڑنے والے جدید آلات سے لیس ٹرالرز کو مکران کے پانی کی طرف نہیں آنے دیا جائے گا۔ (ڈان، 21 فروری، صفحہ 5)

## آزاد تجارت

20 فروری: FAP (ایف اے پی) جس میں پنجاب کے بڑے کاشت کار شامل ہیں، کے ساتھ پی کے آئی، جو پنجاب میں چھوٹے کسانوں کی نمائندگی کرتا ہے، نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ بھارت کے ساتھ آزاد تجارت میں زرعی اشیاء کو شامل کرنے کی بھرپور مخالفت کریں گے۔ ایف اے پی کے صدر طارق بچہ نے زراعت کے حوالے سے بھارت سے تجارتی بات چیت میں کسانوں کے نمائندوں کو شریک نہ کرنے پر حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ (ڈان، 21 فروری، صفحہ 10)

5 مارچ: ایک خبر کے مطابق بھارت کو تجارت میں لبرلائزیشن اور بلا امتیاز منڈی تک رسائی ملنے کے

خلاف پی کے آئی کا دھرنا واہگہ بارڈر پر 31 مارچ کو ہوگا۔ پی کے آئی کے مرکزی صدر خالد محمود کھوکھر کا کہنا ہے کہ دھرنے میں 10 لاکھ افراد شریک ہوں گے۔ پاکستان بھارت کا قیمت وار مقابلہ نہیں کرسکتا اور اگر پاکستان بھارت سے زرعی مصنوعات درآمد کرے گا تو وہ پاکستانی کسانوں کے قتل کے مترادف ہوگا۔ (دی نیوز، 6 مارچ، صفحہ 17)

## معاوضہ

21 مارچ: داسو پن بجلی منصوبے کے لیے حاصل کی گئی زمین کی قیمت واپڈا منڈی سے کم دام پر دے رہا ہے جبکہ زمین مالکان منڈی کی قیمت پر اصرار کررہے ہیں۔ اپنے مطالبے کے حق میں زمین مالکان نے شاہراہ قراقرم پر رکاوٹیں ڈال کر منصوبے پر کام کرنے والی کمپنیوں کو کام بند کرنے پر مجبور کیا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 22 فروری، صفحہ 2)

## خشک سالی

14 مارچ: پی پی پی کے علاقائی نمائندے اور ان کے من پسند ریونیو افسران پر گندم کی غیر منصفانہ تقسیم کا الزام لگاتے ہوئے تھر کے مختلف علاقوں کے سینکڑوں لوگوں نے مٹھی پریس کلب کے باہر احتجاج کیا۔ سابق ناظم تھرپارکر ارباب انور اور سابق ناظم چھاچھرو قمرالدین راہومو جنہوں نے اس احتجاج کی سربراہی کی، کہ مطابق قحط سالی صرف اور صرف حکومت سندھ کی صورت حال کو نظر انداز کرنے کی وجہ سے پیش آئی۔ (ڈان، 15 مارچ، صفحہ 19)

# ب۔ عالمی خبریں

## ا۔ زرعی مواد

### پانی

- پانی کی کمی

25 جنوری: انٹرنیشنل انرجی ایجنسی (IEA) کے مطابق 2035 تک عالمی توانائی کا استعمال 35 فیصد تک بڑھ جائے گا جس کے لیے 15 فیصد مزید پانی درکار ہوگا جو دنیا میں دستیاب نہیں ہے۔ ورلڈ بینک کی رپورٹ کے مطابق پچھلے سال پانی کی قلت سے بھارت میں تھرمل پاور پلانٹ بند ہو گئے۔ توانائی کی کمی، پن بجلی سے پیداوار میں کمی سری لنکا، چائنا، برازیل اور پاکستان کے لیے خطرہ ہے۔ (دی نیوز، 26 جنوری، صفحہ 17)

6 فروری: منیلا فلپائن میں منعقد کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انڈیا سینٹر فار پالیسی ریسرچ کے پروفیسر براہما چیلانے (Brahma Chellaney) نے کہا ہے کہ عالمی سطح پر آئندہ سالوں میں پانی کو بطور ہتھیار استعمال کیا جانا عام ہو جائے گا۔ کشمیر کا مسئلہ جتنا زمین کا ہے اتنا ہی پانی کا بھی ہے۔ چین جہاں سے بہت سے ممالک کے دریاؤں کا پانی نکلتا ہے، وہاں اتنے ڈیم بنائے گئے ہیں کہ اسے "damned" ملک کہا جاتا ہے۔ (ڈان، 7 فروری، صفحہ 5)

17 فروری: ایک مضمون کے مطابق پانی کی کمی، بڑھتی ہوئی آبادی، پرانے ہوتے ہوئے بنیادی ڈھانچے، زیر زمین پانی بے دریغ نکالا جانا، فصل میں استعمال ہونے والے پانی کا زیاں، کھاد اور کیمیائی ادویات سے پیدا ہونے والی آبی آلودگی اور موسمی تبدیلی کے عوامل، پانی کی شدید قلت کا باعث بن رہے ہیں خاص کر مشرق وسطیٰ کے خشک علاقوں میں، لیکن اس خطے میں ایک ملک ایسا بھی ہے جہاں پانی کے بہترین استعمال کی وجہ سے خشک سالی کی صورت حال میں بھی آبادی کو سہارا دیا جاسکتا ہے۔ یہ ملک

اسرائیل ہے جو علاقے میں پانی کے بہتر طریقہ استعمال کی وجہ سے خطے کے لیے ایک مثال ہے۔ زمین کو بے تحاشہ پانی دینے کے بجائے یہاں کسان ڈرپ طریقہ کار کو 1960 کی دہائی سے اپنا چکے ہیں جس سے پانی جڑوں تک زیادہ بہتر طریقے سے جاتا ہے اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے۔ اسرائیل میں گھریلو گندہ پانی ایک قیمتی شے ہے، اس کا دوبارہ استعمال 80 فیصد زراعت کے لیے ہوتا ہے۔ سمندری پانی کو صاف کرنے کا پلانٹ آدھے اسرائیل کو پینے کا پانی فراہم کررہا ہے۔ اس کے علاوہ پانی احتیاط سے استعمال کرنے کے بہت سے طریقے اب اسرائیلی زندگی کا حصہ بن چکے ہیں۔ (سیتھ ایم سیگل Seth M. Seigel) انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 17 فروری، صفحہ 8)

6 اپریل: ایک خبر کے مطابق ترکی مشرق وسطیٰ میں تازہ پانی کی سپلائی کے لیے مشرقی ترکی میں دریائے انامور (Anamur) سے خشک سالی میں مبتلا شمالی سائپرس (Cyprus) کو پانی سپلائی کرنے کی پائپ لائن اس سال مکمل کرے گا جس سے علاقے کو 75 ملین کیوبک میٹرز سالانہ پانی فراہم کیا جائے گا۔ ترکی پانی کے ذریعے علاقے میں اپنی طاقت میں اضافہ کرنا چاہتا ہے جبکہ اس سے عراق اور شام کے دریاؤں میں پانی میں کمی پیدا ہونے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ (دی نیوز، 7 اپریل، صفحہ 8)

## II۔ زرعی مداخل

### زرعی ادویات

7 جنوری: جاپان میں 350 سے زائد لوگ زرعی کیمیکل سے آلودہ خوراک کھانے سے بیمار ہو گئے۔ قومی براڈ کاسٹنگ کمپنی کی طرف سے کیے گئے سروے میں لوگوں نے کہا کہ وہ ایک کمپنی مروہا نچیرو ہولڈنگز (Maruha Nichiro Holdings) کے فروزن فوڈ یعنی منجمد خوراک کھانے کے بعد دست و اسہال (فوڈ پوائزنگ) میں مبتلا ہو گئے۔ پولیس کی تحقیقات سے معلوم ہوا کہ کچھ فروزن فوڈز ملیتھین (Malathion) سے آلودہ ہیں جو ایک زرعی کیمیکل ہے جسے چاول اور مکئی کی فصلوں پر کیڑے مکوڑں کو ختم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ (ڈان، 8 جنوری، صفحہ 14)

### زرعی تحقیق

28 جنوری: سائنسدانوں اور بائیوٹیکنالوجی کی کمپنیوں کی کوششیں مستقبل میں کیڑوں کے خلاف موثر ہتھیار ثابت ہوں گی۔ یونیورسٹی آف کینٹکی (University Of Kentucky) کے ڈاکٹر صبا ریڈی پالی (Subba Reddy Palli) کے مطابق آر این اے انٹرفیئرنس (RNA Interference) ٹیکنالوجی سے کیڑوں کے جینیاتی مواد کو معطل کرکے ختم کیا جاسکے گا، ان کیڑوں کو نقصان پہنچائے بغیر جو ہمارے لیے مفید ہیں، لیکن کچھ ماہرین کو خوف ہے کہ جینیاتی مواد کو معطل کردینے والے اجزاء کا کھیتوں میں موجود ہونا ہمارے مفید کیڑوں کے لیے نقصان دہ ہوسکتا ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 29 جنوری، صفحہ 1)

## III۔ غربت اور غذائی تحفظ

### غربت

9 جنوری: ایک مضمون میں کولمبیا یونیورسٹی کی تحقیقی رپورٹ کے حوالے سے بتایا گیا ہے اگر امریکی حکومت مراعات نہ دیتی تو 2012 میں غربت کی شرح 31 فیصد تک بڑھ سکتی تھی۔ امریکہ میں 2012-1963 کے درمیان سماجی منصوبوں کے ذریعے 27 ملین افراد کو غربت سے باہر نکالا گیا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 جنوری، صفحہ 7)

9 جنوری: امریکی ریپبلکن سینٹر مارکو ربیو (Marco Rubio) نے کہا ہے کہ چار ملین امریکی بے روزگار ہیں جبکہ حیرت انگیز طور پر 49 ملین امریکی خط غربت سے نیچے گزارہ کررہے ہیں۔ ڈیموکریٹک پارٹی کوشش کررہی ہے کہ فی گھنٹہ کم از کم اجرت 7.25 ڈالرز سے بڑھا کر 10 ڈالرز کریں لیکن انھیں ریپبلکن پارٹی کی مخالفت کا سامنا ہے۔ (ڈان، 10 جنوری، صفحہ 12)

16 جنوری: ورلڈ اکنامک فورم کی جاری کردہ گلوبل رسک رپورٹ 2014 کے مطابق امیر اور غریب شہریوں کے درمیان بڑھتا ہوا آمدنی کا فرق ساری دنیا کی معیشت کے لیے خطرہ ہے۔ آمدنی کے اس

فرق کے بعد دنیا کے لیے سب سے بڑا خطرہ شدید موسمی تبدیلیاں ہیں جو اگلے دس سالوں میں دنیا کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ (ڈان، 17 جنوری، صفحہ 12)

21 فروری: ایک مضمون میں آکسفیم کے ایک بریفنگ پیپر کے اعداد و شمار کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ دنیا کے 85 امیر ترین لوگوں کے پاس اتنی دولت ہے جتنی دنیا کے آدھے غریب ترین افراد کے پاس ہے جن کی تعداد 3.5 بلین بنتی ہے۔ دنیا کی آبادی کے امیر ترین ایک فیصد کے پاس دولت کا تخمینہ 110 ٹریلین ڈالرز لگایا گیا ہے جو غریب ترین افراد کی کل آمدنی سے 65 گنا زیادہ ہے۔ آئی ایم ایف اور عالمی بینک کی پالیسیاں اسی عالمی اشرافیہ (elite) کو مزید طاقت ور بنا رہی ہیں۔ امیر اور غریب میں یہ بڑھتا ہوا فرق آنے والے سالوں میں سب سے بڑا عالمی خطرہ ہے، یہ بات ورلڈ اکنامک فورم نے اپنی ایک رپورٹ (Outlook on the Global Agenda) میں بھی کہی ہے۔ (سید محمد علی، دی ایکسپریس ٹریبیون، 21 فروری، صفحہ 6)

## غذائی تحفظ

6 فروری: ایران میں غریبوں کے لیے راشن جسے وہاں کموڈٹی باسکٹ (CommodityBasket) کہا جاتا ہے اور جس میں انڈے، کھانے کا تیل، مرغی، چاول اور پنیر شامل ہے، کو حاصل کرنے کے انتظار میں سخت سردی کی وجہ سے تین افراد جاں بحق ہو گئے۔ کموڈٹی باسکٹ کے اجراء کو حکومتی کارکنان کے لیے ایران کے سابق صدر نے شروع کیا تھا جسے تین ملین سے 17 ملین تک بڑھا دیا گیا ہے۔ یہ پروگرام ایران پر اقتصادی پابندیوں کی وجہ سے بڑھتی ہوئی مہنگائی کے پیش نظر شروع کیا گیا۔ (ڈان، 7 فروری، صفحہ 11)

12 فروری: انٹرنیشنل فوڈ پالیسی ریسرچ انسٹیٹیوٹ (IFPRI) کی رپورٹ کے مطابق مستقبل میں آبادی اور آمدنی میں اضافے اور موسمی تبدیلیوں کے زراعت پر پڑنے والے اثرات کی وجہ سے خوراک کی طلب

میں اضافہ ہوگا۔ رپورٹ میں زراعت میں نئے طریقوں کے اثرات کو زرعی پیداوار، قیمت، بھوک اور تجارت پر 2050 تک دیکھا گیا ہے اور ان طریقوں کی نشاندہی کی گئی ہے جو ترقی پزیر ممالک کو فائدہ پہنچا سکتی ہیں۔ رپورٹ میں جن 11 نئے زرعی طریقوں کا تجزیہ کیا گیا ان میں فصل کا تحفظ، ڈرپ اری گیشن، خشک سالی کے خلاف مدافعت، گرمی کے خلاف مدافعت، زمین کی انٹی گریٹیڈ مینجمنٹ، غذائیت کا با کفایت استعمال، آرگینک ایگریکلچر، پریسیشن ایگریکلچر، اسپرنکلر آبپاشی اور واٹر ہارویسٹنگ شامل ہیں۔
(دی نیوز، 13 فروری، صفحہ 15)

25 فروری: امداد دینے والے ممالک شام، جنوبی سوڈان اور وسطی افریقی ریاست میں ہنگامی صورت حال سے نمٹنے میں مصروف ہیں، صومالیہ جہاں 2011 میں قحط آیا تھا وہاں حالات ٹھیک ہونے کے باوجود ابھی بھی 50,000 بچے شدید غذائی کمی کی وجہ سے موت اور زندگی کی کشمکش میں ہیں لیکن عالمی امدادی ممالک کی توجہ وہاں سے ہٹ رہی ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق ابھی کام آدھا کام ہوا ہے، اگر ہم رک گئے تو جو بہتری ہوئی ہے وہ بھی ختم ہو جائیگی۔ 2.9 ملین لوگوں کو ایسی امداد چاہیے جس سے زندگی بچائی جاسکے۔ 2014 کے لیے اقوام متحدہ نے 933 ملین ڈالرز مانگے ہیں۔ (دی نیوز، 26 فروری، صفحہ 11)

10 مارچ: ایف اے او کے مطابق ایشیاء پیسفک کے علاقے میں سب سے زیادہ بھوکے لوگ آباد ہیں۔ یہ بات اقوام متحدہ کی 40 ملکی ممبران کی جنرل باڈی میٹنگ میں کہی گئی۔ ایشیاء پیسفک ممالک سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنی پیداوار بڑھائیں اور خوراک کی کمی کی طرف توجہ دیں۔ (ڈان، 11 مارچ، صفحہ 5)

8 اپریل: انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز کے اداریے کے مطابق جنوبی سوڈان کی ایک تہائی آبادی یا 3.7 ملین لوگ خانہ جنگی کی وجہ سے بھوک کے خطرے سے دوچار ہیں۔ 2014 کے لیے اقوام متحدہ نے 1.27 بلین ڈالرز کی درخواست کی تھی جس میں سے صرف 385 ملین ڈالرز مل پائے ہیں۔ لوگوں کو بھوک سے بچانے کے لیے اگلے 60 دنوں میں امداد کی سخت ضرورت ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 8 اپریل، صفحہ 6)

13 اپریل: ایک مضمون میں IFPRI (ایف پری) کی ایک تحقیق کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ دنیا بھر میں تین میں سے ایک شخص بنیادی وٹامنز اور منرلز کی کمی کا شکار ہوتا ہے اور یہ ''چھپی ہوئی بھوک'' نشو ونما میں رکاوٹ، اندھے پن، خون کی کمی اور دیگر بیماریوں کے ساتھ موت کا باعث بنتی ہے۔ اس حوالے سے بچے اور عورتیں زیادہ خطرے میں ہیں۔ ایک عالمی پروگرام، ہارویسٹ پلس نے غذائیت اور عوامی صحت کو بہتر بنانے کے لیے دیگر ساتھیوں کے ساتھ مل کر ان غذائی فصلوں کو فروغ دینا شروع کیا ہے جن میں زیادہ وٹامن اے، زنک (zinc) اور فولاد ہو۔ (شاہد حسین، دی نیوز، 13 اپریل، صفحہ 19)

17 اپریل: ایک مضمون میں عالمی بینک گروپ کے صدر جم یونگ کم نے بتایا کہ عالمی بینک گروپ کی دنیا بھر میں سالانہ امداد 45 سے 50 بلین ڈالرز ہے جو آنے والے سالوں میں 70 بلین ڈالرز ہو جائے گی جبکہ کئی بلین اور استعمال میں لائے جاسکتے ہیں۔ مضبوط عالمی اداروں، جاندار نجی شعبے، سول سوسائٹی اور سیاسی لیڈران کی شراکت کے ذریعے زیادہ بہتر طریقے سے کام ہوسکتا ہے۔ عالمی سطح پر سب سے پہلے لوگوں کو متحد کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ''انصاف پر مبنی'' پائیدار معیشت کے ذریعے غربت کو ختم کیا جاسکے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 17 اپریل، صفحہ 6)

22 اپریل: ایک مضمون میں اقوام متحدہ اور امریکہ کی نیچرل ریسورسز ڈیفنس کونسل کی رپورٹ 2012 کے حوالے سے بتایا گیاہے کہ دنیا بھر میں جو غذائی اشیاء پیدا کی جاتی ہیں اسکا ایک تہائی بغیر استعمال کیے ضائع ہو جاتا ہے جس کی مقدار 1.3 بلین ٹن سالانہ ہے۔ صرف امریکہ میں 40 فیصد خوراک جس کی مالیت 165 بلین ڈالرز سے زیادہ ہے سالانہ ضائع ہوتی ہے۔ دنیا بھر میں اب خوراک کا ضائع ہونا ایک سنجیدہ مسئلہ سمجھا جارہا ہے۔ چین سے لے کر جنوبی کوریا، امریکہ اور برطانیہ تک یہ کوششیں تیز ہورہی ہیں کہ اس طرح کھانا ضائع نہ ہو۔ (بیتھ گارڈنر، دی ایکسپریس ٹریبیون، 22 اپریل، صفحہ 11)

## زرعی قرضے

18 فروری: ایک خبر کے مطابق تھائی لینڈ کے گورنمنٹ سیونگ بینک (GSB) نے بھات بینک فار ایگریکلچر اینڈ ایگریکلچرل کوآپریٹیوز کو 15 فروری کو 155 ڈالرز دینے تھے تاکہ حکومت کے کسانوں سے چاول خریدنے کے متنازعہ پروگرام کو سہارا دیا جاسکے۔ درمیانے طبقے کے بینک اکاونٹ رکھنے والوں نے حکومت کی اس اسکیم کے مدنظر GSB (جی ایس بی) سے اپنی رقوم نکالنی شروع کردی تھیں جس پر جی ایس بی نے اپنا فیصلہ واپس لے لیا ہے۔ (ڈان، 19 فروری، صفحہ 12)

23 فروری: بھارت میں کسانوں کی بڑھتی ہوئی خودکشی کے واقعات پر روشنی ڈالتے ہوئے ایک مضمون میں بتایا گیا ہے کہ جنوبی ریاست آندرا پردیش (Andra Pradesh) میں کسانوں میں خودکشی کی شرح بھارتی اوسط سے تین گنا زیادہ ہے۔ نیشنل کرائم بیورو کے مطابق 1995 سے اب تک بھارت میں 290,000 سے زیادہ کسانوں نے خودکشی کی ہے۔ اگرچہ بیورو نے اس کی وجہ نہیں بتائی لیکن زیادہ تر نے قرضوں کے بوجھ سے تنگ آکر ایسا کیا ہے۔ ہر قرضہ شوہر سے بیوی اور بچوں کو منتقل ہوتا ہے۔ مداخل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور عالمی سطح پر مقابلے کے رجحان نے ان کے گھٹتے ہوئے منافع کو اور بھی کم کردیا ہے۔ 1997 میں منڈی کے لیے اصلاحات کی بھارت میں ابتداء ہوئی تو کسانوں کو دی جانے والی مراعات کم کردی گئیں۔ کسانوں کو انہی حالات میں عالمی منڈی میں لاکر کھڑا کردیا گیا۔ کسانوں نے نئے خطرات مول لے کر تجارتی فصلوں کو اگانا شروع کردیا، ساتھ ہی کوشش کی کہ اپنے بچوں کو تعلیم دینا شروع کریں تاکہ انھیں اچھی ملازمت مل سکے۔ اس طرح بڑھتے ہوئے خرچے پورے کیے اس امید پر کہ اچھی فصل ہوگی تو قرضے ادا ہو پائیں گے لیکن نتیجہ خودکشی کی شکل میں سامنے آیا، شوہر اور بیوی کے بعد بچے ان مشکلات کا شکار ہیں۔ (ایلن بیری، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 23 فروری، صفحہ 1)

## IV۔ غذائی اور نقد آور فصلیں

### غذائی فصلیں

6 فروری: اقوام متحدہ کے مطابق دنیا میں بہتر پیداوار کی وجہ سے غذائی اشیاء کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی ہے۔ (ڈان، 7 فروری، صفحہ 12)

15 اپریل: مارچ کے مہینے میں چین میں تازہ غذائی اشیاء کی قیمتوں میں فروری کے مقابلے میں اضافہ دیکھا گیا۔ پھلوں کی قیمت 17.3 فیصد اور سبزیوں کی قیمت 12.9 فیصد بڑھی ہے۔ (دی نیوز، 16 اپریل، صفحہ 16)

### نقد آور فصلیں

- کپاس

3 جنوری: انٹرنیشنل کاٹن ایڈوائزری کمیٹی (ICAC) کے مطابق کپاس کے زیر کاشت رقبے میں کمی کا امکان ہے خاص کر چائنا میں، جسے اب تک کپاس کی پیداوار، ذخیرہ رکھنے اور استعمال میں غلبہ حاصل ہے۔ کمیٹی کے مطابق نصف قرہ شمالی (North Hemisphere) میں جہاں دنیا کی تقریبا 90 فیصد پیداوار ہوتی ہے کچھ مہینوں میں بوائی شروع ہو جائے گی۔ سال 14-2013 میں چائنا میں کپاس کا زیر کاشت رقبہ 13-2012 سے آٹھ فیصد کم ہو کر 4.6 ملین ہیکٹرز تھا جس کے 15-2014 میں مزید کم ہوکر 3.9 ملین ہیکٹرز ہونے کا امکان ہے۔ 15-2014 میں کپاس کی عالمی تجارت میں 7.7 ملین ٹن (نو فیصد) کمی کا اندیشہ ہے جس کی بڑی وجہ چائنا کی کپاس کی درآمد میں کمی ہے۔ (دی نیوز، 4 جنوری، صفحہ 17)

4 فروری: ICAC (آئی سی اے سی) انٹرنیشل کاٹن ایڈویزری کمیٹی کے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق 14-2013 کے آخر تک کپاس کا اسٹاک 19.9 ملین ٹنز متوقع ہے جو پچھلے سیزن کے اسٹاک سے 2 ملین ٹن زیادہ ہے۔ یہ اسٹاک عالمی طلب سے زیادہ ہے۔ چین کے پاس اس کا 58 فیصد ہے۔ اگر چین

اسٹاک منڈی میں لانے کا فیصلہ کرتا ہے تو کپاس کی عالمی قیمتیں گر جائیں گی۔ (دی نیوز، 5 فروری، صفحہ 15)

- ایتھنول

8 فروری: ایک اخباری خبر کے مطابق امریکہ میں مکئی کی پیداوار کا 44 فیصد ایتھنول کے لیے استعمال ہوتا ہے جس سے واشنگٹن میں ماحولیاتی گروپ کے مطابق، غذائی قیمتوں میں اضافہ، ماحول اور وہ انجن جن میں یہ استعمال ہوتا خرابی پیدا ہوتی ہے۔ ایتھنول جو ایک طرح کی شراب ہے جسے مکئی اور دیگر فصلوں کے نشاستے کو خمیر کرکے حاصل کیا جاتا ہے، میں اوکٹین (Octane) ہوتا ہے جو جدید ہائی کمپریشن (compression) مشینوں کی ضرورت ہے۔ اس کی قیمت امریکہ میں 1.92 ڈالرز فی گیلن ہے اور یہ پیٹرولیم کی مصنوعات سے 28 فیصد سستا ہے۔ (ڈان، 9 فروری، صفحہ 12)

16 اپریل: ایک مضمون کے مطابق امریکہ میں کمپنیاں ایتھنول کے پلانٹ لگا رہی ہیں لیکن وہاں اس کی منڈی کم ہو رہی ہے اور حکومت گاڑیوں کے تیل میں ایڈوانس بایو فیول کی آمیزش کی مقدار کو بھی کم کر رہی ہے۔ (کلفرڈ کروس (Clifford Krauss)، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 16 اپریل، صفحہ 12)

## v۔ تجارت

### برآمدات

- چاول

24 فروری: دنیا میں چین کے بعد بھارت گندم اور چاول پیدا کرنے والا سب سے بڑا ملک ہے۔ 2011 میں بھارت نے چار سال کے عرصے کے بعد دوبارہ ان غذائی فصلوں کو برآمد کرنا شروع کر دیا ہے۔ پچھلے سال بھارت نے 22 ملین ٹن چاول اور گندم برآمد کیا تھا اور اس سال بھی 15-20 ملین ٹن برآمد کرنے کا ارادہ کر رہا ہے۔ بڑھتی ہوئی چاول کی برآمدات کی وجہ سے بھارت نے تھائی لینڈ کو پیچھے چھوڑ دیا ہے جو اب تک دنیا کا سب سے بڑا چاول برآمد کرنے والا ملک تھا۔ (ڈان، 25 فروری، صفحہ 12)

28 فروری: چین نے تھائی لینڈ سے 400,000 ٹن چاول خریدنے کا معاہدہ کرلیا ہے جس سے تھائی لینڈ میں کسانوں سے چاول خریدنے کے حکومتی پروگرام کو مدد مل سکے گی۔ یہ پروگرام مالی مشکلات کی وجہ سے حکومت نہیں چلا پارہی اس لیے تھائی لینڈ کے کسان بھی حکومت مخالف مظاہروں میں شامل ہو گئے ہیں۔ (ڈان، 1 مارچ، صفحہ 12)

## درآمدات

- چاول

4 مارچ: فلپائن میں پچھلے چھ ہفتوں سے چاول کی قیمتیں مستقل بڑھ رہی ہیں جس کی وجہ سے حکومت پر چاول درآمد کرنے کا دباؤ بڑھ رہا ہے۔ پچھلے تین مہینوں میں قیمتیں چار فیصد بڑھ گئی ہیں۔ ٹائفون ھائیان نے ملک کے چاول پیدا کرنے والے بڑے علاقوں کو تباہ کردیا تھا جس کے بعد چاول کا بحران پیدا ہوا۔ فلپائن پہلے ہی دنیا کے ان ممالک میں شامل ہے جو بڑی مقدار میں چاول درآمد کرتے ہیں۔ (ڈان، 5 مارچ، صفحہ 12)

- چینی

18 اپریل: یو ایس انٹرنیشنل ٹریڈ کمیشن کو ایک درخواست میں امریکی چینی کی صنعت نے کہا ہے کہ 2013-14 میں میکسیکو سے کم قیمت چینی کی درآمد سے اسے ایک بلین ڈالرز کا نقصان ہوا ہے۔ امریکہ نے چینی کی صنعت کو تحفظ دینے کے لیے چینی کی درآمد پر سخت ضابطے لگائے ہوئے ہیں لیکن میکسکو سے نارتھ امریکن فری ٹریڈ ایگریمنٹ کی وجہ سے بغیر ڈیوٹی چینی درآمد کی جاسکتی ہے۔ (ڈان، 19 اپریل، صفحہ 12)

- کپاس

2 اپریل: آئی سی اے سی نے اس بات پر تشویش ظاہر کی ہے کہ اپنے کپاس کے ذخیرے کے حوالے سے

چین کی غیر واضح پالیسی اور پولیسٹر اور کپاس کی قیمتوں میں واضح فرق سے چین میں کپاس کے استعمال پر اور ان ملکوں پر جو چین کو زیادہ مقدار میں کپاس برآمد کرتے ہیں منفی اثر پڑے گا۔ (دی نیوز، 3 اپریل، صفحہ17)

- سمندری غذا

24 مارچ: یورپی یونین نے غیر قانونی طریقے سے مچھلی کے شکار پر بیلیز (Belize)، کمبوڈیا اور گنی (Guinea) سے سمندری اشیاء کی درآمدات پر سخت ترین تجارتی پابندی عائد کردی ہے۔ جبکہ یورپی یونین کی ماہی گیری کی کمشنر ماریہ ڈیمنا کی (Maria Damnaki) نے کہا ہے کہ وہ چاہتی ہیں کہ "یورپی یونین کے شہری جو مچھلی کھاتے رہے ہیں وہ پائیدار ہو چاہے جہاں کہیں سے بھی وہ آئے۔" (ڈان، 25 مارچ، صفحہ12)

## VI۔ کارپوریٹ شعبہ

### غذائی کمپنیاں

9 جنوری: بھارت میں معاشی مشکلات کے باوجود درمیانے طبقے کے صارفین کی قوت خرید بڑھ رہی ہے۔ پچھلے کچھ مہینوں میں ٹاکوبیل (Taco Bell)، کرسپی کریم (Krispy Kreme)، برگر کنگ (Burger King) اور میکڈونلڈز (McDonald's) نے بھارت میں مزید شاخیں کھولی ہیں۔ تحقیقی رپورٹ کے مطابق بھارت میں کثیر القومی فاسٹ فوڈ چین کی منڈی 2013 میں 2.5 بلین ڈالرز سے بڑھ کر 2020 میں آٹھ بلین ڈالرز ہو جائے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 جنوری، صفحہ 1)

- مکڈونلڈز

7 فروری: مکڈونلڈز جس کے ریسٹورنٹ 100 ملکوں میں پھیلے ہوئے ہیں، ویت نام کی ہو چی من سٹی میں اپنا پہلا ریسٹورنٹ کھولے گی۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 8 فروری، صفحہ 1)

- نیسلے

15 اپریل: دنیا میں خوراک کے سب سے بڑے صنعتی گروپ نیسلے نے اس سال کے پہلے تین مہینوں میں 20.8 بلین سوئس فرانک کمائے جبکہ کمپنی کو 21.1 بلین فرانک (23.6 بلین ڈالرز) کی امید تھی۔ پول بلک (Paul Bulcke) جو کمپنی کے سربراہ ہیں نے کہا کہ اس کمی کی ذمہ داری ایکسچینج ریٹ پر جاتی ہے۔ اس دوران کمپنی کی مجموعی ترقی میں 4.2 فیصد اضافہ ہوا۔ (ڈان،16 اپریل،صفحہ11)

- گڈ مین فیلڈر

28 اپریل: آسٹریلیا کی غذائی مصنوعات کی سب سے بڑی کمپنی گڈ مین فیلڈر (Goodman Fielder) کو سنگاپور کی ولمر انٹرنیشنل لمیٹڈ (Wilmar International Ltd) جو ایشیاء کی سب سے بڑی زرعی مصنوعات بنانے اور ان کی تجارت کرنے والی کمپنی ہے، ہانگ کانگ کی فرسٹ پیسفک کمپنی کے ساتھ مل کر خریدنا چاہتی تھی لیکن آسٹریلین کمپنی کے شیئرز کی قیمت میں پچھلے ہفتے کمی کے باعث یہ سودا طے نہیں ہو پایا۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز،29 اپریل،صفحہ16)

- کوفکو

2 اپریل: چین کی سرکاری غذائی کمپنی کوفکو کارپوریشن (COFCO Corporation) نے ہانگ کانگ کے نوبل گروپ ایگری کاروبار کا بڑا حصہ 1.5 بلین ڈالرز میں خرید لیا ہے۔ یہ کوفکو کی ایک مہینے میں دوسری خریداری ہے جس کا مقصد چینی عوام کا غذائی تحفظ ہے۔ چین میں زرعی زمین تیزی سے کم ہورہی ہے جس کی وجہ سے شہری آبادی میں اضافہ ہے، زمینی اور آبی آلودگی بڑھ رہی ہے اور عوامی خوشحالی کی وجہ سے غذا کی طلب میں اضافہ ہورہا ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 3 اپریل،صفحہ14)

- کوکا کولا

24 جنوری: مہدی گنج، اتر پردیش، بھارت کی مقامی ریونیو انتظامیہ نے گزشتہ ماہ کوکا کولا کا بوٹلنگ پلانٹ

منہدم کرنے کا حکم جاری کیا ہے۔ حکام کے مطابق پلانٹ دیہات کونسل کی زمین پر غیر قانونی طور سے قائم تھا اور زیر زمین پانی کی بڑی مقدار حاصل کررہا تھا۔ انتظامیہ نے بھارت کوکا کولا پر 126,000 روپے (2,000 ڈالرز) جرمانہ بھی عائد کیا۔ بڑھتے ہوئے متوسط طبقے کی بدولت بھارت کوکا کولا کے لیے تیزی سے ترقی کرتی ہوئی منڈی ہے۔ (ڈان، 25 جنوری، صفحہ 15)

- بیج کمپنیاں

6 فروری: ایک مضمون کے مطابق دو چینی باشندوں کی امریکہ میں گرفتاری کے حوالے سے بتایا گیا کہ وہ مشرقی آئی اووا (Iowa) میں ڈوپونٹ (Dupont) کمپنی کے مکئی کے تجرباتی کھیت (testing fields) سے صنعتی زراعت کے راز چرانے میں مصروف تھے۔ دونوں باشندے امریکی ریاستوں میں پائنیر (Pioneer)، مونسانٹو اور ایل جی سیڈز کے تجرباتی کھیتوں میں بھی اسی مقصد کے لیے جا چکے تھے۔ زیادہ تر ممالک اور ان کی ایجنسیاں ایک دوسرے کے ایسے راز چوری کرتی رہی ہیں لیکن پچھلے کچھ سالوں میں جب سے زراعت ایک بہت بڑے کاروباری شعبے کی صورت میں ابھر کر سامنے آئی ہے ایسی چوری کو سختی سے روکنے کی ضرورت بڑے زرعی کاروبار کرنے والوں کے لیے اور بھی بڑھ گئی ہے۔ (جان ایلی گون اور پیڑک زاؤ، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 6 فروری، صفحہ 1)

## VII۔ مال مویشی، ماہی گیری اور پولٹری

### مال مویشی

23 اپریل: ایک مضمون کے مطابق نیویارک اپ اسٹیٹ، امریکہ میں ڈیری فارمز میں اخراجات کم کرنے کے لیے گائے کا دودھ نکالنے اور چارا کھلانے کا کام اب روبوٹ کررہے ہیں۔ یہ مشین مختلف کام انجام دیتی ہے جس کی قیمت 250,000 ڈالرز ہے۔ (جیسی میکینلے (Jesse Mckinley)، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 24 اپریل، صفحہ 12)

## ماہی گیری

6 فروری: عالمی بینک کی ایک نئی رپورٹ (Prospects for Fishries & Aquaculture) کے مطابق ایشیاء آئندہ 20 سالوں میں دنیا کی 70 فیصد سمندری غذائی ضروریات کو پورا کرسکے گا جس میں چین پہلے نمبر پر ہوگا۔ (ڈان، 7 فروری، صفحہ 10)

14 مارچ: ماہی گیری کے حوالے سے دنیا کی اہم ترین طاقتیں یورپی یونین، امریکہ، جاپان، فلپائن، کولمبیا اور انڈونیشیا نے یونان کے شہر ایتھنز میں پائیدار بنیادوں پر مچھلیوں کی اقسام کو فروغ دینے کے لیے ضرورت سے زیادہ مچھلیاں پکڑنے کے خلاف ایک معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ (ڈان، 15 مارچ، صفحہ 11)

## پولٹری

5 مارچ: ایک مضمون کے مطابق کیلی فورنیا، امریکہ میں مرغیاں اب بہتر طریقے سے رکھی جارہی ہیں۔ ان کے رہنے کی جگہ اتنی بڑی ہوتی ہے کہ وہ کھڑی ہوکر اپنے پروں کو پوری طرح سے پھیلاسکیں۔ دوسری امریکی ریاستوں میں مرغیوں کے اتنے اچھے حالات نہیں ہیں۔ 2008 میں کیلی فورنیا کی عوام نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ ''جانور جن کا گوشت ہم کھاتے ہیں ان کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے۔'' اگرچہ فارم بل جو امریکی کانگریس سے کچھ عرصے پہلے ہی پاس ہوا ہے اس میں ایسا کوئی ذکر نہیں لیکن کچھ اور امریکی ریاستیں بھی اب ایسا ہی کررہی ہیں۔ (اسٹیفنی اسٹروم، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 5 مارچ، صفحہ 16)

## VIII۔ ماحول

24 فروری: آسٹریلیا کی قدامت پرست حکومت جو پانچ مہینے پہلے ہی اقتدار میں آئی ہے، نے ملک کو آزاد تجارت کے لیے کھول دیا ہے لیکن آزاد تجارت کے جوش میں وزیر اعظم ٹونی ایبٹ کی حکومت نے ملکی ماحول کو بھی خطرات سے دوچار کردیا ہے۔ ملک کے شمال میں کوئلے کی تجارت کے لیے ایک پورٹ کی توسیع کی جائیگی جس سے کئی ملین ٹن مٹی (silt) سمندر کی تہہ میں جا کے گریٹ بیریر ریف (GBR)

کے لیے خطرے کا باعث بنے گی، جنوب میں تسمانیہ کے جزیرے پر جنگلات (rain forests) جو ورلڈ ہیریٹیج پروٹیکشن (WHP) کی فہرست میں آتے ہیں، میں تیزی سے لکڑی کاٹی جارہی ہے اور مغرب میں شارک مچھلیوں کو سیاحت کے فروغ کی خاطر مارنے کی اجازت دے دی گئی ہے۔ لیبر حکومت نے جو کاربن ٹیکس گرین ہاؤس گیسز کے اخراج پر قومی سطح پر لگایا تھا موجودہ حکومت کا اسے بھی ختم کرنے کا ارادہ ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 25 فروری، صفحہ 1)

22 اپریل: زمین کے عالمی دن کے موقع پر اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل بان کی مون نے انسانی عمل دخل سے کرہ ارض پر پڑنے والے منفی اثرات کے خلاف دنیا بھر میں رویوں اور عملی اقدام میں تبدیلی کی درخواست کی ہے۔ (ڈان، 23 اپریل، صفحہ 16)

30 اپریل: اقوام متحدہ کی ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کی ایک رپورٹ کے مطابق دنیا اینٹی بائیوٹک کے بعد کے دور میں داخل ہورہی ہے جہاں وہ بیماریاں، انفیکشن اور چوٹ وغیرہ جن کا علاج ممکن تھا اب ممکن نہیں ہوگا کیونکہ ایسے سوپر بگز (superbugs) پھیل رہے ہیں جن کی وجہ سے اینٹی بائیوٹک کا ضرورت سے زیادہ استعمال ہے۔ (دی نیوز، 1 مئی، صفحہ 11)

## زمین

10 جنوری: ایشیاء میں نیوکلیئر پاور ری ایکٹر کے منصوبے اور تعمیرات ساری دنیا کے مقابلے میں سب سے زیادہ ہیں۔ 49 ری ایکٹرز تعمیری مراحل میں ہیں جبکہ مزید 100 کا منصوبہ ہے۔ یہ منصوبے بھارت، چائنا، ساوتھ کوریا اور پاکستان میں بنائے گئے ہیں۔ دنیا بھر میں پہلے ہی 435 ایٹمی ری ایکٹرز چل رہے ہیں جن میں مزید 149 کا اضافہ ہو جائیگا۔ (دی نیوز، 11 جنوری، صفحہ 6)

• آلودگی

18 اپریل: چین کی وزارت ماحولیاتی تحفظ کی رپورٹ کے مطابق ملک کی زرعی زمین کا پانچواں حصہ ماحولیاتی آلودگی کی نظر ہو چکا ہے جن کی بنیادی وجوہات میں زرعی ادویات، کھاد کا غیر مناسب استعمال، صنعتی فضلہ اور مال مویشی کی پرورش کے عوامل شامل ہیں۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز،19 اپریل،صفحہ 3)

• جنگلات

16 اپریل: انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز کے اداریہ کے مطابق یونیورسٹی آف میری لینڈ کے سائنسدان اور امریکی حکومت نے عالمی سطح پر جنگلات کے نقشے کا ایسا نظام وضع کیا ہے جس کی مدد سے اب یہ بتانا ممکن ہے کہ دنیا کے کس مقام پر کس رفتار سے جنگلات ختم ہو رہے ہیں۔ اس نقشے کے مطابق دنیا میں ہر منٹ میں فٹ بال کے ایک میدان کے برابر جنگلات ختم ہو رہے ہیں۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 16 اپریل، صفحہ10)

جنگلی حیات:

9 جنوری: سائنسدانوں نے خبردار کیا ہے کہ یورپ کے کچھ ممالک کو فصلوں کی پولینیشن کے لیے شہد کی مکھیوں کی کمی کا سامنا ہے۔ یہ مسئلہ یورپ میں بائیو فیول کے فروغ میں بڑی رکاوٹ ہے۔ (ڈان، 10 جنوری، صفحہ11)

3 مارچ: عالمی جنگلی حیات کے دن کے موقع پر ڈبلیو ڈبلیو ایف کے بین الاقوامی ڈائریکٹر جم لیپ (Jim Leape) نے کہا کہ چیتے سے لے کر مونارک تتلی تک جنگلی حیات ہمارے جنگلات، چراگاہوں دریاؤں اور سمندروں کا ضروری حصہ ہے۔ ان کی خدمات پر ہماری معیشت اور معاشرہ انصار کرتا ہے۔ 3 مارچ، 1973 کو جنگلی حیات کے وجود کو لاحق خطرات کے حوالے سے ایک بین الاقوامی کنونشن (CITES) پر دستخط ہوئے تھے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 4 مارچ، صفحہ 5)

• فضلہ

21 جنوری: ٹیکسیس کی واحد نیوکلیئر ویسٹ کمپنی جوہری فضلہ ٹھکانے لگانے کی مد میں اربوں ڈالرز کما رہی ہے۔ ایک مضمون کے مطابق 29 ریاستوں کے 95 ری ایکٹرز کے فضلے کو ٹھکانے لگانے کے لیے ٹیکسیس کی ویسٹ کنٹرول اسپشلسٹ ہی واحد کمپنی ہے جو 1,000 ڈالرز فی کیوبک فٹ وصول کرتی ہے جس پر سرچارج بھی وصول کیا جاتا ہے۔ نیوکلیئر ویسٹ ڈسپوزل تین بلین ڈالرز کی منڈی ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 22 جنوری، صفحہ 16)

29 فروری: نیومیکسکو، امریکہ میں نیوکلیئر بم بنانے کے پلانٹس کے پلوٹونیم سے آلودہ فضلے کو زیر زمین ٹھکانے لگانے کے کام پر مامور مزدورں میں سے 13 مزدوروں پر تابکاری کے اثرات کا ٹیسٹ کے ذریعے پتہ چلا ہے۔ اس مقام پر 15 سال سے یہ کام ہو رہا ہے جس میں پہلی دفعہ تابکاری کے اثرات سامنے آئے ہیں۔ (ڈان، 1 مارچ، صفحہ 14)

# پانی

• آلودگی

10 جنوری: وائٹ ہاؤس نے ویسٹ ورجینیا میں ہنگامی حالت کا اعلان کیا ہے جہاں کیمیائی فضلے سے پانی آلودہ ہوگیا ہے جس سے تین لاکھ لوگوں کے متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایک فومنگ ایجنٹ میتھائل سائکلو ہیکزین میتھانول (Methyl Cyclohexane Methnol) فریڈم انڈسٹریز سے لیک ہوکر علاقے میں پھیل گیا ہے اور قریبی دریا میں چلا گیا۔ علاقے میں اسکول اور ہوٹل بند ہوگئے ہیں اور دکانوں میں بوتل بند پانی فروخت ہورہا ہے۔ (ڈان، 11 جنوری، صفحہ 15)

20 فروری: ٹوکیو الیکٹرک پاور کمپنی کے ترجمان کے مطابق اگرچہ فوکوشیما ایٹمی پلانٹ کا ایک ٹینک جس سے ٹنوں تابکار پانی رس رس کر سمندری پانی میں مل رہا تھا اب بالکل ٹھیک ہو چکا ہے لیکن سینکڑوں پانی

کے ٹینکوں میں سے ایک اور سے 100 ٹن تابکار پانی رس چکا ہے۔ اس کے سمندر سے بہت دور ہونے کے سبب یہ خطرہ نہیں ہے کہ پانی کسی طرح سے سمندر میں راستہ بنائے۔ (ڈان، 21 فروری، صفحہ 14)

24 اپریل: چین کی نیوز ایجنسی زن ہوا (Xinhua) نے سرکاری محکمہ کے حوالے سے بتایا کہ چین میں 60 فیصد زیر زمین پانی پینے کے قابل نہیں ہے۔ یہ صورتحال چین کو لاحق شدید ماحولیاتی مسائل کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ (دی نیوز، 24 اپریل، صفحہ 10)

- آبی حیات

31 مارچ: انٹرنیشنل کورٹ آف جسٹس (ICJ) نے انٹارٹیکا میں جاپان کی جانب سے بائیولوجیکل تحقیق کے نام پر سالانہ 10,000 کے قریب ویل مچھلیوں کے پکڑنے پر پابندی لگادی۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 1 اپریل، صفحہ 4)

## فضاء

- آلودگی

20 فروری: چین کے دارلحکومت بیجنگ میں فضائی آلودگی کے حوالے سے پہلی دفعہ ہنگامی صورت حال کا اعلان کرتے ہوئے لوگوں کو کہا گیا کہ وہ بھاری دھند کے مدنظر گھروں سے باہر کے کاموں کو کم از کم رکھیں اور وہ جگہیں جہاں تعمیراتی کام جاری ہے، سے کہا گیا ہے کہ ایسے کاموں کو روکیں جس سے فضاء میں دھول شامل ہوتی ہے۔ (دی نیوز، 21 فروری، صفحہ 10)

20 فروری: ایک مضمون کے مطابق امریکی صدر اوباما نے ملک میں بھاری ٹرکوں میں استعمال ہونے والے ایندھن کے لیے سخت معیار بنانے کی ہدایت کی ہے۔ اوباما کی اپنے گزشتہ چار سالہ دورِ حکومت میں گرین ہاؤس گیسز میں کمی لانے کے لیے جامع قانون سازی کی کوششیں ناکامی کا شکار ہوئی تھی۔ اب

صدر اوباما کاربن آلودگی (2005 کی سطح سے) 2020 تک 17 فیصد کم کرکے اپنے صدارتی حکم ناموں سے پورا کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ (پیٹر بیکر اور ڈیرن پورٹ، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز،20 فروری،صفحہ8)

20 مارچ: ایک مضمون کے مطابق چین کے وزیراعظم لی کوچی انگ نے اس مہینے کے شروع میں ایک سالانہ تقریر میں آلودگی کے خلاف جنگ کا اعلان کیا تھا جس میں 50,000 کوئلے سے چلنے والے چھوٹے پاور پلانٹ بند کرنے اور چھ ملین پرانی گاڑیوں کے چلانے پر پابندی عائد کردی گئی تھی جس کے بعد اب کمپنیاں فضائی آلودگی کے خلاف مہم کو آگے بڑھاتے ہوئے سیاحوں کو دھند کے دنوں میں بیمے کی پیشکش کررہی ہیں۔ (فیل گوگ، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز،20 مارچ،صفحہ12)

11 اپریل: کینسر پر ایک تحقیق کے مطابق چین اور بھارت میں کینسر بحرانی صورت حال اختیار کرچکا ہے جس کی وجوہات میں سے ایک بڑی وجہ فضائی آلودگی ہے۔ (ڈان،12 اپریل،صفحہ15)

## IX۔ موسمی تبدیلی

6 جنوری: امریکہ میں لاکھوں لوگوں نے گزشتہ سالوں کے کم ترین درجہ حرارت پر سرد ترین آرٹک ہواؤں کا سامنا کیا ہے۔ نیشنل ویدر سروس (NWS) نے کہا ہے کہ شدید سرد ہوائیں امریکہ کے مشرقی دو تہائی علاقے کو متاثر کریں گی۔ NWS (این ڈبلیو ایس) نے وضاحت کی کہ شدید سرد موسم زندگی کے لیے خطرناک ہوگا انتہائی کم درجہ حرارت منفی 60 فارن ہائٹ (F-60) ہوگا، لوگ گھروں میں رہیں اور کھانے پینے کا ذخیرہ کرلیں۔ (دی نیوز، 7 جنوری،صفحہ11)

22 جنوری: کاربن ڈائی آکسائیڈ کی شرح 1880 میں 285 پارٹس فی ملین تھی جو 2013 میں بلند ترین 400 پارٹس فی ملین سے زیادہ ہے۔ امریکی سائنسدانوں کے مطابق 2013 میں زمینی درجہ حرارت میں اضافہ کا رجحان برقرار رہا ہے۔ (ڈان،23 جنوری،صفحہ15)

24 جنوری: دنیا کی بڑی تجارتی طاقتوں نے ڈیوس (Davos) میں ماحولیات کے تحفظ کے لیے اشیاء اور ٹیکنالوجی کی آزاد تجارت پر اتفاق کیا ہے جس سے موسمیاتی تبدیلیوں کے خلاف لڑنے میں مدد ملے گی مگر اس معاہدے کے لیے کوئی وقت مقرر نہیں کیا۔ امریکی تجارت کے نمائندے نے کہا کہ ہم متفق ہیں کہ ڈبلیو ٹی او اور اس کے ممبر ممالک کا ٹھوس اور فوری ردعمل ہی زمین کو بچانے کے لیے معاہدے اور موسمیاتی تبدیلیوں سے لڑنے کے لیے ضروری ٹیکنالوجی اور اشیاء پر سے محصولات ختم کرسکتا ہے۔ (ڈان،25 جنوری، صفحہ11)

30 جنوری: یونیورسٹی آف واشنگٹن کے ایک سائنسدان کی تجرباتی رپورٹ کے مطابق پنٹا ٹومبو (Punta Tombo)، ارجنٹائن میں شدید طوفان، بڑھتا ہوا درجہ حرارت، بارش اور گرمی نے لاتعداد پینگوئنز (penguins) کو ہلاک کرنا شروع کردیا ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز،31 جنوری،صفحہ5)

7 فروری: ایک مضمون میں سوال اٹھایا گیا ہے کہ کیا یورپی یونین کی ماحول کے حوالے سے خواہشات بڑے صنعت کاروں کے ساتھ چل سکتی ہیں؟ جنوری میں یورپی کمیشن نے 2030 تک کے لیے گرین ہاؤس گیسز کو کم کرنے کی تجاویز شائع کی تھیں جن میں گرین ہاؤس گیسز کو 40 فیصد تک کم کرکے 1990 کی سطح تک لانا، یورپ بھر میں متبادل توانائی کے ذرائع کا فروغ اور یورپ کی کاربن ٹریڈنگ مارکیٹ کی قیمتوں کو بڑھانے کے اہداف شامل ہیں۔ توانائی کی قیمت میں اضافے پر بھی غور کیا جارہا ہے جس سے بڑی صنعتوں پر دباؤ بڑھے گا۔ اس اندیشے کی وجہ سے کمیشن نے اپنے اہداف (جو ابھی صرف مشورے کی شکل میں ہیں) کو بہت اونچا نہیں رکھا ہے کیونکہ اس سے بڑے پیمانے پر لوگوں کی ملازمت اور سرمایہ کاری دونوں متاثر ہوں گی۔ (اسٹانلے ریڈ، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 8 فروری، صفحہ6)

10 فروری: امریکی اور فرانسیسی صدر نے پیرس میں اپنی ملاقات کے دوران موسمی تبدیلی پر عالمی معاہدے کے ضرورت پر زور دیتے ہوئے زیادہ روزگار پیدا کرنے کے لیے ''کلین انرجی پارٹنرشپ'' کے ساتھ ساتھ ترقی پزیر ممالک کی لو کاربن انرجی کی طرف تبدیلی میں مدد کرنے کی حمایت کی ہے۔ انھوں نے کہا

کہ ''اگلے سال پیرس میں کلائمٹ کانفرنس میں دونوں ممالک تمام ممالک کو کہیں گے کہ وہ ایک مشترکہ وسیع اور سب کو ساتھ لے کر چلنے والے (inclusive) عالمی معاہدے کی کوشش میں ہمارا ساتھ دیں جو گرین ہاؤس گیسز کو عملی اور ٹھوس اقدامات کے ذریعے کم کر سکے۔'' (دی نیوز، 11 فروری، صفحہ 11)

16 فروری: امریکہ کے سیکرٹری آف اسٹیٹ جان کیری نے جکارتہ میں کہا ہے کہ موسمی تبدیلی دنیا کا سب سے پریشان کن بڑے پیمانے پر تباہی مچانے والا ہتھیار (weapons of mass destruction) ہے۔ انھوں نے کہا کہ کچھ بڑے مفاد پرست یعنی بڑی کمپنیاں تبدیلی نہیں چاہتیں اور نہ ہی کچھ خرچ کرنا چاہتی ہیں۔ اس حوالہ سے انھوں نے تیل اور کوئلے کی بڑی کمپنیوں کو نشانہ بنایا۔ (دی نیوز، 17 فروری، صفحہ 10)

8 مارچ: امریکی سیکرٹری آف اسٹیٹ جان کیری نے دنیا بھر میں امریکی سفیروں سے کہا ہے کہ اقوام متحدہ میں موسمی تبدیلی پر اگلی بات چیت سے پہلے وہ موسمی تبدیلی کو اپنی ترجیحات میں سب سے زیادہ اہمیت دیں۔ (دی نیوز، 9 مارچ، صفحہ 9)

24 مارچ: عالمی موسمیاتی ادارے کے سیکرٹری مائیکل جراڈ (Michel Jarraud) نے اپنے ادارے کے سالانہ موسمی تجزیئے کے حوالے سے کہا کہ موسم کی انتہائی صورت حال ڈرامائی انداز سے خشک سالی، گرمی کی لہر، سیلاب اور ٹروپیکل (tropical) طوفانوں کی شکل میں ہمارے سامنے آرہی ہے۔ (ڈان، 25 مارچ، صفحہ 15)

31 مارچ: IPCC (آئی پی سی سی) جو 1990 سے وقفے وقفے سے موسمی تبدیلی پر اپنے تجزیئے پیش کر رہا ہے، کی تجزیاتی رپورٹ کے مطابق موسمی تبدیلی کے موجودہ واضح اثرات میں پگھلتے ہوئے گلیشئرز، بڑھتی ہوئی سمندری سطح، پانی کی کمی، گرمی کی لہریں اور تیز بارش شامل ہیں۔ رپورٹ میں عالمی غذائی سپلائی پر پڑنے والے اثرات کا خاص طور سے تذکرہ کیا گیا ہے جس کے مطابق خوراک کی طلب بڑھ رہی ہے

جبکہ موسمی تبدیلی سے ہر دس سال میں گندم کی دو فیصد اور مکئی کی ایک فیصد پیداوار کم ہورہی ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 1 اپریل، صفحہ 16)

13 اپریل: آئی پی سی سی کی موسمی تبدیلی پر حالیہ جاری ہونے والی رپورٹ پر تبصرہ کرتے ہوئے ایک مضمون میں کہا گیا ہے کہ موسمی تبدیلی کی وجہ سے غذائی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہورہا ہے جس سے غریب ترین اور خاص کر وہ ممالک جوٹروپکس (Tropics) کے قریب ہیں (جیسے پاکستان) پر سب سے زیادہ منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ آئی پی سی سی کی رپورٹ کی تیاری میں سات سال لگے ہیں جس میں 70 ممالک کے 309 اعلی پائے کے ماہرین نے کہا ہے کہ موسمی تبدیلی کے شواہد بڑی تعداد میں تمام براعظموں اور سمندروں میں بکھرے پڑے ہیں۔ (رعنا سعید خان، ڈان، 13 اپریل، صفحہ 5، امیجز)

25 اپریل: اقوام متحدہ میں جمع کیے گئے مختلف ممالک کے سرکاری اعداد کے مطابق ترقی یافتہ دنیا میں گرین ہاؤس گیسیز کے اخراج میں 2012 کے دوران 1.3 فیصد کمی ہوئی ہے۔ سب سے زیادہ کمی امریکہ میں ہوئی جہاں کوئلے کے بجائے قدرتی گیس کا استعمال اب بڑھ رہا ہے۔ 2012 میں 40 ممالک میں کاربن اخراج کی سطح 1990 کی سطح سے 10 فیصد کم ہے لیکن چین، بھارت، برازیل اور جنوبی افریقہ میں کاربن کا اخراج بڑھ رہا ہے۔ اخراج میں کمی کی عمومی رفتار اتنی سست ہے کہ عالمی درجہ حرارت کو دو ڈگری سیلیس سے زیادہ پر جانے سے روکنا مشکل نظر آرہا ہے۔ (ڈان، 26 اپریل، صفحہ 12)

## سبز معیشت

24 جنوری: امریکہ کی نیشنل اکیڈمی آف سائنسز (NAS) کے مطابق چین کو آلودگی کم کرنے کے لیے مزید اقدامات کرنے چاہیے۔ چین متبادل توانائی اور گیسوں کے اخراج کو روکنے کی موثر ٹیکنالوجی جو کہ امریکہ میں استعمال ہوئی ہے، کے ذریعے سلفر ڈائی آکسائیڈ کے اخراج میں 66 فیصد اور نائٹروجن آکسائیڈ کے اخراج میں 22 فیصد تک کمی لاسکتا ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 25 جنوری، صفحہ 8)

26 فروری: جرمن پارلیمنٹ نے ایک ماہرین کا کمیشن بنایا ہے جو حکومت کو سبز معیشت کے لیے دی جانے والی تمام مراعات کے خاتمے کی سفارش کرے گا۔ یورپ کی معیشت نیوکلیئر اور فوسل فیول سے، شمسی اور ہوائی توانائی کی معیشت کی طرف منتقل ہو رہی ہے لیکن اس کے لیے 20 بلین یوروز کی مراعات کا بوجھ بجلی استعمال کرنے والوں کو ہر سال برداشت کرنا پڑتا ہے جسے اب ختم کیا جائے گا۔ (ڈان، 27 فروری، صفحہ 12)

8 اپریل: متبادل توانائی میں سرمایہ کاری کے 2014 کے رجحانات کے مطابق عالمی سطح پر بجلی کی پیداوار میں اس کا حصہ تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ 2013 میں 14 فیصد کمی کے باوجود اس میں 214.4 بلین ڈالرز کی سرمایہ کاری ہوئی تھی۔ (دی نیوز، 9 اپریل، صفحہ 15)

22 اپریل: ایک مضمون کے مطابق 2020 تک یورپی یونین کے 28 ممالک اپنی 20 فیصد توانائی متبادل ذرائع سے حاصل کریں گے جبکہ امریکہ میں نو فیصد توانائی ان ذرائع سے حاصل ہوگی۔ (مارک اسکوٹ (Mark Scott)، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 22 اپریل، صفحہ 10)

- بائیو فیول

22 اپریل: ایک مضمون میں موسمی تبدیلی کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ عالمی حدت کے لیے مکئی کے پودوں کے کچرے سے حاصل بایو فیول تیل اور گیس سے زیادہ خراب ہے۔ یہ تھوڑی مدت میں سات فیصد زیادہ گرین ہاؤس گیسز خارج کرتا ہے۔ (ڈینا کیپائیلو (Dina Cappiello)، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 22 اپریل، صفحہ 14)

- شمسی توانائی

4 جنوری: چین نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ زیادہ پیداوار حاصل کر کے اور قیمتوں میں کمی کر کے اپنی شمسی توانائی کی صنعت کو از سر نو بحال کرے گا اور وزارت صنعت کے مطابق شمسی توانائی کی صنعت کی ترقی کے لیے

کیے گئے اقدامات کو فروغ دیتے ہوئے 2015 تک پیداوار 35 گیگاواٹ تک بڑھائے گا۔ (ڈان، 5 جنوری، صفحہ 12)

6 جنوری: اسپین کی حکومت نے نئے قانون کے ذریعے شمسی توانائی پیدا کرنے والے چھوٹے سرمایہ کاروں کے لیے فی کلو واٹ قیمت فروخت میں کمی کردی جس سے سرمایہ کاروں کی آمدنی میں تیس سے پچاس فیصد کمی ہوگئی ہے۔ حکومت کا مزید منصوبہ ہے کہ شمسی توانائی بنانے اور اس کا استعمال کرنے والوں پر ٹیکس لگائے جسے مشتعل عوام سن (سورج) ٹیکس (Sun Tax) کا نام دے رہے ہیں۔ اسپین کی حکومت نے 2007 میں ایک قانون پاس کیا تھا جس کے تحت شمسی توانائی کے پرکشش ریٹ متعارف کرائے گئے تھے جس کی اگلی پچیس سالوں کے لیے ضمانت دی گئی تھی۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 7 جنوری، صفحہ 16)

11 فروری: امریکہ نے کہا ہے کہ وہ بھارت میں شمسی توانائی کو فروغ دینے میں مقامی ٹیکنالوجی استعمال کرنے کے معاملے کو ڈبلیو ٹی او میں لے جائے گا۔ بھارت میں مقامی ٹیکنالوجی کے استعمال کو امریکہ کی شمسی توانائی کی مصنوعات بنانے والے امتیازی سلوک سمجھتے ہیں۔ بھارت کے تجارتی سیکرٹری نے کہا کہ ان کے ملک نے بھی امریکہ کے خلاف ڈبلیوٹی او سے شکایات کی ہیں۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، ،12 فروری، صفحہ 8)

14 فروری: ایک مضمون کے مطابق امریکی ریاست کیلی فورنیا میں آئیو نپاح (Ivanpah) شمسی توانائی پلانٹ پانچ مربع میل تک کے صحرا میں پھیلا ہوا ہے۔ جس سے 140,000 گھروں کو بجلی فراہم کی جائیگی۔ پلانٹ کا سرکاری طور پر افتتاح 13 فروری کو ہوا۔ یہ ملک کا پہلا اپنی قسم کا سولر پلانٹ ہے لیکن یہ آخری بھی ہوسکتا ہے کیونکہ ٹیکنالوجی میں مقابلے کی وجہ سے اس کی قیمت گرا دی گئی ہے اور اس کے لگانے میں مراعات کا خاتمہ کردیا گیا ہے۔ اس لیے سرمایہ کار سولر فارمز میں عدم دلچسپی کا مظاہرہ کررہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 15 فروری، صفحہ 11)

16 فروری: ایک مضمون کے مطابق امریکہ کے انٹرنیشنل ٹریڈ کمیشن (ITC) نے یہ سمجھتے ہوئے کہ شمسی توانائی کی مقامی صنعت کو چین سے خطرہ ہوسکتا ہے، ایسے اقدامات کرنے شروع کر دیے ہیں جن کے بعد چین کی سولر انرجی کی مصنوعات جس میں سولر پینلز بھی شامل ہیں پر درآمدی ڈیوٹی لگائی جاسکے گی۔ (دی نیوز، 16 فروری، صفحہ 17)

- ہوائی توانائی

23 جنوری: امریکہ میں ونڈ فارم بنانے والی بین الاقوامی کمپنی امریکیوں کے بجائے یورپی صنعت کاروں کو کاروبار دے رہی ہے۔ مقامی کمپنی ونڈ فارم کے لیے معاون بنیادی ڈھانچہ بنانے کی بولی بھی جرمن کمپنی سے ہار گئی۔ امریکی کمپنیوں کا کہنا ہے کہ ہم پریشان ہیں کہ یہ تمام سرمایہ ملک سے باہر جارہا ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 24 جنوری، صفحہ 1)

## x۔ قدرتی بحران

### طوفان / برفباری

8 جنوری: شدید طوفان نے برطانیہ کی ساحلی پٹی پر کئی تاریخی مقامات کو تباہ کردیا۔ برطانیہ کے اکثر علاقے بارشوں کی وجہ سے سیلاب سے دوچار ہیں اور کئی لوگ طوفان سے ہلاک ہوئے ہیں۔ (دی نیوز، 9 جنوری، صفحہ 11)

12 فروری: امریکہ میں مشرقی ٹیکسیس (Texas) سے شمالی اور جنوبی کیرولینا تک تباہ کن طوفان اور بھاری برف باری نے آمد و رفت کو معطل اور بجلی کے نظام کو درہم برہم کردیا جو شاید ایک ہفتے تک بحال ہو پائے۔ اٹلانٹا میں طوفان کی وجہ سے 69 فیصد پروازیں منسوخ ہوچکی ہیں۔ ان موسمی حالات کا امریکہ کی مڈاٹلانٹک ریاستوں تک پھیلنے کا خطرہ ہے۔ (دی نیوز، 13 فروری، صفحہ 11)

18 فروری: امریکہ کا شمال مشرقی علاقہ ایک بار پھر بھاری برف باری کی لپیٹ میں آ گیا جس کی وجہ سے کیپ کوڈ (Cape Code) میں ہزاروں افراد بجلی سے محروم ہو گئے۔ (دی نیوز،19 فروری،صفحہ10)

19 مارچ: مغربی بھارت میں شدید ژالہ باری اور طوفان کی وجہ سے لاکھوں ڈالرز مالیت کی فصلیں تباہ ہوگئیں جس کی وجہ سے کسانوں کی ایک بڑی تعداد نے خودکشی کی کوشش کی۔ سرکاری طور پر سات کسانوں کی خودکشی کی تصدیق کی گئی ہے جبکہ زیادہ ہلاکتیں طوفان کی وجہ سے ہوئیں لیکن حزب اختلاف اور سرگرم کارکنوں کے مطابق اصل تعداد بہت زیادہ ہے۔ (ڈان،20 مارچ،صفحہ14)

## سیلاب

29 اپریل: بھارت کی ماحول اور جنگلات کی وزارت کے 11 ماہرین کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پن بجلی کے پلانٹس کی وجہ سے دریاؤں میں باریک مٹی (silt) کی مقدار بہت بڑھ گئی ہے۔ اس مسئلے سے مناسب طریقے سے نہ نمٹنے کی وجہ سے پچھلے سال اترا کھنڈ میں تباہ کن سیلاب آیا تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون،30 اپریل،صفحہ8)

## جنگلی آگ

13 اپریل: آگ سے چلی (Chile) میں کم از کم 11 افراد ہلاک اور 500 مکانات تباہ ہوگئے۔ تیز ہوا کی وجہ سے جنگل میں لگنے والی آگ نے 1,729 ایکڑ کے جنگلات اور ساحلی شہری آبادی کے کچھ حصوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ (ڈان،14 اپریل،صفحہ12)

## قحط

4 اپریل: جنوبی سوڈان کو اقوام متحدہ کے مطابق 60 دنوں کے اندر 230 ملین ڈالرز کی ضرورت ہے ورنہ یہ علاقہ افریقہ میں ایتھوپیا کے 1980 کے قحط اور بھوک جیسی صورتحال سے دوچار ہوسکتا ہے۔ اس وقت

جنوبی سوڈان میں 3.7 ملین لوگ شدید بھوک کے خطرے میں ہیں۔ وہاں کھانا، پانی، بیج اور زرعی اوزار کی سخت ضرورت ہے تا کہ کسان مئی کے آخر سے پہلے بوائی کر کے اپنی غذا کا بندوبست کر سکیں۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 5 اپریل، صفحہ 6)

## خشک سالی

22 اپریل: ایک مضمون کے مطابق وسطی کیلی فورنیا کی وادی جو امریکہ میں تازہ پھلوں، سبزیوں اور خشک میوؤں کے حوالے سے جانی جاتی تھی پچھلے تین سال سے خشک سالی میں مبتلا ہے۔ پانی کی کمی کی وجہ سے 800,000 ایکڑ یا صوبے کی سات فیصد زرعی زمین پر فصل نہیں لگائی جا سکے گی۔ کیلی فورنیا کی کپاس کی پیداوار میں اس سال 35 فیصد اور چاول کی پیداوار میں 20 فیصد کمی کا خطرہ ہے۔ (اسٹیفنی اسٹروم، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 22 اپریل، صفحہ 14)

# XI۔ مزاحمت

## مراعات

12 فروری: تھائی لینڈ کی وزیراعظم ینگلک شیناواترا (Yingluck Shinawatra) نے 2011 کے الیکشن کسانوں کو بھاری زرتلافی دینے کے وعدے پر جیتے تھے جس کے تحت کسانوں سے منڈی کی قیمت سے 50 فیصد زیادہ پر چاول خریدا جاتا رہا۔ اس پروگرام کی وجہ سے بڑے پیمانے پر بدعنوانی، سرکاری پیسے کا زیاں اور دنیا کے سب سے بڑے چاول برآمد کرنے والے ملک کی برآمد بری طرح سے متاثر ہوئی اور ملک میں 18 ملین ٹن چاول کا ذخیرہ جمع ہو گیا۔ حکومت اب ملک بھر کے ایک ملین کسانوں کو 3.6 بلین ڈالرز دینے کے بجائے صرف 3,900 کسانوں کو 22 ملین ڈالرز دینے کو تیار ہے وہ بھی اگر الیکشن کمیشن اس کی اجازت دے۔ حالیہ الیکشن کے بعد وزیراعظم کو عوامی مزاحمت کا سامنا ہے، کسانوں نے بھی دھمکی دی ہے کہ اگر انھیں ادائیگی نہ کی گئی تو وہ بھی وزیراعظم کے خلاف جاری مزاحمت کا حصہ بن جائینگے۔ (ڈان، 13 فروری، صفحہ 15)

## تابکاری

9 مارچ: ٹوکیو میں پارلیمنٹ کے باہر ہزاروں افراد نے فوکوشیما ایٹمی حادثے کے تین سال پورے ہونے پر ایٹمی توانائی کے حصول کے خلاف مظاہرہ کیا۔ (دی نیوز،10 مارچ،صفحہ10)

# روٹس فار ایکوٹی کا تعارف

روٹس فار ایکوٹی استحصال کا شکار اور پسماندہ آبادیوں کے مسائل کو سامنے لانے میں سرگرداں ہے۔ ان شہری اور دیہی علاقوں میں بسنے والی مذہبی اقلیتیں، عورتیں اور بچے بھی شامل ہیں۔ ان مسائل کے حل کے لیے روٹس ایسی راہ ہموار کرنے پر یقین رکھتی ہے، جس سے آبادیاں اپنے معاشی، سماجی، اور سیاسی حقوق کو سمجھتے ہوئے بین الاقوامی انسانی حقوق کے معاہدوں کے مطابق بہتر معیار کا مطالبہ کرسکیں۔

روٹس فار ایکوٹی نے ابتداء ہی سے اپنی توجہ اسٹرکچرل ایڈجسٹمنٹ پروگرام، ڈبلیوٹی او اور دوسرے آزاد منڈی کے نیولبرل معاہدوں سے دیہی آبادیوں پر مرتب ہونے والے اثرات کو سمجھنے میں کوشاں ہے۔ اس پس منظر میں ادارہ بنیادی طور پر تین سطحوں پر کام کرتا ہے۔

1۔ عالمگیریت کے اثرات اور مسائل پر عملی تحقیق۔
2۔ مقامی، قومی اور عالمی سطح پر باشعور مزاحمت کے لیے مختلف طرح کے لائحہ عمل مثلاً تحقیق، تصانیف اور بین الاقوامی رابطہ کاری سے مقامی آبادیوں کو متحرک کرنا اور اس کے ذریعے مزاحمت کو بڑھانا۔
3۔ وہ آبادیاں جو جاگیردارانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کے معاشی، سیاسی اور سماجی تلخیاں جھیل رہی ہیں ان کو براہ راست مدد فراہم کرنا۔

ان تین طریقوں سے کام کرتے ہوئے روٹس فار ایکوٹی نے کامیابی کے ساتھ مقامی آبادیوں کے ساتھ صحت مندانہ روابط قائم کیے ہیں۔

پاکستان میں تبدیلی کے لیے سب سے ضروری بات یہ ہے کہ ملک کی معاشی و معاشرتی ترقی عوام کے گرد ہو۔ یہ بنیادی تبدیلی آبادیوں کو متحرک کیے بغیر ممکن نہیں۔ روٹس فار ایکوٹی یہ پختہ یقین رکھتی ہے کہ سماجی شعور اور سیاسی طور پر بیدار آبادیاں ہی اپنے لیے سماجی اور معاشی انصاف حاصل کرسکتی ہیں۔ روٹس مقامی آبادیوں کے ساتھ مل کر سیاسی، معاشرتی اور معاشی انصاف کی جدوجہد پر پختہ یقین رکھتی ہے۔

اشاعت: روٹس فار ایکوٹی

تعاون: میزریور